کتاب الحب

عملیاتِ عشق و محبت

حضرت میاں محمد اعظم مہاروی نظر ثانی سیّد ارتضیٰ علی کرمانی

K 01-04-2010

بسم اللہ الرحمن الرحیم

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ
اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ
وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا شَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ

کتاب الحب

عملیاتِ عشق و محبت

تالیف

پیر فقیر حضرت میاں محمد اعظم مہاروی

بفیضانِ نظر ... پیر سید ارتضیٰ علی کرمانی

عظیم اینڈ سنز پبلشرز

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور۔ فون: 7231806

K 01-04-2010

جملہ حقوق محفوظ

حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری نے صابر پرنٹرز
سے طبع کرواکر فروری 2004ء بمطابق
محرم 1425ھ میں شائع کی۔

انتساب بنام

پیر محمد امین ساجد (مدظلہ، العالیہ)

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مَحَبَّةً مِنِّیْ

وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ

(سورہ طٰہٰ آیت نمبر ۳۹)

حرف ابتدا

عنوان	صفحہ نمبر	عنوان	صفحہ نمبر
عرض ناشر	15	نقش متمن بھرنے کا قاعدہ	33
گذارش	17	نقش متسع کے بھرنے کا قاعدہ	34
اصول نقش	21	قاعدہ نقش معشر بھرنے کا	35
نام کے اعداد نکالنے کا اصول	21	عملیاتِ محبت	
نقش مربع کا قواعد	24	عمل برائے حُب	37
پہلا قاعدہ	25	محبت میں بے قرار کرنے کیلئے	38
دوسرا قاعدہ	25	حب سے مجرب عمل	38
تیسرا قاعدہ	26	شقاوت قلبی کا خاتمہ	39
چوتھا قاعدہ	27	حکمران کا دل نرم ہو	40
پانچواں قاعدہ	28	تسخیر قلوب کے لئے	40
چھٹا قاعدہ	29	محبت میں یقینی کامیابی	40
ساتواں قاعدہ	29	برائے حب	42
آٹھواں قاعدہ	30	معاشرہ میں رتبہ اور وقار بڑھ جائے	44
نواں قاعدہ	30	برائے الفت ومحبت	45
دسواں قاعدہ	31	لاتعداد خصوصیات کا حامل عمل	47
نقش مبع پر کرنے کا قاعدہ	32	برائے محبت دائمی	48

زوجین میں محبت کے لئے	49	برائے تسخیر و حب	64
اپنے عشق میں بے قرار کرنے	50	ہر شخص صحت کے ساتھ پیش آئے	65
سنگدل محبوب کو مطیع کرنے	50	لوگوں میں تکریم حاصل ہو	66
محبت اور باہمی سلوک کیلئے	51	برائے حب مجرب عمل	66
عمل خاص برائے حب	52	محبت کیلئے مختصر مگر زبردست عمل	67
حب کا نہایت مجرب عمل	53	محبت میں کامیابی	67
پر اثر وظیفہ برائے حب	54	محبت میں کامیابی	67
محبتِ زوجین قائم کرنے کیلئے	55	عمل برائے محبت	68
کسی کو اپنے عشق میں مبتلا	55	محبت کی تسبیح	68
کسی کا دل تسخیر کرنے کیلئے	56	تعویز الحب	69
محبوب کو سفر سے روکنے کیلئے	57	عمل خاص الخاص برائے محبت	70
عشق میں گرفتار کرنے کیلئے	57	عمل محبت	71
عمل مجرب برائے حب	58	حب النقوش از نقش	72
ترکیب دعوت بسم اللہ شریف	59	محبت کا عمل	73
محبت میں کامیابی حاصل ہو	59	نقش برائے تسخیر	74
نفرت کا خاتمہ کرنے کے لئے	60	محبوب خود مطلوب بن جائے	74
محبت و زوجین کیلئے مجرب نقش	60	عمل دیگر برائے محبت	76
خاوند کی بدکلامی رک جائے	61	عمل برائے حُب	77
محبوب کو بے قرار کرنے کیلئے	61	تسخیر محبوبہ کے لئے	78
محبوب زوجین کیلئے زوجین نقش	62	باہمی محبت کے لئے	79
نقوش برائے حب	63	عمل سہ تکسیری	80

تکسیر حب	80	برائے بے حد محبت	100
حب دلبری	82	برائے حب	101
برائے حب	83	برائے حب	102
شدید حب	85	برائے حب	102
محبت کا عمل	85	محبوب کی صورت کو حاضر	102
برائے الفت ومحبت	86	محبت کا عمل	103
محبت کا مجرب عمل	87	عملیات برائے حب	
مجرب عمل حب	88	1 تا 100	104 تا 177
برائے حب	88	متفرق عملیات	
حب کے لئے	89	سفر کا اختتام بخیر ہو	178
برائے حب	89	نظر بد سے بچاؤ	178
عمل حب	91	محبوب کی صورت دیکھنے کیلئے	179
حب کے لئے	91	خاوند مطیع ہوجائے	179
عمل حب	94	مطلوب خود بخود حاضر ہو	180
برائے حب	95	زوجین کی محبت والفت کیلئے	181
حب کا مجرب عمل	96	زوجین کی باہمی اتفاق دور ہو	182
تسخیر محبوب کا ایک مجرب عمل	96	سنگدل اور مغرور معشوق عاشق بنا	183
برائے محبت	97	زوجین میں موافقت کے لئے	184
واسطے محبت کے	98	عورت اگر فرار ہوجائے	184
محبت کے واسطے	99	مفرور عورت کے لئے	186
محبت کے لئے	99	عمل عجیب برائے مہربانی	187

K 01-04-2010

محبت کے لئے اکیسری تعویز	187	زوجین میں محبت	205
تعویز الحب	189	برائے حب	206
خاوند کو تابع کرنا	190	میاں بیوی میں محبت	206
خاوندنفرت نہ کرے	190	حب کے لئے	207
خاوند مطیع ہوجائے	191	میاں بیوی کے درمیان ناچاقی	208
دولہا دلہن میں محبت	191	واسطے محبت زن وشوہر کے	209
سوکنوں کی لڑائی نہ ہو	192	واسطے محبت کے لئے	209
میاں بیوی میں دلی محبت ہو	193	واسطے محبت زن وشوہر	210
خاوند کبھی ناراض نہ ہو	193	حب مابعین میاں بیوی	210
محبتِ زوجین	194	میاں بیوی میں محبت ویگانگت	212
خاوند محبت سے پیش آوے	194	برائے حب خاوند، بیوی	214
خاوند کے دل میں محبت پیدا کرنا	195	حب برائے میاں بیوی	215
خاوند کھینچا چلا آئے	196	میاں بیوی میں زائد محبت کیلئے	215
خاوند بروقت مطیع رہے	197	عمل ناخونہ	216
ناراض شوہر کو منانے کے لئے	197	میاں بیوی میں محبت کیلئے	216
برائے محبت وشوہر، بیوی	199	تعویز الحب	217
دوسرے کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا	199	تعویز الحب	217
محبت زوجین کے لئے	201	تعویز الحب	219
میاں بیوی میں محبت کے لئے	202	تعویز الحب	219
خاوند کی محبت حاصل ہونا	203	تعویز الحب	220
زوجین میں محبت	204	تعویز الحب	221

تعویز الحب	222	عمل تسخیر ومحبت	237
تعویز الحب	223	محبت کا بے نظیر عمل	238
تعویز الحب	224	عمل برائے تسخیر ومحبت	240
تعویز الحب	224	حب کے لئے	241
تعویز الحب	225	میاں بیوی میں موافقت	242
واسطے محبت کے	225	نقش معظم	243
واسطے زیادتی محبت مرد اور عورت	226	عملیات عشق ومحبت	
زن شوہر کی نااتفاقی دور کرنا	226	ہر خواہش پوری ہو	246
باہمی محبت زوجین	227	مجرب عمل پوری ہو	247
برائے محبت عمل عجیب	227	مطیع وفرمانبردار کرنے کیلئے	248
برائے محبت زن وشوہر	228	نیک بیوی حاصل ہو	248
میاں بیوی میں محبت	229	تسخیر خلائق کے لئے	249
باہمی الفت ومحبت کے لئے	230	محبوب مطیع ہو	249
اتفاق زن وشوہر	231	محبوب بے قرار ہو	250
برائے محبت زن وشوہر	232	محبوب خود بخود حاضر ہوجائے	250
محبت کا بے نظیر عمل	233	محبوب تابع ہو	251
محبت کا مجرب عمل	233	محبوب گرویدہ ہوجائے	252
برائے محبت زوجین	234	خاوند عاشق ہو جائے	253
محبت میں دیوانہ بنانے کا عمل	235	خاوند بیوی پر مرمٹے	253
محبت کا عجیب عمل	236	دشمن عاشق ہوجائے	254
اتفاق زن وشوہر کا مجرب عمل	237	دشمن عاشق ہو جائے	254

K 01-04-2010

محبوب عاشق ہو کر حاضر ہو	255	محبت الٰہی کے لئے	278
محبت اور اپنی محبوبہ کی تسخیر کیلئے	257	محبت بڑھانے کا عمل	279
دشمنی ختم کرنے کے لئے	257	حب رسول اللہ ﷺ	280
عورت یا مرد کو مطیع کرنا	258	تسخیر خلائق	281
تسخیر کیلئے بیحد مجرب عمل	259	تسخیر خلائق کا مجرب نسخہ	282
برا قرار محبوب	260	حب کے لیے سریع التاثیر عمل	284
محبوب کو مطیع کرنے کے لئے	262	دشمن دوست بنے	284
برائے مطیع محبوب	263	تسخیر الخلائق کا مجرب عمل	286
عطر محبت	264	دو خاندانوں میں صلح کروانا	287
دعائے محبت	264	گھر میں سلوک اور اتفاق کیلئے	288
تسخیر محبوب کیلئے ایک اور موثر عمل	265	طلسم محبت	289
تسخیر محبوبہ کیلئے ایک لاجواب عمل	265	زیادتی محبت کے لئے	290
دُعائے عقد المحبت	266	سلامتی دولہا اور دلہن	291
ناراض شوہر کیلئے ایک مجرب عمل	269	کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنا	291
محبت کے لئے	270	محبوب مطیع ہونے کے لئے	292
تسخیر حاکم کا عمل	270	بے پناہ فوائد کے لیے	293
دل پسند شادی کے لئے	271	گنڈہ برائے الفت و تسخیر	295
برائے حب الٰہی	272	تسخیر محبوب	297
تسخیر حکام	275	مابین محبت کے لئے عورت، مرد	297
برائے حب	277	حب کی الائچیاں	298
واسطے حاضر کرنے مطلوب	277	عمل حب میں طلسم کشش	298

حب سہ روزہ	299	انوار حب	305
حب کی بتی	299	محبت کی روٹی	306
ثمر حب	300	محبت کے پھول	306
موئے محبت	301	نقش دوسرے کو اپنی محبت میں	307
حب فلفلی	302	تسخیر کا بے نظیر مجرب نقش	308
فلیتہ محبت	302	محبت کی تسبیح	309
حب فلفلی	302	مواصلات محبوب کے لئے	310
فلیتہ محبت	302	دائمی محبت کے لئے	313
نقش حب یقینی	302	حب کا ایک پراسرار عمل	314
حب کی تکسیری	303	سچی محبت کے لئے	314
حب کا عمل سفلی	304	نقش محبت	316
حب جفری	305	باہمی نفرت کو محبت میں بدلنا	319

K 01-04-2010

لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَّسُوْل" مِّنْ
اَنْفُسِكُمْ عَزِيْز" عَلَيْهِ مَا
عَنِتُّمْ حَرِيْص" عَلَيْكُمْ
بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْف"
رَّحِيْم"

(سورہ التوبہ ۱۲۸)

عرض ناشر

عزیزی قارئینِ کرام۔

وظائف وعملیات کو انہی نوعیت کی ایک منفرد و مستند کتاب آپ کی خدمتِ عالیہ میں پیش خدمت ہے ایک عرصہ سے مجھے یہ کتاب ضروری دکھائی دے رہی تھی مگر اس کی تیاری ممکن نہیں ہو پارہی تھی کئی برسوں کی محنت شاقہ کے بعد پیر محترم میاں صاحب اس کتاب کو مکمل کرنے میں کامیاب ہوگئے تو مجھے بھی قدرے سکون حاصل ہوا۔

وظائف وعملیات پر مبنی یوں تو سینکڑوں کتابیں آپ کو مارکیٹ سے باآسانی دستیاب ہوجائیں گی مگر یہ کتاب ان تمام کتابوں کے ذخیرہ سے بے نیاز ہوگی کیونکہ جو اعمال اور وظائف آپ متعدد کتابوں سے حاصل کریں گے وہ آپ کو ہماری صرف اس کتاب سے حاصل ہوجائیں گے۔

یہ ہماری پہلی کاوش ہے آئندہ ہم انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اسی نوعیت کی دیگر کتب بھی آپ کی خدمت میں پیش کریں گے۔

امید ہے کہ آپ ہماری حسبِ سابق ضرور حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔

آپ کی آراء کا طالب

حاجی محمد عظیم بٹ عظیمی قادری

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ یَامُنَزِّلَ
الۡوَحۡیِ مِنۡ فَوۡقِ سَبۡعَ سَمٰوٰتٍ
اَنۡ تَیَسِّرَلِیۡ مَااَنَا قَاصِدُہٗ وَطَالِبُہٗ
وَتُسَخِّرَلِیۡ خُدَّامَ الۡمَحَبَّۃَ
یُطِیۡعُوۡنِیۡ فِیۡ جَمِیۡعِ مَا اُرِیۡدُہٗ
اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡر"

گذارش

اعوذ باللّٰہ من الشیطٰن الرجیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

تمام تعریفوں کا مالک بلا شبہ اللہ تعالیٰ کریم غفور الرحیم ہے اسی کے قبضہ قدرت میں ہے جو کچھ بھی دکھائی دیتا ہے یا جو کچھ بھی ہماری نظروں سے پنہاں ہے وہ جسے چاہتا ہے بے حساب رزق عطا فرماتا ہے اور وہی ہے کہ جسے چاہتا ہے بے حساب علم عطا فرماتا ہے اس کی بے شمار عنایاتِ آیمانہ ہم پر ہیں انہی بے پاں عنایات میں سے ایک عنایت ہم پر اللہ تعالیٰ کریم حلیم وخبیر نے یہ فرمائی کہ ہمیں امتِ محمدیہ میں پیدا فرمایا۔

کروڑوں درود و سلام آقائے نامدار محمد مصطفیٰ ﷺ پر کہ جو ہماری شفاعت بروز محشر فرمائیں گے کہ جس روز ماں، بچوں کو نہیں لے جائے گی۔

زیرِ نظر کتاب ایک عجیب موضوع پر مبنی کتاب ہے اس کتاب کی ضرورت سالہا سال سے محسوس کی جارہی تھی۔ قبلہ حاجی محمد عظیم صاحب قادری نے حکم فرمایا کہ ایک ایسی کتاب ہونی چاہیئے کہ جس میں ایک ہی موضوع کے تمام تر اعمال، وظائف اور نقوش جمع کر دیئے جائیں آپ ہی کے قسم کی تعمیل

میں زیرِ نظر کتاب تحریر کی گئی ہے۔

کتاب کے مطالعہ سے قبل آپ کو چاہیئے کہ میری اس گذارش کو بھی ضرور ذہن میں رکھیں عرض ہے کہ وظائف دراصل ایک پابندی کا نام ہے جس طرح بندہ اعتکاف میں بیٹھ جاتا ہے اور دورانِ اعتکاف مکمل طور پر اس چیز سے پرہیز کرتا ہے جو نگاہ ہیں یا گناہوں کی طرف مائل کرتی ہیں ان وظائف وعملیات میں بھی بالکل یہی صورتِ حال ہوتی ہے۔

اعتکاف تو محض دس دنوں کا ہونا ہے مگر وظائف وعملیات وغیرہ میں یہ صورت حال نہیں ہوتی کیوکہ اس دوران آپ کو وظائف وعملیات زکات بعض اوقات 21, 40, 41 یا 7 روز تک پڑھ کر اور چلہ کشی رہ کر ادا کرنا ہوتی ہے اس دوران عامل کے فرائض ہی بذات شامل ہوتی ہے کہ وہ اپنے وظائف بھی ادا کرے بعداز نماز پنجگانہ بھی عمدگی سے ادا کرے کیونکہ نماز کا حساب ضرور ہونا ہے جبکہ وظائف کا حساب نہیں ہوگا۔

وظائف وعملیات کی ادائیگی کے دوران عامل کو ہر طرح کی احتیاط کرنا چاہیئے وگرنہ نقصان کا بھی احتمال ہوسکتا ہے آشر اوقات یہ دیکھا گیا ہے کہ لوگ کتابوں ہی سے وظیفہ پڑھ کر اسے ادا کرنا شروع کر دیتے ہیں یہ بات غلط ہے کیونکہ بزرگوں کا ارشاد ہے کہ کلام اللہ شریف کے ہر حرف کا ایک مؤکل ہوتا ہے جب کوئی شخص کوئی آیت شریف یا کوئی وظیفہ پڑھتا ہے تو ضرور موکل حاضر ہوتا ہے اب ان لوگوں کو تو یہ علم نہیں ہوتا کہ موکل کب آتا ہے اور اگر آجائے تو اس سے کام کس طرح لینا ہے چنانچہ یہ ضروری ہے کہ کسی قابل استاد سے راہنمائی حاصل کی جائے چھپ چھپ کر پڑھنے سے الٹا نقصان ہی ہوتا ہے اگر اللہ پاک توفیق دے تو کسی نیک شخص کی بیعت کرنا بہت درست قدم ہوتا ہے۔

اکثر اوقات یوں بھی ہوتا ہے کہ عمل کرنے والا اپنا ذھنی توازن ہی

کھو بیٹھتا ہے وجہ یہی ہے کہ یہ لوگ بغیر کسی استاد کے عملیات کرتے ہیں موکل تو ضرور حاضر ہوتے ہیں مگر ان کو یہ معلوم نہیں ہوتا کہ ان سے بات کیسے کرنا ہے یہ اسی سے بے نیاز ہو کر عمل جاری رکھتے ہیں جس کا اثر الٹا ہوجاتا ہے اور یہ دیوانہ ہوجاتے ہیں۔

عزیزانِ گرامی ان کے اسی حال میں ہونے کی کئی زیادہ وجوہات ہوتی ہیں جن ہی سے مرشد کامل کا ان پر ہاتھ نہ ہونا یا مرشد کامل کی بعیت نہ کرنا، فرائض وآدابِ غسل اور وضو سے ناواقفیت، اعمال کی آزمائش، رزق حلال وحرام میں تمیز نہ ہونا، اسرارِ مخفی سے کماحقہ واقفیت نہ ہونا، اعمال کی ادائیگی کے لئے مناسب جگہ نہ ہونا، بزرگانِ دین کا نافرمان ہونا، شرعی امور سے ناواقف ہونا، سلسلہ تصوف ہی سے کسی سے تعلق نہ ہونا، جو راز خوابوں میں ویسے ہی دکھائی دینا وہ اپنی بڑائی کی خاطر دوستوں کو قبلہ نام کسی استاد کی راہنمائی نہ ہونا شامل ہیں۔

یہ بھی آشر ہوا ہے کہ کسی نے کوئی عمل شروع کر دیا اس کو خواب میں کوئی غیر معمولی بات معلوم ہوئی تو اس نے اس کی یا تو دھوم ہی مچا دی پھر ہونا یوں ہے کہ وہ شخص ساری زندگی ترستا ہی رہ جاتا ہے کہ اسے کبھی معلوم ہو مگر اسے کجا نہ تو خواب دکھائی دیتا ہے اور نہ ہی اسے کبھی معلوم ہو پاتا ہے اس لئے اسے چاہیئے کہ پوری طرح احتیاط کرے یہ دراصل بھید ہوتے ہیں ان بھیدوں کو طشت ازبام کرنا عامل کے لئے کسی بھی طرح مناسب نہیں ہوتا۔

میری آپ لوگوں سے استدعا ہے کہ آپ وظائف واعمال و چلے ضرور کریں مگر ان کے پوری طرح اہل ہونے کے بعد۔

اگر آپ کسی کے بیعت نہیں ہیں تو بیعت ضرور کیجئے اور اپنی پوری طرح تسلی کرنے کے بعد آپ کو کسی کا بیعت ہونا چاہیئے اسی طرح آپ کو اپنا مطالعہ بھی وسیع آنا چاہیئے تاکہ آپ کو ہر قسم کی معلومات حاصل ہوں۔

ایک عامل کے لئے ضروری ہے کہ اسے یہ علم ہو کہ اسے ان سے وظیفہ، عمل یا چلہ کے دوران کون سا لباس، طعام یا مشروب استعمال کرنا چاہیئے اسی طرح عامل کو یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے کہ موکل کی حاضری کے وقت اسے کیا کرنا چاہیئے ان سب باتوں کی واقفیت کے بعد ہی چاہیئے کہ اعمال، وظائف اور چلوں کے بارے میں سوچا جائے۔

یہی گذشتہ سطور میں کئی ایک جگہ مرشدِ کامل کی بیعت یا کسی استاد سے راہنمائی کے لئے تحریر کیا ہے وجہ صرف یہی ہے کہ مرشد یا استاد آپ کو ان چیزوں سے آگاہ کریں گے جن سے آپ واقف نہیں ہیں مگر وہ ان ادوار سے گزر چکے ہیں چنانچہ ان کی راہنمائی ازحد ضروری ہے۔

فقیر نے اس کتاب کی تالیف کے سلسلہ میں متعدد وکتب سے راہنمائی حاصل کی ہے جبکہ چند ایک وظائف وعملیات ہمارے اپنے خاندانی ہیں اپنی طرف سے توہر ممکن کوشش کی ہے کہ کسی بھی قسم کی غلطی نہ رہے مگر ان کے باوجود اگر کوئی غلطی رہ گئی ہو تو ہمیں مطلع فرما کر اپنا ذہنی واخلاقی فرض پورا فرمائیں بندہ ازحد مشکور ہوگا۔

میں اس کتاب کے سلسلہ میں پیر سید ارتضٰی علی کرمانی قبلہ سید عبدالرحمان شاہ گیلانی، قبلہ صوفی محمد لطیف چشتی قادری نقش بندی اور قبلہ حضرت حاجی محمد عظیم بٹ قادری کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں۔

خیر اندیش

پیر فقیر میاں محمد اعظم مہاروی

سجادہ نشین آستانہ عالیہ پیر

صدر الدین مہاروی مہار

شریف دیپالپور

اصول نقش

نام کے اعداد نکالنے کا اصول

اس کتاب میں جگہ، جگہ نام مطلوب بمعہ مادر کے اعداد کا جملہ درج یاد رکھئے عملیات میں نام طالب و مطلوب معہ مادر کی لازمی ضرورت ہوتی ہے بغیر اس کے عمل مکمل نہیں ہوتا، اس لیے اس طریقے کو اچھی طرح ذہن نشین کر لیجئے تاکہ عمل کے لیے کسی غلطی کا امکان نہ ہو۔

ا	ب پ	ج چ	وڈ	ہ	و	زژ	ح	ط	ی	ک گ	ل	م	ن
ا	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۲۰	۳۰	۴۰	۵۰
ں	ع	ف	ص	ق	رڑ	ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ
۱۶۰	۷۰	۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰	۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰	۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

ان کو اس طرح یاد کر لیجئے۔

ابجد

ھوز

حطی

کلمن

سعفص

قرشت

ثخذ

منطغ

چونکہ علم الاعداد میں ہم عربی نظام کا اولیت دیتے ہیں اس لیے اب ڈ ژ ڑ گ وغیرہ کے اعداد ظاہر کرنے کے لیے خاکے بنادیئے گئے ہیں تاکہ آپ الجھن کا شکار نہ ہوں۔

یہاں پر اس چیز کا خیال رکھنا بھی بہت ضروری ہے کہ جو حرف لکھنے میں آتے ہیں، ان کے ہی اعداد لیے جائیں گے جو بولنے میں آتے ہیں مگر لکھنے میں نہیں، ان کے اعداد نہیں لیے جائیں گے۔

مثال	طالب	احمد علی بن زینب
	مطلوب	نہیدہ بنت رانی
طریقہ	۴۴۰۸۱	۲۵۰۱۰۷
	۵۳	۶۹
	ح م ی د ہ	ر ان ی
	۵۳۱۰۴۰۸	۱۰۵۰۱۲۰۰
	۶۷	۲۶۱

کل مجموعہ ۴۵۰ = ۶۷ + ۲۶۱ + ۶۹ + ۵۳

ناموں کے اعداد درمیان بن یا بنت کے اعداد نہیں لیے جاتے البتہ جب تعویز یا نقش کے نیچے عزیمت یا دُعا لکھی جاتی ہے تو اس میں عورتوں کے لیے جنت اور مردوں کے لیے بن لکھا جانا ضروری ہے۔

اگر احمد محبت کے لیے کوئی عمل پڑھنا چاہتا ہے تو وہ عمل ۴۵۰ مرتبہ پڑھے گا۔

نوٹ:۔

یہ اصول اس جگہ کام کرے گا جہاں وظیفے یا پڑھائی کی تعداد مقرر نہ ہو اگر وہاں کوئی مقدار مقرر ہے تو اس کو ہی اولیت دی جائے گی۔

ستاروں کے آپس میں تعلقات

کوکب	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
دوست	عطارد زہرہ	شمس قمر	شمس قمر	مریخ قمر	عطارد زحل	شمس زہرہ	عطارد شمس
		مریخ	مشتری	مشتری			
برابر	مشتری	زحل	زحل	عطارد	مریخ مشتری	مریخ مشتری	مریخ مشتری
						زحل	زحل زہرہ
دشمن	شمس قمر مریخ	عطارد زہرہ	عطارد	زحل زہرہ	شمس قمر	قمر	----

شرف واستقامت برائے ستارگان

تمام ستارے گردش کرتے ہوئے جب مختلف درجوں سے گزرتے ہیں تو وہ کسی مقام پر انتہائی سعد ثابت ہوتے ہیں اور بعض مقامات پر انتہائی برے اثرات ظاہر کرتے ہیں اس لیے خیال رکھنا چاہیئے کہ اعمال محبت ایسے اوقات میں کریں جب ستارہ مطلوب و طالب اپنے اچھے مقام پر ہو، اس کی مزید تفصیل کسی بھی اچھی تقویم سے معلوم کی جاسکتی ہے۔

ستارہ	شرف		ہبوط		ستارہ	شرف		ہبوط	
	برج	درجہ	برج	درجہ		برج	درجہ	برج	درجہ
شمس	حمل	۱۹	میزان	۱۹	مشتری	سرطان	۱۵	جدی	۱۵
قمر	ثور	۳	عقرب	۳	زہرہ	حوت	۲۷	سنبلہ	۲۷
مریخ	جدی	۲۸	سرطان	۲۸	زحل	میزان	۲۱	حمل	۲۱
عطارد	سنبلہ	۱۵	حوت	۱۵	راس ذنب	جوزا	تمام بروج	قوس	تمام بروج
مریخ	جدی	۲۸	سرطان	۲۸	زحل	میزان	۲۱	حمل	۲۱
عطارد	سنبلہ	۱۵	حوت	۱۵	راس ذنب	جوزا	تمام بروج	قوس	تمام بروج

نقش مربع کے قواعد

نقش مربع کے دس قواعد کا بیان درج ذیل ہے اور اس کے بعد

مسدس، مسبع، مثمن وغیرہ کے نقوش بھرنے کا طریقہ درج کیا جائے گا۔

پہلا قاعدہ

جملہ اعداد سے ۱۶ طرح کریں اور بقیہ اعداد کے دو حصے برابر کریں اب مربع خانہ ایک سے آٹھ تک نظم طبع سے بھریں یعنی پہلے خانے میں ایک، دوسرے میں دو علیٰ ہذا القیاس آٹھویں خانہ میں آٹھ، اس کے بعد نویں خانہ میں اعداد مطروحہ مقسومہ بھر کر ہر ایک خانے میں ایک ایک عدد اضافہ کریں [illegible] اسم رحمٰن کے عدد دو سو اٹھانوے ہیں۔

طرح ۱۶ کے بعد دو سو بیاسی باقی رہے بعد تقسیم ۱۴۱ رہا تواعد و مطروحہ مقسومہ خانہ نہم میں ۱۴۱ رہے گا اور کسر کا قاعدہ وہی ہے جو مربع کے بیان میں گزرا ہے۔

نقش یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸	۱۴۳	۱۴۶	۱
۱۴۵	۲	۷	۱۴۴
۳	۱۴۸	۱۴۱	۶
۱۴۲	۵	۴	۱۴۷

دوسرا قائدہ

جملہ اعداد سے ۱۹ طرح کریں اور باقی کو تین سے تقسیم کریں پھر خانہ

اول سے خانہ چار تک نظم طبع کے ساتھ پر کریں اور پانچویں خانہ میں تیسرے حصہ سے پر کریں مثال یہ ہے کہ اسم جلالت اللہ کے عدد چھیاسٹھ ہیں ۹۱ طرح کے بعد ۴۷ باقی رہے تین سے تقسیم کرنے پر تیسرا حصہ ۱۵ ہو اور دو کسر رہی اب اس کو قائدہ مذکور سے پر کیا جائے گا اور کسر کا باقاعدہ وہی ہے جو مربع میں گزرا۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱	۲۵	۲	۱۸
۲۳	۱۷	۴	۲۴
۱۶	۲۰ خانہ کسر	۲۷	۳
۲۶	۴	۱۵	۲۱

تیسرا قاعدہ

جملہ اعداد سے ۲۱ طرح کریں اور باقی اس طرح پر کریں کہ خانہ اول سے بارہ تک نظم طبعی کے ساتھ اور تیرہویں خانے میں اعداد جو طرح کے بعد بچے ہیں پھر ہر خانہ میں ایک ایک کا اضافہ کریں مثال یہ ہے کہ اسم حق کے عدد ایک سو آٹھ ہیں بعد طرح ستاسی بچے قائدہ مذکورہ کے ذریعے پر کریں۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱	۸۸	۱۱	۸
۱۲	۷۰	۲	۸۷
۶	۹	۹۰	۳
۸۹	۴	۵	۱۰

چوتھا قاعدہ

جملہ اعداد سے ۲۳ طرح کریں کہ بقیہ اعداد کے تین حصے کریں اور اس طرح پر کریں کہ پہلے خانہ میں تیسرا حصہ دوسرے، تیسرے، چوتھے خانے میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں اور پانچوے خانہ سے آٹھویں خانے تک نقش اجل کی رفتار کے مطابق یعنی ۵، ۶، ۷، ۸ لکھیں پھر نویں خانہ سے سولہ تک خانہ نمبر ۴ میں جو عدد پر کیا تھا اس پر ایک ایک کا اضافہ کر کے پر کریں اور کسر کا وہی قاعدہ ہے مثلاً اسم کریم کے عدد دو سو ستر ہیں بعد طرح دو سو بتالیس بچے اور ایک کسر حاصل ہوئی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸۲	۹۲	۸۸	۸
۸۹	۷	۸۳	۹۱ خانہ کر
۶	۸۶	۹۴	۸۴
۹۳	۸۵	۵	۸۷

پانچواں قاعدہ

۲۵ کی طرح کے ساتھ اوپر پر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے خانہ سے آٹھویں تک نظم طبعی کے ساتھ یعنی جس طرح نقش اجل پُر کرتے ہیں اور نویں خانے سے بارہ تک باقی اعداد جو طرح کے بعد بچے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر تیرہویں خانے سے نظم طبعی کے ساتھ مثال یہ ہے اسم حق کے عدد ایک سو آٹھ طرح کے بعد باقی تیراسی رہے گا معلوم کے ذریعے پُر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱	۱۴	۸۵	۸
۸۶	۷	۲	۱۳
۶	۸۳	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۸۴

چھٹا قائدہ

۲۷ کی طرح کے ساتھ جملہ اعداد سے ۲۷ طرح کر کے تین پر تقسیم کریں پھر یوں بھریں کہ اول سے آٹھویں خانہ تک تقسیم شدہ حصہ سے ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ اور نویں خانے سے بارہ تک نظم طبعی نقش اجل کی چال سے پھر تیرہویں خانے سے سولہ تک آٹھویں خانے کے عدد پر ایک ایک کے اضافے کے ساتھ مثال اسم جامع کے عدد ایک سو چودہ ہیں طرح کے بعد ستاسی باقی رہے تیسرا حصہ ۲۹ بعمل معلوم پر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۹	۳۸	۱۱	۳۶
۱۲	۳۵	۳۰	۳۷
۳۴	۹	۴۰	۳۱
۳۹	۳۲	۳۳	۱۰

ساتواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۲۹ طرح کریں خانہ اول سے چار تک نقش اجل کی رفتار سے پھر پانچویں خانہ سے آٹھ تک طرح کے بعد جو عدد بچا تھا ایک ایک کے اضافہ کے ساتھ پھر نویں خانہ سے آخر تک بطور نقش اجل مثال اسم لطیف کے اعداد ایک سو انتیس ہیں بعد طرح سو باقی رہے۔

نقش پر شدہ یہ ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱	۱۴	۱۱	۱۰۲
۱۲	۱۰۲	۲	۱۳
۱۰۱	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۱۰۰	۱۰

آٹھواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۳۰ کی طرح کے ساتھ جیسا کہ مربع کے بیان میں گزرا ہے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱	۱۴	۱۱	۱۰۲
۱۲	۱۰۳	۲	۱۳
۱۰۱	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۱۰۰	۱۰

نواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۳۱ طرح کر کے بقیہ کو تین سے تقسیم کر کے تیسرے حصہ کو اول خانہ سے بارہ تک ایک ایک کی زیادتی پر کریں پھر تیرھویں خانے

سے آخر تک برفتار نقش اجل پر کریں مثال اسم شافی کے اعداد تین سو اکاون ہیں بعد طرح تین سو ساٹھ رہے باقی کے تین حصے کرنے پر ایک حصہ ایک سو ہیں ہوا قاعدہ مذکورہ کی رعیات سے پر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۲۰	۱۴	۱۳۰	۱۲۷
۱۳۱	۱۲۶	۱۲۱	۱۳
۱۲۵	۱۲۸	۱۶	۱۶۲
۱۵	۱۲۳	۱۲۴	۱۲۹

دسواں قاعدہ

جملہ اعداد سے ۳۳ کی طرح کر کے بقیہ اعداد خانۂ اول سے چار تک باضابطہ ایک ایک پھر خانہ پنجم سے آخر تک برفتار نقش اجل مثال اسم فتاح کے عدد چار سو نواسی اور بعد طرح چار سو چھپن بچے قاعدہ مذکورہ بالا سے پر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۴۵۶	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۴۵۷	۱۳
۶	۹	۱۶	۴۵۸
۱۵	۴۵۹	۵	۱۰

قواعد پر کردن نقوش مسدس، مسبع، مثمن وغیرہ

مسدس میں چھ ضلعے ہوں گے اور چھتیس خانے نکلیں گے عدد تخم ایک سو گیارہ ہے اور طرح ایک سو پانچ ہے بعد طرح چھ سے تقسیم کر کے پُر کریں۔ مثلاً اسم عالی کے عدد ایک سو گیارہ بعد طرح چھ باقی رہے بعد تقسیم حاصلِ قسمت ایک رہا لہٰذا ایک سے پر کیا جائے اور اگر ایک کسر واقع ہوں تو اکتیسویں خانے میں ایک عدد اضافہ کریں اور دو کسر ہوں تو پچسویں خانے میں اور تین کسر ہوں تو پندرہویں خانے میں اور چار کسر ہو تو تیرہویں خانے میں اور پانچ کسر ہوں تو ساتویں خانے میں ایک ایک عدد کا اضافہ کریں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

	۱۸	۷	۳۰	۱۹	۳۶	۱۰
	۵	۳۲	۲۰	۲۹	۱۲	۱۳
	۲۷	۲۲	۸	۱۷	۲	۳۵
	۲۱	۲۸	۳۴	۳	۱۴	۱۱
	۹	۱۶	۴	۳۳	۲۴	۲۵
	۳۱	۶	۱۵	۱۰	۲۳	۲۶

نقش مسبع پر کرنے کا قاعدہ

عدد تخم ایک سو پچہتر عدد طرح ایک سو ارسٹھ مثلاً اسم باطن و باقی کے عدد ایک سو پچہتر ہیں بعد طرح سات باقی رہے سات سے تقسیم کر کے اس

چال سے پر کریں اور اگر ایک کسر واقع ہو خانہ ۴۳ میں ایک عدد کا اضافہ کریں اور دو ہو تو خانہ ۳۶ اور تین ہو تو خانہ ۲۹ اور چار ہو تو خانہ ۲۲ اور پانچ کے لئے خانہ ۱۹ اور چھ کے لئے خانہ ۸ میں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۹	۱۷	۳۵	۳۳	۴۱	۴۹	۱
۲۶	۳۴	۴۲	۴۳	۲	۱۰	۱۸
۳۶	۴۴	۳	۱۱	۱۹	۲۷	۳۵
۴	۱۲	۲۰	۲۸	۲۹	۳۷	۴۵
۲۱	۲۲	۳۰	۳۸	۴۶	۵	۱۳
۳۱	۳۹	۴۷	۶	۱۴	۱۵	۲۳
۴۸	۷	۸	۱۶	۲۴	۳۲	۴۰

نقش مثمن بھرنے کا قاعدہ

عدد تخم دو سو ساٹھ طرح کے اعداد دو سو باون مثلاً اسم حسیب وسمیع کے دو ساٹھ ہیں بعد طرح آٹھ رہے بعد تقسیم ایک سے نقش پر کیا جائے اگر کسر ایک ہو خانہ ۵۷ میں اور دو ہو تو خانہ ۴۹ میں اور تین ہو تو خانہ ۴۱ میں اور چار ہو تو خانہ ۳۱ میں اور پانچ ہو تو ۲۵ میں اور چھ خانہ ۱۷ میں اور سات ہو تو خانہ ۷ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پُر کیں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲	۶۴	۶۱	۵۷	۵۶	۱۰	۷	
۸	۱۹	۵۰	۴۸	۴۲	۱۶	۲۰	۵۹
۱۱	۲۱	۲۵	۳۸	۳۵	۳۲	۴۴	۵۴
۱۴	۲۲	۳۶	۳۱	۲۶	۳۷	۴۳	۵۱
۵۲	۴۱	۳۰	۳۳	۴	۲۷	۱۴	۱۳
۵۳	۴۷	۳۹	۲۸	۲۹	۳۴	۱۸	۱۲
۶۰	۴۵	۴۵	۱۷	۲۳	۴۹	۴۶	۵
۴۶	۱۰	۴	۸	۹	۵۹	۵۸	۶۳

نقش متسع کے بھرنے کا قاعدہ

ختم تین سو اکہتر طرح تین سو ساٹھ باقی ۹ بعد تقسیم ایک رہے اگر کسر ایک واقع ہو تو خانہ ۷۳ میں اور دو ہو تو ۶۴ میں اور تین ہو تو خانہ ۵۵ میں اور چار ہو تو خانہ ۴۶ میں اور پانچ ہو تو خانہ ۳۷ میں اور چھ ہو تو خانہ ۲۸ میں اور سات ہو تو خانہ ۱۹ اور آٹھ ہوں تو خانہ ۱۰ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۷۲	۱	۳	۵	۷۳	۶۷	۶۹	۷۱	۸
۲	۵۸	۱۷	۱۹	۵۹	۵۵	۵۷	۲۲	۸۰
۴	۱۸	۴۸	۲۹	۴۹	۴۷	۲۲	۶۴	۷۸
۶	۲۰	۳۰	۴۴	۳۹	۴۰	۵۲	۶۲	۷۵
۶۶	۵۴	۴۶	۴۲	۴۳	۳۸	۳۶	۲۸	۱۶
۶۸	۵۶	۵۰	۵۳	۳۲	۳۵	۳۴	۲۶	۱۴
۷۰	۶۰	۶۵	۶۳	۲۳	۲۷	۲۵	۲۴	۱۲
۷۴	۸۱	۷۹	۷۷	۹	۱۵	۱۳	۱۱	۱۰

۳۶۹

قاعدہ نقش معشیر بھرنے کا

ختم پانچ سو پینتیس طرح چار سو پچانوے باقی چالیس عدد بعد تقسیم چار رہے۔

قاعدہ کسر

اگر ایک کسر رہے تو خانہ ۱۹ اور دو رہے تو خانہ ۱۸ اور تین ہو تو خانہ ۱۷ اور چار ہو تو خانہ ۱۶ اور پانچ ہو تو خانہ ۵۱ میں اور چھ ہو تو خانہ ۴۱ میں او

سات ہو تو خانہ ۳۱ میں اور آٹھ ہو تو خانہ ۱۱ میں ایک ایک عدد کا اضافہ کر کے پر کریں۔

نقش معشر یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۹	۵	۱۴	۱۷	۹۱	۹۲	۹۵	۱۰۱	۱۰۳	۸
۹۷	۱۴	۲۸	۳۱	۷۷	۷۸	۸۲	۸۵	۲۳	۱۰
۹۶	۸۰	۴۱	۳۷	۶۳	۶۹	۷۱	۴۰	۲۷	۱۱
۸۹	۷۵	۶۵	۵۳	۵۶	۵۹	۴۶	۴۲	۳۲	۱۸
۸۶	۷۲	۶۴	۵۸	۴۷	۵۲	۵۷	۴۳	۳۵	۲۱
۱۹	۳۳	۳۹	۵۵	۵۰	۴۹	۶۰	۶۸	۷۴	۷۸
۱۳	۲۶	۶۷	۷۰	۴۴	۳۸	۳۶	۶۶	۸۱	۹۴
۷	۸۴	۷۹	۷۶	۳۰	۲۹	۲۵	۲۲	۸۳	۱۰۰
۹۹	۱۰۲	۹۳	۹۰	۱۶	۱۵	۱۲	۶	۴	۹۸

عملیاتِ محبت

کلام اللہ شریف کی آیات کے خواص کے متعلق ہر مسلمان مرد و عورت کے دل میں یقینِ کامل ہے یہ یقین ہر شک وشبہ سے بالاتر ہے اسی لئے ان کی نسبت عرض کرنا یقیناً لاحاصل امر ہے ہاں مگر ایک بات ضروری ہے کہ کلام اللہ شریف کی سورہ یا آیات بینات کی تلاوت یا عمل کے لئے اس انسان کا دیندار، متقی اور پرہیز گار ہونا ضروری ہے یہاں پر یہ عرض کرتا چلوں کہ عملیات کرنے والے کے لئے توبہ ایک قسم کی شرط ہی قرار دی جاسکتی ہے اب آیات بینات کے اعمال اور وظائف پیشِ خدمت ہیں انہیں پوری شرائط کے ساتھ اگر آپ کر لیں تو سو فیصد کامیابی کی توقع کی جاسکتی ہے۔

عمل برائے حُب

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ کوئی اس کی محبت میں دیوانہ ہو جائے تو اسے چاہیئے کہ کسی میٹھی چیز پر اس آیت مبارکہ کو گیارہ بار پڑھ کر اس کو

کھلا دے یا پلا دے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم اس کی دلی تمنا ضرور پوری ہوجائے گی مگر یہ عمل کسی غلط کام کیلئے استعمال نہیں کرنا چاہیئے۔

آیت مبارکہ:۔

یُحِبُّهُمْ وَیُحِبُّوْنَهٗٓ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْءَ مِنِیْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكٰفِرِیْنَ o

محبت میں بے قرار کرنے کے لئے

اگر کسی کے دل میں جگہ بنانی ہو اور دوسری طرف سے مثبت جواب نہ ملتا ہو تو اس صورتِ حال میں اس آیت شریف کا عمل تیر بہدف ثابت ہوتا ہے ان آیات کریمہ کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر مطلوب کو کھلانے یا پلانے سے بفضلہٖ باری تعالیٰ مقصد ضرور حاصل ہوتا ہے یاد رہے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف ضرور پڑھنا چاہیئے۔

آیت مبارکہ:۔

هُوَ الَّذِیْٓ اَیَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْءَ مِنِیْنَ وَاَلَّفَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ لَوْ اَنْفَقْتَ مَافِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَیْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَیْنَهُمْ اِنَّهٗ عَزِیْزٌ حَكِیْمٌ o

حب کے لئے مجرب عمل

یہ عمل بھی اسی طرح کرنا ہے جس طرح پہلے دو عمل گزرے ہیں بس

اس کی ترکیب یہ ہے کہ اس عمل کو بعد از نماز فجر کرنا ہے اور ان آیات مبارکہ کو سو مرتبہ پڑھنا ہے۔

جبکہ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بھی پڑھنا ہے۔

آیات مبارکہ:۔

یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ۚ وَاسْتَغْفِرِیْ لِذَنْۢبِكِ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِئِیْنَ o وَقَالَ نِسْوَةٌ فِی الْمَدِیْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِیْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ

شقاوتِ قلبی کا خاتمہ

اگر کسی کو ایسی صورتِ حال کا سامنا ہو کہ کوئی اس کے ساتھ انتہائی نامناسب سلوک کر رہا ہے تو ایسی حالت میں بھی اس کا عمل مجرب ہے اور اس کے علاوہ اگر کوئی بھی اپنے گھر والوں سے نامناسب رویہ روا رکھے یا خاوند کا رویہ بیوی بچوں کے ساتھ خراب ہو تو ان آیات بینات کو ایک پاک اور کوری ٹھیکری پر چوب آس سے اس شخص کا نام لکھے۔

اس کے بعد تھوڑا سا ایسا شہد لے جس کو آنچ نہ لگی ہو اب اس شہد میں انگوری سرکہ ملا کر ذیل کی آیات اس نام کے گرد لکھے، لکھنے کے بعد اب ٹھیکری کو کنویں یا نہر میں ڈال دے دراصل یہ صدیوں پرانا عمل ہے مگر اب صورت حال چونکہ بدل چکی ہے اس لئے فقیر کے خیال میں پانی کی ٹینکی میں اس ٹھیکری کو ڈال دینے سے بھی مطلوبہ نتائج حاصل ہوجاتے ہیں۔

آیات مبارکہ:۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ سے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک o

حکمران کا دل نرم ہو

ذیل کی آیات مبارکہ کو اس حکمران کے لئے بھی استعمال کیا جاسکتا ہے جو عوام پر ظلم کر رہا ہو اگر ایسی صورتِ حال پیش نظر ہو تو ان آیات مبارکہ کو کسی صاف کاغذ پر اس حکمران کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر کسی پہاڑ ی میں کسی اونچی جگہ پر کسی پتھر کے نیچے رکھ دے انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم حکمران کا دل خود بخود نرم ہو جائے گا اور عوام سکھ کا سانس لیں گے۔

آیات مبارکہ:۔

ثُمَّ قَسَتْ قُلُوْبُكُمْ سے عَمَّا تَعْمَلُوْنَ تک ۝

تسخیر قلوب کے لئے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ سب کے دل وہ تسخیر کر لے یعنی وہ جہاں بھی جائے ہر جگہ اس کی عزت و تکریم ہو یا اگر کسی کا افسر اعلیٰ سخت دل ہو اور اس کے کام میں بے جا کیڑے نکالتا ہو تو ذیل کی آیات مبارکہ کو عرقِ گلاب اور زعفران سے لکھ کر انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے اس طرح رکھوائے کہ پانی سے بچا رہے تو اس کی دلی مراد ضرور پوری ہوں گی۔

آیاتِ مبارکہ:۔

اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ سے ذُوْفَضْلٍ عَظِيْمٍ تک

(پارہ لن تنالو البرا (4) رکوع نمبر 9

محبت میں یقینی کامیابی

اگر کسی کو کسی کے ساتھ شدید محبت ہو اور اس کو کامیابی کی امید نہ ہو

تو ذیل کا نقش و عمل یقینی کامیابی کے لئے ضروری ہے اگر ایسی صورتِ حال ہو تو جس کے ساتھ محبت ہو اس کے نام کے حروف کو الگ الگ کر کے اس میں اسم "رحمٰن" کے حروف ملائے اور سب کو جمع کر کے لکھ دے اب نیچے دیا گیا عمل پڑھے۔ مطلوب خود بخود حاضر ہوگا۔

اس کے علاوہ اگر اس نقش کو پچاس مرتبہ زعفران و مشک سے لکھ کر اپنے پاس رکھے تو مخلوق میں ہر دلعزیز ہوگا۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
۴۴۱	۲۶۲	۲۷۵
۲۳۵		۴۲۴

اس نقش کی دعوت یاذکر درج ذیل ہے:۔

دعوت یاذکر:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اِلٰهِیْ رَحْمَتُکَ وَسِعَتْ كُلَّ شَیْءٍ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ قَدَّرْتَ الْاَشْیَآءَ وَاَحْكَمْتَهَا بِحِكْمَتِکَ وَرَحْمَتَ الْعِبَادَ بِرَحْمَةِ الْعَمُوْمِ وَرَحْمَةِ الْخُصُوْصِ سُبْحَانَکَ اَنْتَ اللّٰهُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝ اِحَاطَةً اِمْدَادِيَّةً مُلْكِکَ رَاحَاطَةٍ اَبَدِيَّةً اَحَدِيَّةً اَسْئَلُکَ وَاَتَوَسَّلُ اِلَیْکَ بِاَسْمَآءِکَ الْحُسْنٰی اَنْ تُشْهِدَنِیْ

حَقَآئِقَ الْاَشْیَآءِ وَاَنْ تَوَفِّقَنِیْ لِحِفْظِهَا وَاَنْتَ الْحَنَّاثُ الْمُنَّانُ الرَّحْمٰنُ عَلَیْنَا فِی الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ بِالْکَشْفِ عَنْ سِرِّ النَّفْسِ وَالْجِسْمِ وَحَقِیْقَتِهَا یَااللّٰهُ تین مرتبه یَامَالِکَ یَوْمِ الدِّیْنِ سَخِّرْلِیْ خَادِمَ هٰذَا الْاِسْمِ الشَّرِیْفِ وَاَمِدَّنِیْ بِرَقِیْقَةٍ مِّنْ رِقَائِقِکَ لِاُحْظٰی بِهَا بَیْنَ اَبْنَآءِ جِنْسِیْ یَآ اَللّٰهُ یَارَحْمٰنُ

برائے حب

محبت میں یقینی کامیابی کے لئے یہ نقش اور عمل بھی نہایت مجرب اور فائدہ مند ہے۔

اگر بروز پیر اس نقش کو چاندی پر کندہ کروا کر اور اس کے گرد اس کے موکل کا نام بھی لکھوا کر پہنیں اور اس کے علاہ مضروب کے موافق اس کا ذکر بھی پڑھیں تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم بندہ مخلوق میں پسند کیا جائے گا اور جس سے محبت کرنا چاہے وہ اس کو مثبت جواب دے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ال	م	ل	ک
۳۱	۱۹	۳۲ ۰	۳۹
۳۸	۱۸	۴۲	۳۳
۴۱	۳۴	۱۷	۲۹ ۰

اس کے موکل کا نام ھیہائیل ہے اور اس کے اعداد مضروب 121 ہیں اگر کسی افسر اعلیٰ یا حاکم وقت کے سامنے زیر لب پڑھا جائے تو وہ لازمی قدر و منزلت کرے گا اور اگر خلوت میں پڑھے تو اس کا موکل حاضر ہو کر اس کا ہر جائز کام کرے گا۔

دعوت یا ذکر درج ذیل ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ مُحْیِ الْاَرْوَاحِ وَالنُّفُوْسِ مَالِکُ الرِّقَابِ وَمُسَبِّبُ الْاَسْبَابِ مَالِکُ یَوْمِ الدِّیْنِ وَمُقَرِّبُ الْبَعِیْدُ وَمُجِیْبُ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّیْنَ لَآ اَنْتَ الْوَاحِدُ الْاَحَدُ ذَلَّتْ لَکَ رِقَابُ الْمُلُوْکِ وَصَارَ کُلُّ مَلِکٍ لَّکَ عَبْدًا مَّمْلُوْکًا ۝ اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْمَلِکِ الْقُدُّوْسِ اَنْ تُمَلِّکَنِیْ نَاصِیَتِیْ وَتَکْشِفَ لِیْ عَنْ حَقَآئِقِ عَالَمِ الْجَبَرُوْتِ لِاُحْظٰی بِالْاَسْرَارِ الرَّبَّانِیَّةِ وَالْاٰیَاتِ الْمَلَکُوْتِیَّةِ وَاُسَوَّدُ بِاشْرَاقِیْ عَلٰی اَبْنَآءِ جِنْسِیْ وَمَلِّکْنِیْ اَللّٰهُمَّ نَاصِیَةَ عَوَالِمِ اسْمِکَ الْاَعْظَمِ الَّذِیْ تَعَزَّزْتَ بِهٖ وَلَا یُسَمّٰی بِهٖ غَیْرُکَ یَامَلِکُ یَاقُدُّوْسُ یَامَلِکَ الْمُلْکِ یَاذَوْالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ اَجِبْ اَیُّهَا السَّیِّدُ الْجَلِیْلُ هٰذَا الْاِسْمَ الْجَلِیْلَ وَاَمِدَّنِیْ بِرُوْحٍ مِنْ رُّوْحَانِیَّتِکَ یَخْدِمُنِیْ فِیْ حَوَآئِجِیْ

معاشرہ میں رتبہ اور وقار بڑھ جائے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو کہ اس کا رتبہ اور وقار معاشرہ میں بڑھ جائے تو اس کو چاہیئے کہ اس نقش قدم کو چاندی یا سونے پر کندہ کروا کر اپنے پاس رکھے اس کا رتبہ بڑھ جائے گا۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

ال	علی	ی	م
۱۱	۲۹	۳۲	۱۹
۳۸	۸	۱۰۲	۳۳
۱۰۱	۳۴	۳۷	۹

اسی کے ساتھ اس دعوت یا ذکر کو بھی اپنے معمولات میں شامل کر لیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْعَالِمُ الْعَلِيْمُ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ وَعَالِمُ دَقَآئِقِ الْاَسْرَارِ وَالْخَفِيَّاتِ الْمُحْصِيْ لِكُلِّ ذَرَّةٍ وَّ تَفْصِيْلَ الْمُوْتَلِفَاتِ بِمَا قَدَّرْتَ وَرَتَّبْتَ فِي الظَّاهِرِ وَالْبَاطِنِ مِنَ الْمَوْجُوْدَاتِ اَسْئَالُکَ بِاِحَاطَةِ عِلْمِکَ وَتَفْصِيْلِ شَكْلِ قِدَمِکَ وَنُفُوْذِ قُدْرَتِکَ

وَبِخَطَابِکَ بِاَنْوَارِ..... حِكْمَتِکَ اَنْ تَخْرِقَ فِيْمَا بَيْنِيْ وَبَيْنَکَ الْحِجَابَ لِاَطَّلِعَ عَلٰى مَاتَحْتَ ذَرَّةٍ مِّنْ ذَرَّاتِ الْوُجُوْدِ فَابْتَهِجَ بِسِرِّ الْقِدَمِ وَتَزُوْلَ عَنِّيْ الْعَدَمَ يَااَللّٰهُ يَاحَكِيْمُ اَسْئَلُکَ بِسِرِّ قُوَّتِکَ اَنْ تُسَخِّرَلِيْ عَبْدَکَ عَيْنَائِيْلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ يَقْضِيْ حَاجَتِيْ وَيَكُوْنُ عَوْنًا لِّيْ فِيْمَا اُرِيْدُ يَااللّٰهُ يَاعَلِيْمُ يَاحَكِيْمُ

جو شخص بھی اس ذکر کو بروز جمعۃ المبارک طلوعِ آفتاب کے وقت سے لے کر نماز جمعہ تک پڑھتا رہے اور نقش کے گرد موکل کا نام لکھ کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ کریم اس کے مراتب کو بھی بلند فرمائے گا اور اس کا حافظہ بھی درست و تیز فرمائے گا۔

برائے محبت والفت

اگر کسی کی یہ خواہش ہے کہ وہ جس کے ساتھ محبت کرنا ہے اور وہ بھی اسی کے ساتھ محبت اور الفت کے ساتھ پیش آئے تو اسے چاہیئے کہ درجِ ذیل نقش کو کسی برتن پر زعفران وگلاب سے لکھ کر پلائے وہ اس کے ساتھ محبت سے پیش آئے گا۔

اس کے علاوہ اس اسم کو بھی ہروقت پڑھتا رہے اس اسم کو بے حساب پڑھنے سے اس اسم کا موکل حاضر ہوجانا ہے اس موکل سے ہر جائز کام کروا سکتا ہے اگر اس اسم کو کند ذہنی چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کروا کر پہنے تو اس کو ذہانت نصیب ہوگی۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ال	ر	ق	ب
۱۰۱	۱۱	۳۲	۹۹
۱۰	۹۵	۲۵	۳۳
۳۰	۳۵	۹	۹۹

اس کے ساتھ ساتھ یہ دعوت یا ذکر بھی روزانہ بعداز نماز فجر تیار کرے اور اول و آخر درود شریف بھی پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الرَّقِیْبُ الْمُرَاقِبُ اَعْیَانِ تَفَاصِیْلِ الْاِمْتِدَادِ فِی الْمَوْجُوْدَاتِ وَتَفَاصِیْلِھَا یَااِلٰہَ الْعِبَادَ اَنْتَ الْمُلَازِمُ بِدَوَامِ النَّظْرِ لِھَا فَلَا تَغْفُلُ لَمْحَۃً مِّنَ اللَّمْحَاتِ وَاَنْتَ الْحَافِظُ لِنِظَامِھَا عَلٰی اَکْمَلِ الْحَالَاتِ فِی التَّحْلِیْلِ وَالتَّاکِیْبِ وَالْحَرَکَاتِ وَالسَّکَنَاتِ اَسْئَلُکَ بِسَرَائِرِ عِلْمِ غَیْبِکَ الْقَدِیْمِ عَلٰی نَظَامِ مُرَادِکَ الْعَالِمُ بِمَا اَجْرَاہُ قَلَمُکَ فِیْ لَوْحِ التَّفْصِیْلِ وَالتَّعْظِیْمِ اَسْئَلُکَ اَنْ تُنَوِّرَ ظَاھِرِیْ وَبَاطِنِیْ بِنُوْرٍ مِّنْ عِنْدِکَ وَاَنْ تُلْھِمَنِیْ اَنْ اَتَخَلَّقَ

بِمُرَاقِبَۃِ لَمْحَاتِیْ وَلَحْظَاتِیْ بِمَا تَتَّخِذُنِیْ بِہٖ لَکَ حَبِیْبًا وَّلِمَا تَرْضَاءُ عَنِّیْ مُجِیْبًا اَللّٰھُمَّ اَنْلِنِیْ مِنْکَ حُسْنَ الْمُلَاحِظَاتِ بِدَوَامِ التَّوْفِیْقِ وَکَمَالِ الْمُلَاحَظَۃِ مِنَ الْاَمْرَاضِ فِی الْقَلْبِ وَالْجَسَدِ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ یَااللّٰہُ یَارَقِیْبُ

لاتعداد خصوصیات کا حامل عمل

یہ عمل بہت زیادہ تاثیرات وخصوصیات کا حامل عمل ہے اس کی تاثیر جمالی ہے اس کی چند خصوصیات درج ذیل ہیں۔

1:۔ اگر کسی ظالم اور بددماغ افسر یا حاکم کے پاس حاضر ہو تو سترہ مرتبہ اس اسم مبارک کو زیرلب پڑھ کر اس کی طرف پھونک مارے اس کا دل اسی پڑھنے والے کی طرف مائل ہوجائے گا اور وہ عنایات اور مہربانی سے پیش آئے گا خواہ وہ اس سے بغض ہی کیوں نہ رکھتا ہو۔

2:۔ اگر کسی پیر صاحب یا جلالی طبیعت کے حامل بزرگ کے پاس حاضر ہو تو اسی قدر پڑھ لے وہ اس پر مہربان ہوں گے اور عنایت ومہربانی فرمائیں گے۔

3:۔ اگر کسی کو یہ خواہش ہو کہ اس کا دل روشن ہو اور اس پر راز کھلیں تو اس اسم کا کثرت سے ورد کیا کرے۔

4:۔ اگر کسی کو دنیاوی یا دینی حاجت درپیش ہو تو اس کو چاہیئے کہ اسی اسم مبارک کو یکشنبہ کے روز طلوع آفتاب کے وقت چوبیس مرتبہ پڑھے اس کی حاجت پوری ہوگی انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

5:۔ اگر مطلوب سرکشی اور اس سے اعراض کرے تو طالب کو

چاہیئے کہ چہار شنبہ کے روز اچھی طرح غسل کر کے پاکیزہ کپڑے زیب تن کرے اور عود سلگائے اب اس اسم کو ایک سو اکیس مرتبہ کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اپنے مطلوب کو کسی بھی طرح کھلا دے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مطلوب اس کا مطیع ہو جائے گا۔

لیکن طالب کو چاہیئے کہ عمل پڑھتے وقت صدقِ دل قائم رکھے اور اعتقاد اپنا درست رکھے اور اپنے دل کو شکوک وشبہات سے دور ہی رکھے۔

اسم مبارک:۔

سُبْحَانَکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ یَارَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثَهٗ وَرَازِقَهٗ وَرَاحِمَهٗ

گزارش ہے کہ جواہر خمسہ میں رقم ہے کہ اس اسم مبارک کا نصاب اکاسی ہزار بار، زکوٰۃ چالیس ہزار پانچ سو، عشر بیس ہزار دو سو پچاس بار، بذل سات ہزار بار ہفتم ایک ہزار دو سو بار، اس کے بعد بہ نیت سریع الاجابت روزانہ نو ہزار بار نو روز تک پڑھے۔

برائے محبت دائمی

اس اسم مبارک کو محبت اور الفتِ دائمی کے لئے روزانہ سات روز تک ایک ہزار دو سو بار پڑھنا لازمی ہے۔

اس کے علاوہ اسی مقصد کے لئے یعنی پیار قائم کرنے کے لئے چاہیئے کہ گیہوں یا جوئے ایک ہزار دانوں کو لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ یہ اسم مبارک پڑھے جب تمام دانوں پر پڑھ چکے تو ایک نئے برتن میں اچھی طرح پانی گرم کر کے اس میں ان دانوں کو ڈال دے۔

جب نیم جوش آئے تو ان دانوں کو نکال کر یا تو کسی تالاب یا نہر یا دریا میں ڈال دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم محبت قائم ہو جائے گی۔

اسی طرح اگر کسی کا مطلوب اس کی طرف رغبت نہ کرتا ہو طالب کو چاہیئے کہ تین روز ے متواتر رکھے اور ہر روز پانچ سو بار اس اسم مبارک کو پڑھے چوتھے روز بہتے پانی میں جا کر غسل کرے اور دو رکعت تحیۃ الوضو ادا کرے اس کے بعد دو رکعت محبتہ المحب ادا کرے اور ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص پڑھے سلام پھیرنے کے بعد تین سو اکسٹھ (361) مرتبہ اس اسم کو پڑھے۔

اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے مطلوب ومحبوب مل جائے گا اور محبت کو استقامت حاصل ہوگی۔

اسم مبارک:۔

یَا رَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ وَّوَارِثُهٗ وَرَاحِمَهٗ یَارَحْمٰنُ

جواہر خمسہ میں اس کا نصاب ایک لاکھ اکیس ہزار بار، زکوٰۃ ساٹھ ہزار پانچ سو بار، عشر تیس ہزار دو سو پچاسی بار قفل تین سو ساٹھ بار دور مدور برابر نصاب تحریر ہے۔

زوجین میں محبت کے لئے

جواہر خمسہ میں درج ہے کہ اگر میاں بیوی میں موافقت نہ ہو تو صاحب عمل اس اسم کو چینی کے برتن پر لکھ کر پانی سے دھو کر دونوں کو پلائے تو طرفین میں پیار ومحبت قائم ہو یا اگر پوستِ آہو یا مشک وزعفران سے لکھ کر ان دونوں کو پلائے جن میں ناموافقت اور مخاصمت ہو یا ان میں سے ایک

اپنے پاس بطورِ تعویز رکھے تو انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم صلح واتحاد قائم ہو۔

عمل درج ذیل ہے:۔

یَاصَمَدُ مِنْ غَیْرِ نِدِّہٖ فَلَاشَیءَ کَمِثْلِہٖ

اپنے عشق میں بے قرار کرنے کے لئے

محمد غوث گوالیاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کو اپنے عشق میں بے قرار کرنا چاہتا ہو تو پہلے عامل تارک حیوانات جمالی وجلالی ہو کر روزہ رکھے پھر اس اسم کو کاغذ خطائی پر مشک وزعفران سے لکھے اور بہتے پانی میں ڈالے اور وہیں اس پانی کے کنارے ایک ہزار بار اس اسم مبارک کو پڑھے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مطلوب بے قرار ہو کر اس کے پاس آئے گا۔

اسم مبارک یہ ہے:۔

یَارَحِیْمُ کُلِّ مَرِیْحٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَغِیَاثُہٗ وَمُعَاذُہٗ

سنگدل محبوب کو مطیع کرنے کے لئے

اگر کسی کی یہ خواہش ہو تو حضرت غوث شاہ محمد غوث گوالیاری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی کی رسائی اپنے محبوب تک ناممکن ہو تو کسی پاکیزہ خوشبو دار یا کھانے پینے کی کسی شے پر روزانہ یہ اسم مبارکہ پڑھ کر مطلوب کو کھلائے یا پلائے یا سونگھائے اور اگر یہ بھی نہ کر سکے تو اس اسم کو کسی پاک صاف کاغذ پر لکھ لے اور کسی بلند جگہ پر لٹکا دے تاکہ یہ ہوا سے ہلتا رہے اس طرح محبوب اور مطلوب کے دل میں اثر پیدا ہوگا کیونکہ:۔

قَالَ عَلَیْہِ السَّلَامُ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ بَیْنَ اَصَابِعِ الرَّحْمٰنِ

اس عمل کو پڑھنے کے دوران خوشبو خود بھی لگائے اور سلگائے بھی۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب اس کے عشق ہی ضرور مبتلا ہوگا۔

اس عمل کی دیگر خصوصیات یہ ہیں کہ اگر اس عمل کو سات ہزار مرتبہ پڑھا جائے تو گھر سے غائب ہونے والا بہت جلد واپس آجاتا ہے۔

دوسرے یہ کہ اگر اس عمل کو لکھ کر درد زہ والی خاتون کو بائیں ران پر باندھا جائے تو اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے بہ سہولت خلاصی پائے۔

عمل یہ ہے:۔

یَاحَلِیْمُ ذَاالْاَنَاتِ فَلَا یُعَادِلُہٗ شَیءٌ مِنْ خَلْقِہٖ

محبت اور باہمی سلوک کے لئے مجرب عمل

اگر دو دوستوں یا دو خواتین یا دو بہنوں یا دو بھائیوں کے درمیان پیار اور سلوک نہ ہو تو درجِ ذیل آیات مقدسہ کو کسی چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے لکھے اور اس کے اوپر شہد ڈال کر اچھی طرح ملائے اب اس شہد کو کسی کھانے والی چیز میں ڈال کر وہاں موجود ان دونوں کو بھی کھلائے اور تمام حاضرین کو بھی کھلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے سلوک ومحبت قائم ہوجائے۔

ان آیاتِ بینات میں بسم اللہ شریف کے اعداد بھی شامل کرلیں۔

عمل یہ ہے:۔

۷۸۶ اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا سَوَآءٌ عَلَیْھِمْ ءَ اَنْذَرْتَھُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْھُمْ لَا یُؤْمِنُوْنَ الحب فلان بن فلان علی

حب فلان بن فلان ۷۸۶ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِیْ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حیات شھدا المودۃ سلونی ھم اذا اخوان احفظ لا الہ الا اللہ بحق ایاک نعبدو ایاک نستعین o

عمل خاص برائے حب

عمل بسم اللہ شریف اس کام کے لئے بے حد مجرب اور مفید ہے اگر چاہیں کہ کسی دوست کو مسخر بنائیں یا کسی امیر سے نفع حاصل کرنا ہو تو عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دو زانو رو بقبلہ ہو کر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کر کے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف ذیل پڑھیں اس کے بعد بسم اللہ شریف کو ایک ہزار مرتبہ اپنے محبوب یا اپنے متعلقہ احباب سے پورا تصور رکھیں جب ختم کر لیں تو اپنے سینے پر دم کریں اور تصور یہ رکھیں کہ یہ دم میں نے اپنے متعلقہ فرد کے سینے پر کیا ہے اور اپنے دل میں اشارہ کریں کہ یہ میرا مطیع ہو اسی طرح اس عمل کو گیارہ روز تک کریں اگر اس کی ذکات ادا کرنے کا ارادہ ہو تو روزانہ ہزار مرتبہ پڑھیں اب آپ عمل حب کے عامل ہیں اور اسے اپنے محبوب یا اپنے کسی بھی جائز مقصد میں اسی وقت مقررہ بسم اللہ شریف کو ایک ہزار کی تعداد میں پڑھ کر کسی بھی میٹھی چیز پر دم کر کے کھلائیں جو بھی اس چیز کو کھائے گا وہ آپ کا مطیع وفرمانبردار ہوگا اس عمل کو کوئی بھی اپنے بچوں کو مطیع وفرمانبردار کرنے کی خاطر بھی کر سکتا ہے اور اس عمل کو پڑھ کر بچے کی پسندیدہ میٹھی چیز پر دم کر کے اس کو کھلائیں۔

بچہ اگر بدتمیز ہوگا تو اپنی تمام بری حرکات کو ترک کر کے اچھے کام

کرے گا اور اپنے والدین کے مطیع وفرمانبردار ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

درود شریف:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ" اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ"

حب کا نہایت مجرب عمل

ایک بزرگ کا عطا کردہ نہایت مجرب عمل ہے۔

کسی عورت کو اپنی طرف راغب کرنا اور اپنا فریفتہ بنانا منظور ہو تو اس کی پہنی ہوئی کرتی جو بہت میلی کچیلی پرانی ہو تو روز پاک صاف ہو کر بعداز نماز عشاء ایک جگہ مقرر کر کے ہر روز اسی جگہ اس ذیل کی آیت کو:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنَاہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ

ایک سو ایک مرتبہ ہاتھ میں لے کر اس کرتی پر پڑھے اور اس پر دم کرے آخر میں نام اپنا اور اپنے باپ کا اور اس معشوقہ اور اس کی ماں کا لیوے پڑھتے وقت لکڑی کے کوئلہ کی آگ اپنے پاس رکھے اور لوبان تھوڑا تھوڑا اس آگ پر ڈالتا رہے جب اول روز پڑھ چکے تو ایک ماشہ گائے کے گھی پر تین مرتبہ:۔

یَاھُوَ یَاھُوَ

اس آگ پر وہ گائے کا گھی چھڑک کے اسی طرح نو رات تک پڑھے لوبان جلاوے اور گھی چھڑکے۔

دسویں رات کو اس کرتی کے تین ٹکڑے پھاڑے اور تین بتی بتاوے ایک بتی آگ پر جلاوے اور جلاتے وقت عورت سے محبت بڑھنے اور عشق میں بے قرار ہو کر ملنے کا ذکر کرتا رہے گیارھویں رات کو دوسری بتی اور بارہویں رات کو تیسی بتی جلاوے معشوقہ عشق میں بیقرار ہو کر آجائے۔

پراثر وظیفہ برائے حب

اس دعائے بشمخ کی حضرت قطب المدار شاہ بدیع الدین مدارادام اللہ انوار نے دعوت دی ہے اور یہ دُعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی نہایت مجرب اور مفید ہے جس کام کی انجام دہی کے لئے پڑھا جائے ہر ایک کی مراد بر آئے ایک سو ایک مرتبہ اس کھانے والی چیز پر پڑھا جائے جو آگ پر نہ پکائی گئی ہو جیسے کچا دودھ میوہ، انگور، بادام، کشمش، چھوارے وغیرہ پڑھ کر جس کو کھلائے وہ اسی کا کلمہ پڑھے۔

حضرت شاہ مدار رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ الکردگار کی کرامت ہے کہ آپ کے مزار پر انوار پر بھی پکا ہوا کھانا نہیں جاتا ہے اس باعث سے اس عمل کی بلا پکے کھانے پر اجازت معلوم ہوتی ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ بَشْمَخْ وَالْاَعَامُ شِیْطِیْثُوْنَ اَلْھُمَّ

پڑھے جو کھائے وہی مسخر ہو جائے۔

محبتِ زوجین قائم کرنے کے لئے

اگر خدانخواستہ میاں بیوی میں پیار وسلوک نہ ہو اور آئے دن لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ان کے کسی ہمدرد کو چاہیئے کہ دوشنبہ کے روز انڈے کے درخت کی لکڑی لائے لاتے وقت یہ نیت ضرور کر لے کہ حب کے عمل کے لئے لے جارہا ہوں اب اس لکڑی کو سانہ میں اچھی طرح خشک کر لے جب خشک ہوجائے تو اتوار یا جمعرات کو اس کے ٹکڑے کر کے کسی مٹی کے برتن میں ڈال دے۔

اس کے بعد درجِ ذیل آیت مبارک کو ایک سو ایک بار پڑھے اور لکڑی کے ان ٹکڑوں پر دم کرے۔ اب ان ٹکڑوں کو جلا کر سوختہ کر لے یاد رہے کہ عمل کرتے وقت باوضو ہونا لازمی ہے اب اسی راکھ یہی سے ایک رتی بھر لے کہ کسی میٹھی چیز میں ملا کر دونوں میاں بیوی کو کھلادے۔

اس کے علاوہ یہی عمل کسی کے ساتھ بھی کرے تو وہ مطیع و فرمانبردار ہوجائے گا خواہ وہ عورت ہو یا مرد۔

آیت مبارک یہ ہے:۔

وَاِذْ قُلْنَا لِلْمَلٰٓئِکَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا اِلَّآ اِبْلِیْسَ ؕ اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ ۝

کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرنے کے لئے

صاحبزادہ شیخ محمود الحسن صدیقی صاحب فرماتے ہیں کہ اگر کوئی کسی پر عاشق ہو اور معشوق اس کی طرف مائل نہ ہو یا کسی کا کوئی دشمن ہو یا کسی ظالم کا خوف رہتا ہو تو اتوار یا منگل کے دن روزہ رکھے اور رات کو اللہ تعالیٰ

سے تقرب کے لئے نماز استجابت پڑھے۔

اس کے ساتھ ساتھ پیپل جو بڑی اور کانٹے دار ہوں اپنے سامنے رکھے اور تھوڑی سی بخور اور آگ بھی اپنے پاس رکھے پہلے سات سات مرتبہ ہر پیپل پر آیتِ موصوف دم کرے اور مطلوب یا اس شخص کا نام لے کر جلائے۔

دوسرے روز اگر جمعرات ہو تو روزہ رکھے اور بدستور پیپلوں کو گیارہ مرتبہ دم کرے اور نام لے کر جلائے۔

تیسرے روز جمعۃ المبارک کے روز بدستور روزہ رکھے اور ہر پیپل پر اکیس اکیس مرتبہ دم کر کے نام لے کر جلائے۔

بفضل باری تعالیٰ صبح ہی یا بہت جلد مطلوب حاضر ہوگا اور فرمانبرداری کرے گا اگر اسی مرتبہ نہ آئے تو آئندہ منگل سے پھر اسی طرح سے عمل کرے اگر پھر بھی مطلوب حاصر نہ ہو تو تیسری مرتبہ اسی دستور سے پھر عمل کرنے اور ناامید ہرگز نہ ہو یقیناً مطلوب مطیع ہوگا۔

آیات کریمہ یہ ہیں:۔

وَاَلْقَیْتُ عَلَیْکَ مُحَبَّةً مِّنِّیْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰی عَیْنِیْ اِذْ تَمْشِیْ اُخْتُکَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّکُمْ عَلٰی مَنْ یَّکْفُلُهٗ ط فَرَجَعْنٰکَ اِلٰی اُمِّکَ کَیْ تَقَرَّ عَیْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ وَقَتَلْتَ نَفْسًا فَنَجَّیْنٰکَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰکَ فُتُوْنًا وقف ○

کسی کا دل تسخیر کرنے کے لئے

درجِ ذیل عمل حب اور تسخیر خلق کے لئے نہایت مجرب اور بارہا کا آزمودہ ہے۔ بزرگوں کا ارشاد ہے کہ یہ کبھی خطا نہیں جاتا یعنی اگر کسی کو مسخر

کرنا ہو تو بائیس مرتبہ زوالِ آفتاب کے وقت یہ آیت کریمہ پڑھے یقینی بات ہے کہ صرف تین روز کے پڑھنے سے وہ تسخیر اور فرمانبردار ہو جائے گا۔

آیت کریمہ:۔

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَادِرُ وَاَنَا الْمَقْدُوْرُ فَمِنْ یَّدْعُ الْمقدور الالقادر یارب یارب یارب

محبوب کو سفر سے روکنے کے لئے

اگر ایسی صورتِ حال ہو کہ کسی کا محبوب سفر پر جانے پر مصر ہو اور کوئی اس کو روکنا چاہ رہا ہو تو اس کو چاہیئے کہ جس طرف اس کے محبوب کے جانے کا ارادہ ہو اس راہ کا ایک پتھر اٹھالائے اور اس پر درجِ ذیل آیت مبارکہ مع محبوب کا نام اور اس کی والدہ کا نام لکھ کر کسی کنویں میں ڈال دے۔

امید ہے کہ جب تک وہ پتھر اس کنویں میں پڑا رہے گا وہ ہرگز کسی طرف بھی سفر نہ کر سکے گا۔

آیت مبارکہ:۔

۷۸۶ قَالُوْا یٰمُوْسٰی اِنَّا لَنْ نَّدْخُلَهَا اَبَدًا مَّادَامُوْا فِیْهَا فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّکَ فَقَاتِلَا اِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ ○

عشق میں گرفتار کرنے کے لئے

جناب صاحبزادہ محمود الحسن صدیقی صاحب فرماتے ہیں کہ یہ عمل ایک تارک الدنیا اور کامل واکمل بزرگ کا عنایت کردہ ہے جو نہایت مجرب اور آزمودہ ہے اگر کوئی بھی کسی کو اپنے عشق میں گرفتار کرنا چاہے تو اس کو چاہیئے

کہ تھوڑی سی شکر یا چینی پر درجِ ذیل عمل کو پڑھ کر دم کرے اور اس کو کھلا دے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم وہ مطیع وفرمان بردار ہوگا۔

اگر صورتِ حال یہ ہو کہ اس کو کھلا نہ سکے تو پھر چیونٹیوں کو کھلائے امید ہے کہ کامیاب وکامران ہوگا۔

عمل یہ ہے:۔

الم تر کیف بستم خواب وخور فلان افسون فلان ابن فلان علیٰ حب فلان ابن فلان فعل ربک باصحٰب الفیل الم یجعل کیدھم بستم خواب وخور فلان ابن فلان علیٰ حب ابن الفلان فی تضلیل وارسل علیھم طیراً ابابیل ترمیھم بحجارۃ من سجیل فجعلھم کعصف ماکول بستم خواب و آرام فلان ابن الفلان علیٰ حب فلان ابن الفلان

نوٹ:۔

درج بالا عمل میں فلاں ابن فلاں میں مطلوب کا نام مع والدہ لکھے اور جب علی حب پڑھے تو اپنا اور اپنی والدہ کا نام لکھے، پڑھے۔

عمل مجرب برائے حب

اگر کوئی بھی کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرنا چاہے تو اسے چاہیئے کہ

سورہ الم نشرح سات مرتبہ باوضو ہو کر پڑھے اور نمک پر دم کر کے بوقت غروب آفتاب آگ ہی جلائے عمل پڑھتے وقت مطلوب کا نام مع اس کی والدہ کا نام ضرور لے۔

امید ہے کہ پڑھنے والا اگر صدقِ دل سے یہ عمل کرے گا تو ضرور کامیاب ہوگا۔

ترکیبِ دعوت بسم اللہ شریف

اس کے لئے چاہئے کہ اول ترک حیواناتِ جمالی وجلالی کرے اور گناہ کے کاموں سے خود کو ہر طرح سے روکے اب عمل شروع اس طرح کرے کہ عروجِ ماہ میں نماز فجر کے بعد اس کا آغاز کریں مگر اس کے تین طریقے ہیں۔

''اُلُوف'' یعنی ہزار۔

''فِأَت'' یعنی سینکڑہ۔

''عشرات'' یعنی دھائی

تفصیل اس کی کچھ یوں ہے کہ اگر الوف کو اختیار کرے تو ہر روز دس ہزار بار دس روز تک پڑھے یہ سب ایک لاکھ ہوئے اور اگر مآت کو اختیار کرے تو ہر روز ہزار بار پڑھے اور اگر عشرات کو اختیار کرے تو ہر روز دس بار پڑھے لیکن بزرگوں کا کہنا ہے کہ 'الوف' ہی بہتر ہے جب ماہ ختم ہوجائے تو پھر روزانہ دس مرتبہ ضرور پڑھا کرے پھر جس امر کے لئے بھی دُعا کرے حاجب پوری ہوگی۔

محبت میں کامیابی حاصل ہو

اگر کسی خاص شخصیت سے کسی کو شدید محبت ہو مگر اس کی طرف سے

جواب ہاں میں نہ ملتا ہوتو ایسی صورت حال میں طالب کو چاہیئے کہ بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھیں اور پھر پانی پر دم کر کے مطلوب کو پلا دیں۔

یقینی بات یہ ہے کہ اس کو بھی طالب کے ساتھ شدید محبت قائم ہوجائے گی۔

نفرت کا خاتمہ کرنے کے لئے

اگر دو اشخاص یا خواتین یا زوجین میں باہمی عداوت یا جدائی ہوجائے تو ایسی حالت میں چاہیئے کہ دو شنبہ کی رات کو دو رکعت نماز ادا کرے اور ہر رکعت میں دس مرتبہ سورہ والضحیٰ پڑھے اس کے بعد نماز مکمل کرے نماز مکمل کر کے درج ذیل عمل پچیس مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اَحْبِبْنِیْ اِلٰی قَلْبِ فُلَانٍ بن فُلَانٍ

نوٹ:۔

فلاں بن فلاں کی جگہ جن کے بارے میں عمل کرنا ہو ان کی والدہ اور ان کا نام لے۔

محبت زوجین کے لئے مجرب نقش

اگر خدانخواستہ میاں بیوی میں لڑائی جھگڑا ہونا ہو اور گھر کا سکون برباد ہوچکا ہوتو چاہیئے کہ سورہ جمعہ کا درجِ ذیل نقشِ معظم تیار کر کے خاوند اپنے پاس حفاظت سے رکھے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم ضرور سلوک واتفاق قائم ہوگا۔

نقش معظم:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۱۵۳۸۱	۱۵۳۸۴	۱۵۳۸۷	۱۵۳۷۲
۱۵۳۸۶	۱۵۳۷۴	۱۵۳۸۵	۱۵۳۸۵
۱۵۳۷۵	۱۵۳۸۹	۱۵۳۸۹	۱۵۳۷۹
۱۵۳۸۳	۱۵۳۷۸	۱۵۳۸۸	۱۵۳۸۸

خاوند کی بدکلامی رک جائے

اگر کسی خاتون کا خاوند اس سے اکثر اوقات بدکلامی کرتا ہو، لڑائی جھگڑا کرتا ہو اور اس سے صحیح طرح بات نہ کرتا ہوتو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس خاتون کو چاہیئے کہ پیر کے روز درج بالا نقش معظم کو تیار کر کے صحرا میں دفن کرے۔

یہ نقش نہایت ہی مجرب اور مفید ہے۔

مطلوب مطیع ہوجائے

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ وہ اپنے محبوب کو اپنا مطیع بنا لے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

درجِ ذیل نقش کو اگر اپنے بازو پر باندھ کر محبوب کے پاس جائے تو یقیناً وہ اس کی طرف مائل ہوجائے گا۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یُحِبُّوۡنَھُمۡ	کَحُبِّ	اللّٰہِ	وَالَّذِیۡنَ
لَحُبِّ	اللّٰہِ	وَالَّذِیۡنَ	اٰمَنُوۡا
اللّٰہِ	وَالَّذِیۡنَ	اٰمَنُوۡا	اَشَدُّحُبًّا
وَالَّذِیۡنَ	اٰمَنُوۡا	اَشَدُّ حُبًّا	لِلّٰہِ

محبوب کو بے قرار کرنے کے لئے

اگر کوئی چاہئے کہ اس کا سنگدل محبوب اس کی محبت میں بے قرار ہوجائے تو طالب کو چاہیئے کہ درجِ زیل نقش کو حسبِ قاعدہ تیار کر کے ایک درخت کی مضبوط شاخ کے ساتھ لٹکادے یہ نقش مشک وزعفران سے اور کسی پاک قلم کے ساتھ تحریر کرے جب ہوا سے یہ نقش ہلے گا تو مطلوب بے قرار ہوگا۔
نقش یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۵۵	۲۵۳	۲۵۶	۲۴۳
۲۵۵	۲۴۴	۲۴۹	۲۵۴
۲۴۵	۲۵۷	۲۵۱	۲۴۸
۲۵۲	۲۴۷	۲۴۶	۲۵۷

محبتِ زوجین کے لئے مجرب نقش

خدانخواستہ اگر میاں بیوی میں ناچاقی ہو جائے تو چاہیئے کہ بیوی اس نقش کو دو مرتبہ عرق گلاب، مشک اور زعفران سے تحریر کرے اس کے بعد ایک تو اپنے شوہر کو پانی میں گھول کر پلائے اور دوسرا نقش اپنے بازو کے ساتھ باندھ لے۔
نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۲۴
۱۰	۵	۳	۱۵

نقوش برائے حب

اگر مطلوب، مطیع یا اپنی طرف راغب کرنا ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔
اس مقصد کے لئے اُسے چاہیئے کہ اس کا پہنا ہوا کپڑا لے کر اس پر مشک وزعفران ومشک سے درجِ ذیل دونوں نقوش تحریر کر لے ایک نقش کو آگ میں جلا دے اور دوسرے نقش کو جہاں مطلوب کی آمدورفت ہو دفن کر دے۔

نقوش:۔

نقش نمبر ۱:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۱۱۳	۱۱۱۹	۴۷۱۳	۴۱۱۷
۱۳۱۹	۱۱۹۰	۲۱۹	۱۱۱۱
۹۱۳	۱۱۰	۹۱۱۲	۱۲۹۹
۹۱۳	۹۱۱	۹۱۰	۱۹۱۱

نقش نمبر ۲:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۸	۱۱	۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

برائے تسخیر وحب

کسی مخصوص انسان کو یا عام لوگوں کو مسخر کرنے اور اپنی طرف کرنے کے لئے درجِ ذیل آیات مبارکہ بعداز نماز فجر اور بعداز نماز مغرب گیارہ

مرتبہ پڑھے جبکہ اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف لازمی پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور کامیاب و کامران ہوگا۔

آیات مبارکہ:۔

یُحِبُّوۡنَھُمۡ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ وَالۡکٰظِمِیۡنَ الۡغَیۡظَ وَالۡعَافِیۡنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰہُ یُحِبُّ الۡمُحۡسِنِیۡنَ o اَوَمَنۡ کَانَ مَیۡتًا فَاَحۡیَیۡنٰہُ وَجَعَلۡنَا لَہٗ نُوۡرًا یَّمۡشِیۡ بِہٖ فِی النَّاسِ کَمَنۡ مَّثَلُہٗ فِی الظُّلُمٰتِ لَیۡسَ بِخَارِجٍ مِّنۡھَا ؕ کَذٰلِکَ زُیِّنَ لِلۡکٰفِرِیۡنَ مَا کَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ o فَلَمَّا رَاَیۡنَہٗٓ اَکۡبَرۡنَہٗ وَقَطَّعۡنَ اَیۡدِیَھُنَّ وَقُلۡنَ حَاشَا لِلّٰہِ مَا ھٰذَا بَشَرًا ؕ اِنۡ ھٰذَآ اِلَّا مَلَکٌ" کَرِیۡمٌ" o وَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ لَمۡ یَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ شَرِیۡکٌ" فِی الۡمُلۡکِ وَلَمۡ یَکُنۡ لَّہٗ وَلِیٌّ" مِّنَ الذُّلِّ وَکَبِّرۡہُ تَکۡبِیۡرًا o یٰٓاَیُّھَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَکُوۡنُوۡا کَالَّذِیۡنَ اٰذَوۡا مُوۡسٰی فَبَرَّاَہُ اللّٰہُ مِمَّا قَالُوۡا ؕ وَکَانَ عِنۡدَ اللّٰہِ وَجِیۡھًا o

ہر شخص محبت کے ساتھ پیش آئے

جو شخص یہ چاہے کہ مخلوقِ خدا اس کی عزت بے حساب کرے اور وہ جہاں جائے اس کی عزت و توقیر ہو تو اس کو چاہیئے کہ درجِ ذیل عمل دس مرتبہ

پڑھے اور اول و آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے اپنے چہرے پر مل لے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کی ہر جگہ عزت وتکریم ہوگی۔

عمل یہ ہے:۔

اَلَّا تَعْلُوْا عَلَّی وَاْتُوْنِیْ مُسْلِمِیْنَ یَاخَیْرَ
اَمَقْصُوْدِیْنَ یَاخَیْرَ اَلْمَطْلُوْبِیْنَ یَاخَیْرَ اَلْمَحْبُوْبِیْنَ
یُحِبُّوْنَهُمْ کَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حَبًّا
لِلّٰهِ o

لوگوں میں تکریم حاصل ہو

اگر یہ خواہش ہو کہ عام لوگ اس کے ساتھ پیار ومحبت کے ساتھ پیش آئیں تو چاہیئے کہ درجِ ذیل آیت مبارکہ بعداز نماز فجر پانچ سو مرتبہ اور اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

یہ عمل نہایت مجرب عمل ہے۔

آیت مبارکہ:۔

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

برائے حب مجرب عمل

حب کے واسطے یہ عمل نہایت ہی مجرب ہے طریقہ اس کا کچھ یوں ہے کہ عمدہ خوشبو کے سات عدد تازہ پھول لے کر ہر پھول پر سات سات مرتبہ درجِ ذیل آیت مبارکہ پڑھ کر تین مرتبہ پھونک مارے۔

جب تمام پھولوں پر دم کر چکے تو اپنا اور مطلوب کا نام مع والدہ کے

لے کر تمام پھولوں پر دم کرے اب انہی پھولوں میں سے ایک پھول جس سے محبت کرتا ہے اس کو پکڑا دے جیسے ہی وہ پھول سونگھے اس کا مطیع ہوجائے۔

آیت شریفہ یہ ہے:۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَیْمَانَ وَاَلْقَیْنَا عَلٰی کُرْسِیِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

محبت کے لئے مختصر مگر زبردست عمل

اگر کسی کو اپنی طرف راغب کرنا مقصود ہو تو درجِ ذیل عمل کسی بھی شیرینی پر ستر مرتبہ دم کر کے مطلوب کو کھلا دے۔

جس کو بھی کھلائے وہ اس کی محبت میں بے قرار ہوجائے صرف صدق دل اور توجہ کامل شرط ہے۔

عمل یہ ہے۔

یَاطَهٰمُوْنَا

محبت میں کامیابی

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

پانی پر سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب حاصل ہوگا۔

محبت میں کامیابی

سورہ فاتحہ اکیس بار شیرینی پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔

پھر مالک دو جہان کی شان دیکھیں۔

عمل برائے محبت

یامقلب القلوب قلب قلبه الی

چاند کی ابتدائی تاریخوں میں بروز شب جمعہ اور عشاء کے فرض کے بعد نام طالب، مطلوب معہ مادر کے اعداد پڑھے، بعدہ عمل یہ درود شریف اکیس اکیس مرتبہ پڑھے اور پھر نماز مکمل کرے۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً نکشف عنا جمیع الھموم والغموم

یاحی یا قیوم

محبت کی تسبیح

مندرجہ ذیل آیت کریمہ کو ایک کاغذ پر زعفران وگلاب اور مشک سے باوضو حالت میں لکھیں۔

اب اتنا خالص موم لیں جس سے سو دانے عام تسبیح کے بنائے جاسکیں اس موم کو نیم گرم کر کے اس میں اچھی طرح یہ کاغذ کوٹ کوٹ یک جان کر دیں، اس کے بعد اس کے یکساں انداز کے سو دانے بنالیں اور بطریق معروف تسبیح بناڈالیں اس تسبیح پر سو مرتبہ یہی آیت پڑھیں نام طالب اور مطلوب کا لازمی لیں۔

پڑھنے کے بعداس کو کسی پلیٹ میں ڈوراتوڑ کر بکھیر دیں اور مطلوب کا حال دیکھیں۔

اگر بے قرار ہے تو بس کریں ورنہ کامل اکیس روز مکمل کریں اس کے بعد اس کو کسی پرانی قبر میں دفن کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایسی محبت ہو کہ سب رشک کریں۔

اگر کوئی شخص اتنی دور ہے کہ فوراً نہیں آسکتا تو اتنا انتظار کرے کہ جتنی مسافت ہے۔

نوٹ:۔

یہ عمل کوئی صاحب غیر شرعی مقاصد کے لیے نہ کریں ورنہ آپ ذمہ دار ہوں گے، اور نہ ہی بغیر اجازت کریں۔

آیت مبارکہ:۔

الحب فلان بن فلان علی القلب فلان بحق لقد جاء کم رسول من انفسکم عزیز علیه ما عنتم حریص علیکم بالموفین روف رحیم فان تولو فقل حسبی الله لا اله الا ھو علیه توکلت وھو رب العرش العظیمo

تعویز الحب

ذیل کے نقش مبارک کو چھیاسٹھ یوم تک روزانہ ساعت مشتری یا قمر میں زعفران وگلاب ومشک سے لکھے اور گولیاں آٹے میں بنا کر روزانہ دریا میں بہائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم محبت بے حد زیادہ اور بے پناہ ہوگی۔

نقش:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سلام ۱۳۱	قولا ۱۳۷	من رب ۳۹۲	الرحیم ۲۶۷
من رب ۲۷۲	الرحیم ۲۵۸	سلام ۱۳	قولا ۱۳۷
الرحیم	من رب	سلام	الرحیم
قولا ۱۳۷	من رب ۱۳۱	الرحیم ۱۵۸	من رب ۲۹۲

عمل خاص الخاص برائے محبت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، ہادی الرحمٰن کام کرے: سبحان الرحیم، عالم کو کر مسخر اور مستقیم، موہنی چپ، موہنی روپ، موہنی ہوئی دین اسلام عمر بن خطاب علی نبی کا شمشیر بردار پیر دست گیر میرا کام کر کے لاؤ بحق لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

عمل:۔

عمل مذکور کو ایک سو ایک بار صبح کی نماز کے بعد شروع چاند کی جمعرات کے دن پڑھا جائے اول و آخر تین تین بار درود شریف دو لونگ لے کر اس پر دم کریں اور روزانہ انہی دونوں لونگوں پر اکیس دن تک عمل مذکور کو پڑھ کر پھونکتے رہیں۔

اکیسیوں دن نادرین کی روئی میں دونوں لونگوں کو لپیٹ کر بتی بنا

کر روغن صندل میں کاجل تیار کریں کاجل تیار ہونے تک بے تعداد عمل پڑھنا ہوگا۔

جب کاجل بن جائے تو تھوڑا سا صندل کا تیل ملا کر ڈبیہ میں رکھ لیں وقت ضرورت خود تھوڑا سا لگالیں ماتھے پر اور مطلوب کے کپڑوں میں اگر لگا سکتے ہوں تو لگالیں اول و آخر روز فاتحہ صاحب عمل کی یعنی حضرت پیرانِ پیر دستگیر و صحابہ کرام جن کے اسمائے گرامی ہیں کھیر پکا کر دیں۔

اگر رات کو کھیر پکا کر صبح فاتحہ دیں تو مناسب ہے بعد میں کاجل پر دم کریں۔

پرہیز:۔

گوشت، انڈہ، مچھلی، پیاز، لہسن نہ کھائیں دوران عمل میں بیوی کے پاس جانا بھی مناسب نہیں ہے۔

نوٹ:۔

نادرین کی روئی سے مراد وہ روئی ہے جو درخت میں لگی ہو جب روئی ٹیٹ میں پک کر کام میں آنے کے قابل ہوجائے اور گیلی نہ رہے اس وقت کپاس درخت سے روئی کو توڑ کر لانا چاہیئے۔

عمل محبت

چالس دن چنے کے لے کر ایک ایک دانے پر سورہ زلزال پڑھ کر دم کرے اور ہر ایک دانے کو آگ میں ڈالے یا سو بار ایک ہی مرتبہ پڑھ کر سب پر پھونکے اور آگ میں ڈالے اس وقت منہ میں شیرینی رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کم سے کم تین روز میں اپنا اثر دکھاوے گی خدانخواستہ اگر تین روز میں کامیابی نہ ہو تو ایک ہفتہ تک اس عمل کو جاری

رکھیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ضرور کامیابی ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۞ وَاِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا وَقَالَ الْاِنْسَانُ مَا لَهَا يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَهَا بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ ۞

نوٹ:۔

فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا اور اپنی ماں اور مطلوب اور اس کی ماں کا نام لکھیئے۔

حب النقوش از نقش

یہ وہ عملیات ہیں جنہیں کسی خوشبودار چیز پر پڑھ کردم کرے وہ اس لئے کہ مہک مطلوب تک پہنچائی جاتی رہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یامسخرین فی السموات والارض سخرلی فلان بن فلان (نام مطلوب معه مادر) اللهم لین له علی و واللّٰه لی وسخر اللهم الف محبتی فی قلبه (نام مطلوب معه مادر) فلاں بن فلاں ووجه علی روفا مجبار حیما برحمتک یا

ارحم الرحمین O

ترکیب عمل:۔

پھول گلاب، پھول چنبیلی کا ایک گلدستہ بنوائے اور اس کو عروج ماہ میں جب کہ طالب اور مطلوب کا ستارہ نیک آپس میں نظر رکھتا ہو اس عمل کو مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھ کر دم کرے اور مطلوب کو پیش کرے تو مطلوب محبت کا اقرار کرے اور دائمی قول وقرار سے پیش آئے۔

محبت کا عمل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

یابدوح واحد الودود

بحر من فلاں بن فلاں مبتلائے عشق بحرمت

شاهد المعبود بحق یاودود

ترکیب عمل:۔

عروج ماہ میں جبکہ طالع نیک ہو، دن جمعرات نوچندی ہو، شب کو ننگے داہنے پاؤں پر کھڑے ہو کر شروع کرے اور محبوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھے، دھونی لوبان کی دے، اس عمل کے دوران بعض اوقات ڈر بھی لگتا ہے اور بعض اشکال دکھائی دیتی ہیں پہلے اور دوسرے ہفتے اگر دل پر قابو رکھا اور مسلسل محنت جاری رکھے تو اس دوران اکیس یوم تک انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب حاضر ہوگا۔

نوٹ:۔

اس عمل میں پرہیز جلالی اور نڈر ہونے کی ضرورت ہے، کمزور دل

حضرات اس عمل کو مت کریں۔

نقش برائے تسخیر

ساعت زہرہ میں، جبکہ چاند کی ابتدائی تاریخیں ہوں اور دن پیر کا ہو ، مندرجہ ذیل کا نقش مبارک مشک اور زعفران سے ہرن کی جھلی پر خوش اعتقادی سے لکھے اور سیدھے بازو پر باندھے ایسی تسخیر ہو کہ لوگ اس کے تابع اور فرمان ہو جائیں روزانہ ایک سو ایک مرتبہ اس آیت پاک کی تلاوت کر کے اور پانی یا شکر پر دم کر کے پاس رکھے تمام نیک مقاصد کے لیے کھائے پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کامیاب ہو۔

نقش یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فسلفیکھم	اللہ وھو	السمیع	العلیم
العلیم	السمیع	اللہ وھو	فسلفیکھم
اللہ وھو	فسلفیکھم	العلیم	السمیع
السمیع	العلیم	فسلفیکھم	اللہ وھو

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

محبوب خود مطلوب بن جائے

یہ دُعا ساعت سعید میں جبکہ طالع کی نظر محبوب کے ستارے سے

نیک ہو تو چینی کی پلیٹ پر زعفران وگلاب سے لکھے اور گلاب سے محو کر کے پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم ایسی محبت ہو کہ دیکھنے والے رشک کریں اور معشوق عاشق بن جائے اس دُعا کو سنہرے یا سفید چاندی کے ورق پر لکھ کر چاندی کے تعویز میں پاس رکھنے سے طرح طرح کی فیوض وبرکات ظاہر ہوں۔

دُعا:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

یاسید یا سید یا سید اللھم مودت و محبت بین فلاں بن فلاں علی حب فلاں بنت فلاں کما بین آدم وحوا کما بین ابراھیم وسارا کما بین یوسف وزلیخا کما بین محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ومودتہ وکما بین علی و فاطمۃ الذھر ارضی اللہ تعالیٰ عنہ وبحق یحبونھم کحب اللہ والذین امنو اشد حب اللہ وبحق الرحمن وعلم القرآن وبحق ست حروف ابجد وبحق این اسم اعظم یا حی یا قیوم یا ارحم الرحمین وصلی اللہ علی خیر خلقہ محمد وعلی سائر الانبیاء والمرسلین وعلی آلہ

واصحابه اجمعین

عمل دیگر برائے محبت

محبت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نفع بخش ہے۔
یہ عمل طالب اور مطلوب کے ناموں کے اعداد کے مطابق ساعت سعید میں عمدہ کپڑے پہن کر اور عطر گلاب میں خود کو بسا کر پڑھے۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس روز میں اثر کامل ظاہر ہوگا اور دلی مراد بر آئے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لجمعهم يرحبونهم كحب الله والذين امنو اشد حبا لله ولم يرى الذين ظلموااذ يرون العذاب يحبهم ويحبونهم اللهم الفت بينهما كما الفت بين آدم وحوا اللهم الفت بينهما كما الفت بين يوسف وزليخا اللهم الفت بينهما كما الفت بين ابراهيم وسارا اللهم الف بينهما كما الفت بين محمد صلى الله عليه وآله وسلم وخديجه الكبرى رضى الله تعالىٰ اللهم الفت بينهما كما الفت بين على وفاطمته الزهرة صلى الله تعالىٰ عليهم وسلم يا سيدى ياسيدى يا سيدى الحب فلاں بن فلاں

علی قلب فلاں بن فلاں

عمل برائے حُب

ذیل میں دیا ہوا عمل حُب کے لئے انتہائی پراثر ہے جائز مقصد کے لیے اس عمل کو کرنے کی اجازت ہے اگر آپ سے کوئی افسر کسی وجہ سے ناراض ہوگیا ہو اور کسی طرح راضی نہ ہوتا ہو اور آپ اس کو اپنا گرویدہ بنانا چاہتے ہوں اور اس کے دل میں آپ کے بارے میں جو غلط فہمی یا نفرت ہے وہ دور کرنا چاہتے ہیں تو شروع چاند جمعہ کے دن نمازِ فجر کے بعد تھوڑی سی چینی سامنے رکھ کر سورہ یٰسین پڑھیں مگر جب مبین پر پہنچیں تو صرف جملہ مبین کی ایک سو دو مرتبہ تکرار کریں یعنی ایک مرتبہ تو قرآن پاک میں ہے اس کے علاوہ ایک سو دو مرتبہ پڑھیں۔

سورہ یٰسین میں سات مقامات پر مبین ہے تو کل مبین علاوہ قرآن پاک کے سات سو چودہ مرتبہ ہوگی ہر مرتبہ مبین پڑھ کر اس چینی پر پھونک دیا کریں بعد ختم اس چینی کو احتیاط سے رکھیں اور جب موقع ملے کسی ایسی چیز میں گھول کر پلادیں یا ملا کر کھلادیں کہ جس سے کسی قسم کا شک پیدا نہ ہو اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اس چینی کے پیٹ میں جانے کے بعد اس کے دل میں آپ کی محبت پیدا ہوگی چینی کی مقدار اس قدر ہونی چاہیئے کہ جس سے ایک چائے کا کپ یا کوئی مختصر چیز میٹھی ہوسکے باقی چینی کی کمی بیشی آپ کے اختیار میں ہے جس شخص کو مسخر کرنے کی غرض سے عمل کریں تو یہ چینی صرف اسی شخص کے لیے کارآمد ہے چینی پر دم کرتے وقت اس شخص کا نام لے کر ذیل کی دُعا کریں۔

دُعا:۔

الٰہی فلان بن فلان کے دل میں میری طرف سے محبت کی مٹھاس بھر دے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی محبت کے لیے یہ عمل انتہائی مجرب اور مفید ہے مگر ہمیشہ جائز کام میں کیا جائے۔

تسخیر محبوب کے لیے

تسخیر محبوب کے لیے اس سے بہتر تیر بہدف عمل شاید ہی کوئی اور ہو چاہیے کہ یہ عمل نیک مقاصد کی خاطر کرے ناجائز کاموں میں کارآمد نہ ہو اگر میاں بیوی میں سخت ناچاقی ہو اور دونوں میں علیحدگی ہوجانے کا خطرہ ہو اور میاں چاہتا ہو کہ کسی طرح بیوی اس کی مطیع وفرمانبردار ہوجائے جبکہ بیوی اپنی ضد پر اڑی ہوئی ہو اور اس بارے میں کوئی بھی کوشش کارگر ثابت نہ ہورہی ہو تو میاں یہ عمل کرے۔

عمل کا طریقہ یہ ہے:۔

عروج چاند کے دنوں میں نمازِ عشاء کے بعد باوضو حالت میں چودہ دن تک یہ تسبیح ایک سو مرتبہ پڑھے اور جس وقت روزانہ پڑھے ہر روز اسی وقت پر پڑھے انشاء اللہ العزیز الحکیم مطلوبہ مقصد میں بہت جلد کامیابی ہو۔

عمل یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

سُبْحَانَ الَّذِیْ ویش حواھان من کن وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ زبائش گویائے من وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ چشم بتیدۂ من

کن وَاللّٰہُ اَکْبَرُ کوشش باشنوائے من وَلَا حَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ھم تن وھمہ جان فلاں بنت فلاں ۂ مطیع وفرمانبردار من کن سبحق ھذا الکلام آمین۔

باہمی محبت کے لیے

اگر کوئی چاہے کہ دو افراد کے مابین محبت اور دوستی میں بے حد اضافہ ہو یا یہاں بیوی کے درمیان ہر وقت ناچاقی کیفیت رہتی ہو اور کسی بھی طرح میاں بیوی کا سلوک واتفاق نہ ہوتا ہو تو ہر وقت وقت گھر میں لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ایسی صورت میں مندرجہ ذیل تعویز باوضو حالت میں مشک اور زعفران کے ساتھ اس طرح لکھیں کہ تعویز کے ساتھ اس کی ماں کا نام اور نام حب فلاں بن فلاں لکھیں اور پانی میں گھول کر پلائیں یا کسی کھانے والی چیز میں ملا کر کھلادیں انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دونوں کے مابین خوب محبت اور پیار کی فضاء پیدا ہوجائے گی۔

تعویز:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ع۶۹۷	ع۶۸۲	ع۲۱ع	ع۱۶۱۰۸
ع۹۱۱۶	ع۱۲۱۲	ع۹۱۲۱	ع۱۹۱۶
ع۱۹۱۶	ع۲۱۱۲	ع۹۱۱۲	ع۱۹۱۰

عمل سہ تکسیری

یہ عمل برائے کششِ محبوب کے لیے مجرب ہے اتوار کے دن سعد ساعت میں اسم طالب ومطلوب معہ اسم مادران امتزاج دے کر تکسیر کرے جب زمام برآئے تو اس میں دونوں اسموں کو پھر مرکب کر کے صدر موخر کرے پھر دونوں اسموں کو امتزاج دے کر تیسری زمام نکالے۔

یہ تین زمامیں ہوجائیں گی پھر ان تینوں کو امتزاج دے کر ایک فیتہ بنائے اور مسی چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر بخورات سلگا کر فتیلہ روشن کرے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف رکھے اور اس آیات مبارکہ کو اکیس مرتبہ پڑھے۔

زیادہ سے زیادہ سات رات تک مطلوب حاضر ہوجائے گا۔نہایت مجرب اور مفید ہے۔

آیات مبارکہ:۔

اِقْتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمْ وَهُمْ فِی غَفْلَةٍ مُّعْرِضُوْنَ ۚ مَا یَاْتِیْهِمْ مِّنْ ذِكْرٍ مِّنْ رَّبِّهِمْ مُّحْدَثٍ اِلَّا اسْتَمَعُوْهُ وَهُمْ یَلْعَبُوْنَ ۙ o لَاهِیَةً قُلُوْبُهُمْ ؕ وَاَسَرُّوا النَّجْوَی ۖ الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا ۖ هَلْ هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ o اَفَتَاْتُوْنَ السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ ؕ o

تکسیر حُبّ

یہ عمل برائے کششِ محبوب کے لیے مجرب ہے اتوار کے دن سعد ساعت میں اسم طالب ومطلوب معہ اسم مادران امتزاج دے کر تکسیر کرے

جب زمام برآئے تو اس میں دونوں اسموں کو پھر مرکب کر کے صدر موخر کرے پھر دونوں اسموں کو امتزاج دے کر تیسری زمام نکالے۔

یہ تین زمامیں ہوجائیں گی پھر ان تینوں کو امتزاج دے کر ایک فیتہ بنائے اور مسی چراغ میں روغن چنبیلی ڈال کر بخورات سلگا کر فتیلہ روشن کرے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف رکھے اور ذیل کے عزیمت کو اکیس مرتبہ پڑھے۔

زیادہ سے زیادہ سات رات تک حاضر ہوگا نہایت مجرب اور مفید ہے۔

عزیمت یہ ہے:۔

عَزَمْتُ عَلَیْهِمْ یَا اَیُّهَا الْاَرْوَاحِ الْمُوَكَّلَةِ بِهٰذَا الْحُرُوْفِ وَبِحَقِّ مَیْطَطْرُوْنَ وَبِحَقِّ یَااِلٰهَ الْاٰلِهَةِ الرَّفِیْعُ جَلَالَهٗ وَبِحَقِّ سُلَیْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ السَّلَامِ اَحْرِقُوا الْقَلْبَ وَالْجَسَدِ وَالْفُوَادِ (نام مطلوب مع والدہ) بِمُحَبَّتِ وَالْفَتِ وَالْمُوَدَّةِ (نام طالب مع والدہ) الساعة الساعة العجل العجل اَطِیْعُوْنِیْ وَاُحْضِرُوْنِیْ بِحَقِّ یَااَیُّهَا النَّفْسِ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِیْ وَبِحَقِّ كٓهٰیٰعٓصٓ وَبِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ وَبِحَقِّ نٓ وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِیْدِ o وَالْقَلَمِ وَمَا یَسْطُرُوْنَ وَبِحَقِّ اهیا اشراهیا اَدُوْنِیْ اَمْبَاؤُثُ یَامَلَائِكَةُ الْمُوَكَّلَةُ بِهٰذَا الْحُرُوْفِ وَالتَّكْسِیْرِ الْحَرْفِ الْقَلْبِ وَالْفُؤَادِ

وَجَمِيعِ جَوَارِحِ الْبَدْنِ (نام مطلوب معه والده)
بِالْحُبَّةِ وَالْمُحِبَّتِ وَالْمُودتِ وَالْاُنفت، (نام طالب
معه والده) السَّاعَةِ مُنْجَبَتِ اطعام وطعت النوم
والاقراب وَلَا نوم"o الحق بِحَقِّ لَقَدْ جَآءَ كُمْ
رَسُوْل" مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْز" عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيْص"
عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤف" رَّحِيْم"o

حُب دیربی

یہ عمل علامہ دیربی سے منسوب ہے علامہ موصوف نے اسے اپنی تصنیف "فتح المجید" میں اس طرح تحریر کیا ہے۔

مطلوب کا نام علیحدہ علیحدہ حرفوں میں لکھو اور ایک علیحدہ کاغذ پر حروف آتشی لکھو پھر مطلوب اور حروف آتشی کو امتزاج دو پہلے حرف آتشی پھر مطلوب کے نام کا حرف جبکہ حروف آتشی سات ہیں جس قدر حروف زیادہ ہوں سب کو لکھ کر آخر میں حروف آتشی جو کہ ایک باقی ہو لکھ دو اس طرح ایک سطر بن جائے گی اب اس سطر میں جس قدر حروف ہوں ان کو تین گنا کرو اس تعداد کے مطابق علیحدہ علیحدہ کاغذ کے ٹکڑوں پر اس سطر کو لکھو اور ہر ٹکڑا پر ذرا ذرا سا زعفران رکھ کر ان کاغذوں کی علیحدہ علیحدہ پڑیاں بنالو۔

پھر کوئلہ دہکا کر پہلے آگ پر خوشبو ڈالو، جب اس خوشبو کا دھواں اٹھنے لگے تو ایک پڑیا اس میں ڈال دو اور جو تعداد تم نے ان حروف کے سہ گنا کرنے سے حاصل کی ہے یعنی جتنی تم نے پڑیاں بنائی ہیں اسی تعداد میں تم ذیل کا عمل پڑھو۔

عمل:۔

وَقَالَ الَّذِيْنَ سے لے کر حِجْرًا مَّحْجُوْرًا تک
الفرقان (نام مطلوب معه والده)
والقا محبتی فی قلبه(نام مطلوب معه طالبه)
بحق بسم الله الرحمن الرحيم الحمد لله رب
العالمين

یہاں یہ خیال رہے کہ رحیم کی میم اور الحمد کا ل آپس میں مل جائے یعنی ملحمد کر کے پڑھو۔

جب یہ تعداد ختم ہو جائے تو دوسری پڑیا ڈالو پھر اتنی ہی مرتبہ عمل پڑھو یہاں تک کہ سب پڑیاں ختم ہو جائیں عمل کے دوران دھوئیں کا سلسلہ منقطع نہ ہونے پائے کم و پیش ہو تو کوئی حرج نہیں۔ دھوئیں کا تسلسل ٹوٹنے سے عمل بے کار ہو جائے گا۔

اسے جاری رکھنے کے لیے خوشبودار صندل کا برادہ، لوبان یا کوئی اور خوشبو بھی استعمال کی جاسکتی ہے عمل کی تعداد بڑھائی ہوئی ہوگئی اور اتنے ہی دنوں کا عمل ہوگا دوران عمل مطلوب کی حاضری کا تصور رہے۔

برائے حب

اگر کوئی کسی کو مسخر و مطیع کرنا چاہے دو دلوں میں محبت ڈالنا چاہے تو پہلے طالب و مطلوب کا نام معہ والدہ کے درمیان اسم حسنیٰ یا کوئی موافق مقصد آیت قرآنی لکھے اور تمام سطر کی بست حرفی کر کے اب اس کی تکسیر صدر موثر کرے اب اس تکسیر کے دائیں طرف سے ہر سطر کا پہلا حرف لے کر ایک سطر بنائے دونوں سطروں کے اعداد لے کر مربع نقش بھرے اور اس سے آٹھ

مؤکل، آٹھ اعوان اور مرکزی اسم کا استخراج کرلے اور پھر عزیمت تیار کر
نقش کو سعد ساعت میں لکھے اور لکھتے وقت منہ میں میٹھی چیز رکھے۔ عنبر او
اشہب کا بخو جلائے۔

نقش کا فلیتہ بنا کر روئی لپیٹ کر چراغ میں رکھے اور چراغ کا رخ
مطلوب کے گھر کی طرف کر کے جلائے۔

خود چراغ کے سامنے بیٹھ کر عزیمت کو ہر سہ اسماء کو تکسیر کی سطر اول
کے حروف کی تعداد کے مطابق پڑھے یعنی اگر اس میں دس حروف ہوں تو دس
مرتبہ عزیمت پڑھے۔

دس دن تک یہ عمل کرے دس فتیلے روشن کرے۔

اس کی تکسیر اس طرح ہوگی کہ اسم طالب زید ہے مطلوب عمر ہے ان
کے درمیان حسنیٰ اسمی یا ودود داخل کیا کیونکہ یہ اسم موافق محبت ہے اور اس کے
اعداد مزوجات بدوح کے حروف کے مطابق ہیں لہٰذا اس کی تکسیر کی صورت یہ
ہوگی۔

زی د و د و د ع م ر	سطر اوّل
ر ز م ی ع د د و و د	
و د و ز د م د ی ہ ع	
ع ذ د و ی و د ز م و	
و ع م ذ ز د د ر و ی	
ی و و غ ر م و د د ز	زمام
زی د و د و د ع م ر	سطر میزان

حرف اول ہر ایک سطر راست سے = ز ر د ع د ی ر

حرف آخر پر ایک چپ راست سے = ر د ع و ز ر

کل تعداد ۸۰۱ طرح ۳۰ حصہ چہارم ۱۹۲ کسر

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۲۰۱	۳۰۸	۱۹۳	۱۹۹
۱۹۸	۱۹۴	۲۰۵	۲۰۴
۲۰۶	۲۰۲	۲۰۰	۱۹۲
۱۹۵	۱۹۷	۲۰۳	۲۰۶

اب اس نقش سے مؤکل اعوان، اسم اور عزیمت استخراج کریں اور
گزشتہ طریقہ کے مطابق عمل کریں۔

شدید حُب

اگر کسی شخص کی یہ خواہش ہو کہ کوئی بھی شخص اس سے شدید محبت
کرے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے اگر وہ شخص کسی میٹھی چیز پر لفظ ''یا بدوح'' لکھ
کر کسی بھی شخص کو کھلائے وہ اس کو بہت چاہنے لگے اور اس سے محبت
کرنے لگے گا اور اگر وہ لفظ ''بدوح'' چھری پر لکھ کر کوئی چیز اس چھری سے
کاٹ کر کسی بھی شخص کو کھلائے تو وہ شخص اس سے محبت کرنے لگے گا۔

محبت کا عمل

باہمی محبت کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے جمعہ کی نصف شب کے بعد ذیل کی آیت مع الدعا تیں بار پڑھے۔

آیت یہ ہے:۔

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ○

دُعا یہ ہے:۔

اللھم یا رب انت حسبی علی فلاں بن فلاں عطف قلبہ علی وزللہ لی فان اللہ تعالیٰ یعطف قلبہ علیک ویمنع کیدہ عنک واللہ علی کل شئی قدیر

برائے الفت ومحبت

الفت ومحبت کے لئے ذیل کا عمل فائدہ مند اور نفع بخش ہے۔

اس مقصد کے لئے جمعہ کی رات سحری کے وقت دو رکعت نماز پڑھے ذیل کی آیت آخر سورہ تک تیس بار پڑھے۔

پھر درود شریف سو بار پڑھے پھر ذیل کی دُعا پڑھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فائدہ ہوگا۔

آیت مبارکہ:۔

لقد جاء کم رسول اللہ من انفسکم عزیز علیہ ماعنتم حریص علیک بالامؤمنین رؤف

الرحیم

دعا:۔

اللھم حب الی فلاں بن فلانۃ یاتی الی خاضعاً ذلیلاً من غیر مھلۃ واشغلہ بمحبتی انک علی کل شئی قدیر

محبت کا مجرب عمل

جو شخص کسی کو اپنی طرف مائل کرنا چاہے تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے پہلے تین دن روزے رکھے اتوار کے دن سے شروع کرے اور رات یہ عزیمت ہزار بار پڑھے اور حنا کا بخور روشن کرے پیر کی رات عشاء کی نماز کے فوراً بعد پڑھے۔

عزیمت یہ ہے:۔

بمشطلخ طالخ کطلخ یطلموخ عالج عجرنخ بعزۃ یخ اجب یامیمون بشرۃ الدعاء بقوۃ جبرائیلؑ و بنفخۃ اسرافیلؑ ویسطوۃ میکائیلؑ وبقبضۃ عزرائیلؑ اجب یامیمون وافعل ماامرتک بروھو کذا و کذ مقصود ذکر کرے وسمی ماتریدبحق یاہ یاہ ان کانت الاصیحۃ واحدۃ فاذا ھم جمیع الدنیا محتضرون وانہ

لقسم لوتعلمون عظیم اجب یامیمون بارک الله فیک وعلیک

ہزار مرتبہ پڑھ کر دُعا مقصد بیان کرے۔

مجرب عمل حُب

حُب کے لئے مفید اور فائدہ مند ہے۔

یا مجیخ یا طوشینشا اجب بالتوراۃ ومایتلی فیھا اجب بالانجیل ومایتلی فیه اجب بالزبور وما یتلی فیه اجب بحق القرآن وما یتلی فیھا اجب واحضروا اذھب الی کذہ او کنا فی صدرتی ومثالی وعدقه باسمی وکنیتی وطلی واطعنه باالحراب واضربه بالدیا بس حتی اذا اصبح یاقی الی خاصعاً ذلیلاً ویقضیٰ حاجتی اجب وافعل ما امرتک به العجل الساعة

یہ قسم بھی ہزار مرتبہ پڑھے بخوراس کا بھی حنا اور شمر ہے۔

برائے حُب

عروج ماہ میں بدھ یا جمعرات یا جمعہ سے شروع کرے ایک وقت معین کر کے محفوظ جگہ میں اطمینان قلب اور طہارت کامل کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ مزمل شریف کو بیس بار اور دوسری رکعت میں پانچ بار پڑھے بعداز سلام کے اپنی حاجت کے واسطے دُ

کرے اگر محبت کے واسطے پڑھتا رہے تو اثنائے عمل میں معشوق کی صورت کا خیال رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم چند روز میں جو حاجت ہوگی پوری ہوگی۔

حُب کے لئے

اگر کسی کے دل میں محبت پیدا کرنی ہو یا کہنا نہ ماننے والی اولاد کے دل میں محبت واطاعت پیدا کرنی ہو تو ذیل کا عمل اس کے لیے بے حد مفید اور نافع ہے۔ چینی، شہد، کھجور، کشمش، بادام، ناریل اور دودھ یہ سات اشیاء ہم وزن لے کر ان پر باری باری سات مرتبہ سورہ مزمل شریف پڑھ کر دم کریں اور بعد میں ان کو باہمی ملا کر ان کو پکائیں اور پکوان کو مطلوب کو کھلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل سے اس کے دل میں محبت والفت اور فرمانبرداری پیدا ہوجائے گی اور عمل کرنے والے کی ہر بات کو مانے گا اور تابعداری کرے گا یہی عمل دو بھائیوں کے درمیان نفرت کو دور کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

برائے حُب

اگر کوئی عورت اپنے خاوند سے نفرت کرتی ہو اور اس کو تنگ کرتی ہو گھر میں بلاوجہ لڑائی جھگڑا کرتی رہتی ہو اور کسی بھی طرح اپنی روش سے باز نہ آتی ہو یا اگر روٹھ کر میکے چلی گئی ہو اور واپس نہ آتی ہو ہر معاملے میں اپنی بات منوانے کی ضد کرتی ہو جبکہ خاوند یہ چاہتا ہو کہ بیوی کے دل میں اس کی محبت پیدا ہوجائے اور وہ کسی طرح راہ راست پر آجائے۔

اس مقصد کے لئے عامل کو چاہیئے کہ وہ ذیل میں دیئے ہوئے دو نقوش صبح کے وقت سات اور آٹھ بجے کے درمیان باوضو ہو کر لکھے اور مرد کو

دے کہ وہ نقش نمبر ایک چاندی کے لاکٹ میں بند کر کے اپنے گلے میں ڈالے جبکہ دوسرا نقش دھاگہ میں لپیٹ کر انار کے درخت کی ٹہنی سے باندھ دے تاکہ ہوا میں ہلتا رہے۔ بفضلِ باری تعالیٰ بیوی کے دل میں اپنے خاوند کی محبت پیدا ہو جائے گی اور وہ راہِ راست پر آجائے گی۔

نقش نمبر ۱:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

بِسْمِ	اللّٰهِ	الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ
الرَّحِيْمِ	الرَّحْمٰنِ	اللّٰهِ	بِسْمِ
اللّٰهِ	بِسْمِ	الرَّحِيْمِ	الرَّحْمٰنِ
الرَّحْمٰنِ	الرَّحِيْمِ	بِسْمِ	اللّٰهِ

فلاں بن فلاں علی الحب فلاں بن فلاں

نقش نمبر ۲:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ	هُوَ	اللّٰه	احد
اللّٰه	الصَّمد	لم	یلد
ولم	یو	لد	ولم
یکن	له	کفواً	احد

عمل حب

حب کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے سرمہ عمدہ خالص لیا جائے اور اس پر بروز جمعہ یا ہ یا بروز پیر اول ساعت میں جبکہ ستارہ نحوست سے پاک ہو، ذیل کی آیات مبارکہ ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس سرمہ کو چاندی کی سلائی سے تین مرتبہ سیدھی آنکھ میں اور دو مرتبہ الٹی آنکھ میں لگائیں اور اپنے مطلوب کے سامنے جائیں مطلوب مطیع ہو کر اقرار محبت کرے گا۔

نوٹ:۔

باور رہے کہ ناجائز عمل کی صورت میں مستوجب عذاب الٰہی ہونگے۔

آیات مبارکہ:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ اٰمِيْنَ

حب کے لئے ۱

جائز حب کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔ اس مقصد کیلئے ساعت زہرہ میں سفید کاغذ پر باوضو حالت میں سورہ الفاتحہ کے ذیل کے نقش کو زعفران ومشک سے تحریر کریں اور اس پر سورہ فاتحہ اکتالیس مرتبہ بمعہ دُعائے ذیل گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس کو موم جامہ کر

کے اپنے سیدھے بازو پر باندھیں۔انشاء اللہ مطلوب حاصل ہوگا ناجائز کام کیلئے اس عمل کو کرنے کی صورت میں سزائے ربانی کے خود ذمہ دار ہونگے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

جب تک	وَالْقَیْتُ عَلَیْکَ	میرے پاس نہ آئے
مجبوبہ/محبوب	۲۰۶ ۲۰۶ ۴۰۲ ۲۰۰	
والدہ کا نام	۴۰۴ ۲۹۹ ۴۴۹ ۲۰۵	
اپنا نام	۱۹۸ ۴۰۱ ۲۰۷ ۲۹۵	
	۲۰۶ ۲۵۶ ۲۹۷ ۱۴۲	
تاریخ		دستخط

دُعا:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ تَوَکَّلْ یَاجِبْرَائِیْلُ اَنْتَ وَخُدَامَکَ وَاَعْوَانُکَ بِحَقِّ اللّٰہِ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارِ الْکَرِیْمِ الْوَھَابِ الْقَھَارِ اَللّٰھُمَّ اَلْقِ مُحِبَّۃَ کَذَا (اپنی اور اپنی ماں کا نام) بِحَقِّ مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ وَبِحَقِّ اللّٰہِ الْحَیِّ الْقَیُّوْمِ اَلْوَاحِدِ الْاَحَدِ تَوَکَّلْ یَااَسْرَافِیْلُ اَنْقِذْ اَعْوَانِکَ وَاَلْقِ مُحَبَّۃً کَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِیْ قَلْبِ کَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ وَبِحَقِّ الْمَلِکِ الْمُقْتَدِرُ الْمُقَدِّمِ الْمُبْدِیُ الْمُعِیْدِ تَوَکَّلْ یَارُوْقَیَائِیْلَ اَنْتَ وَاَعْوَانُکَ وَاَلْقُوْا مُحَبَّۃَ کَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِیْ قَلْبِ کَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ وَبِحَقِّ الْفَوْدِ الْحَیِّ تَوَکَّلْ یَانُوْرَائِیْلُ وَاَعْوَانُکَ وَاَلْقُوْا مُحَبَّۃَ کَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِیْ قَلْبِ کَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْعَلِیْمُ الْجَوَّادِ الْکَرِیْمِ تَوَکَّلْ یَاعِزْرَائِیْلَ اَنْتَ وَاَعْوَانِکَ سَمِیْعًا مُطِیْعًا

وَالْقُوْمُحَبَّةَ كَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِیْ قَلْبِ كَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) بِحَقِّ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ○ وَبِحَقِّ الْقَاهِرَ الْعَزِیْزِ الْجَلِیْلِ الْكَبِیْرِ تَوَكَّلْ اَنْتَ وَاَعْوَانُكَ سَامِعًا مُّطِیْعًا وَالْقُوْا مُحَبَّةً كَذَا (اپنا اور اپنی ماں کا نام) فِیْ كَذَا (مطلوب اور اس کی ماں کانام) بِحَقِّ یُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ

عمل حب

جائز مقصد کے لئے ذیل کا عمل حب بے حد مفید اور نافع بخش ہے۔
اس مقصد کے لئے روزانہ صبح کو نماز فجر کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان بطریق ذیل سورہ الحمد شریف کو گیارہ مرتبہ اپنے مطلوب کا تصور کر کے اکتالیس روز تک پڑھیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مقصود بفضل ایزدی حاصل ہوگا۔

ترکیب عمل:۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اس آیت کی تکرار اپنے مقصود کو سامنے رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ کریں

اور مطلوب پر تصور میں پھونک لگائیں اس کے بعد بقیہ سورہ کو مکمل کریں اور آمین کا لفظ تین مرتبہ دہرائیں اس کے بعد رب العزت کی بارگاہ میں اپنے مقصود کے لئے دُعا مانگیں۔

لبرائے حب

اگر خاوند اور بیوی میں محبت نہ ہو یا دونوں ایک دوسرے کو ناپسند کرتے ہوں اور دونوں میں سے ایک یہ چاہے کہ ان کے درمیان لاثانی محبت پیدا ہوجائے تو اس کے لیے لازم ہے کہ پہلے طالب ومطلوب کی ماؤں کے نام ایک کاغذ پر لکھ کر ان کے علیحدہ علیحدہ حروف لکھے اور ان کے اعداد نکالے اور ان کو جمع کر لے اور پھر باوضو قبلہ رخ بیٹھ کر اس آیت کا ورد ان اعداد کی تعداد کے مطابق بمعہ اول وآخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور صمیم قلب دُعا مانگے اور یہ بھی مانگے کہ ان کے سابقہ گناہوں کی اللہ تعالیٰ کریم معافی عنایت فرمادیں اور آئندہ کے لیے غلطیوں سے بچنے کی توفیق بخشیں اور اس آیت مبارکہ کے وسیلہ جلیلہ سے ہمارے درمیان لازوال اور انمٹ محبت واتفاق پیدا فرمادیں۔
انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے عمل سے مقصد حاصل ہوجائے گا اور امیاں بیوی کے درمیان لازوال محبت پیدا ہوجائے گی۔

نوٹ:۔
یاد رہے کہ اس عمل کے لیے کوئی سا بھی وقت مقرر کریں لیکن روزانہ اسی وقت پر عمل کرنا ضروری ہے۔

آیت یہ ہے:۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ○

حب کا مجرب عمل

جس کسی کو اپنے محبوب کی محبت درکار ہو اور ہر حربہ ناکام ہو چکا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مجرب اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز ہفتہ کی رات اکیس دانہ سرسوں لے کر ہر دانہ پر ذیل کی آیت مبارکہ پڑھ کر دم کریں اور ان کو ساتھ ساتھ آگ میں جلاتے جائیں اور پھر اسی آیت مبارکہ کا ورد کرتے ہوئے محبوب کے سامنے جائیں وہ شیدا و دوالہ ہو جائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیْمٌ ۚ یَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِہٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ ○ حب فلان بن فلاں مابین فلاں بن فلاں

نوٹ:۔

فلان بن فلاں کی جگہ اپنے محبوب اور اس کی ماں اور اپنا اور اپنی ماں کا نام لیں۔

تسخیر محبوب کا ایک مجرب عمل

نام طالب و مطلوب اور والدہ کے اعداد کے مطابق اس عمل کو عروج ماہ میں بروز جمعہ شروع کرے اور مطلوب کا تصور کامل رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم کامیابی نصیب ہوگی دوران عمل چڑیوں کو پابندی سے دانہ ڈالیں۔

عمل:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یاعطوف ذوہ القوۃ المتین اعطف علی صلب فلاں بنت فلاں برحمتک یا ارحم الرحمٰن

اول و آخر درود پاک ذیل پڑھیں۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ

برائے محبت

محبت کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

عروج ماہ میں بعد نماز عشاء کنویں پر اس طرح بیٹھے کہ منہ کنوئیں کے دائیں طرف رہے اول و آخر درود پاک ذیل بعدہ ذیل کی آیت مطلوب کے نام کے اعداد کے مطابق پڑھیں اور اس کے سینے پر دم کرے اس کے بعد دوبارہ تین بار درود پاک ذیل پڑھ کر عمل کرے۔

آیت یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

یحبونھم کحب اللّٰہ والذین امنو اشد حبا للّٰہ

حبا حبا حبا

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ" اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وعَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ"

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس روز میں مطلوب کے دل میں طالب کی محبت جاگ اٹھے گی۔

واسطے محبت کے

اگر کسی کو اپنی طرف مائل ومتوجہ کرنا ہو تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے زعفران وگلاب ومشک سے کاغذ میں لکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر اور چراغ کے عین درمیان میں جلانے سے دل اس کے مطلوب کا بے چین ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

ددک ۱۰ ۴۰م حـا ط ع ع و د ص ص ۱ ۱ ۱ ع ۱۱

ع ۱۱ ع

۱۹۹ و ۱ ۱ سرح الا ہ حاماہ ہ ع ع

اس ح ر ر ر م ع ع اِب د ر ر ر ح ۱ ۱ ۱ ع ـا ۱ ۱

ع ع

محبت کے واسطے

ذیل کا تعویز محبت بڑھانے کے لئے زعفران وگلاب ومشک سے لکھ کر گائے کے گھی میں کاجل نکال کر اور آنکھ میں لگا کر مطلوب کے سامنے جانا چاہیئے۔

مطلوب مہربان ہوگا مجرب اور مفید عمل ہے۔

تعویز یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ر	۱۱	۱	۱۱
ح دودر	۲	۷	۱۲
۹د	دوع	۹	۶
۲۰	ع	۳	عوع

محبت کے لئے

میاں بیوی کے مابین سخت ناچاقی ہو دونوں میں محبت میں سخت کمی ہو تو ذیل کا تعویز لکھ کر دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دونوں کے مابین محبت پیدا ہوگی۔

محبت کے لیے یہ انتہائی مجرب اور مفید تعویز ہے۔

تعویز یہ ہے:۔

بحق ھذا العزیمت العجل العجل الساعۃ الساعۃ

طرفۃ العین لمع البرق ۱۲.....

۱۱ ۴ ۱۱ ۱۱۱۱ ۱۱۸۱۱۸ ۱۱ ط ۲۱۵۱ ۵۱۴ ۱۱۱









برائے بے حد محبت

اگر چاہے کہ کسی کو اپنی محبت میں گرفتار کرے کہ ایک ساعت بھی جدا نہ ہو اگرچہ سات دروازوں میں بند کر دیا جائے مگر وہ ہر صورت نزدیک بتیرے شتابی سے دوڑ کر آئے کوئی لحظ اس کو آرام نہ ہوگا یہ طلسم اوپر سات ٹکڑے کاغذ کے لکھے اور ایک پلیتہ ہر روز چراغ پر جلاوے جس جگہ پر یہ پلیتے

جلائے وہاں دوسرا کوئی شخص نہ ہو اگر مطلوب بہت دور ہوئے تو بھی بے قرار ہو کر آئے مجرب اور مفید ہے۔

پلیتہ روز اوّل:۔

۱۱ ۱۱۱۱ ۱۱۱۱ ط ۱۱۸۷ ۱۱۱۱۱ ۱

پلیتہ روز دوم:۔

۱۱۱ ۱۱۱ ط ۱۱۱ ۱۱۱۱ ۱۱۱۷ ۱۱۱۱ ط ۱۱۸۱۹

پلیتہ روز سوم:۔

ع ۱۱ ط ۱۱۱ ۱۱ ط ط ۱۱ ۱۱ ط ۹۹ ۱۱ ط

پلیتہ روز چہارم:۔

ع ۱ ط ۱۱ ط ۱۱۱ ط ۲۱ ط ۱۷

پلیتہ روز پنجم:۔

۱ ۱۱۱ ۹ ۱۱ طل ۱۱ ط ـ و

پلیتہ روز ششم:۔

۱ ط ۱۱۱ ۱۱۱۲ ۱۱ طل ط ۱۱۱ ط ۱۱ ۱

پلیتہ روز ہفتم:۔

۱۱ ۱۱ ع موالا ۱۱ ۱ ۱ ال ۹ و ۱۱ اور ۵۳

برائے حب

مطلوب کے داہنے پاؤں اور اپنے بائیں پاؤں کی خاک لے کر سات مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر خاک پر دم کر کے آگ میں ڈال دے محبت

پیدا ہوگی۔

اوّل وآخر درود شریف ضرور پڑھے مجرب اور مفید ہے۔

برائے حب

جو کوئی اپنے نام اور اپنی والدہ کا نام مطلوب بعداس کی والدہ کے نام کے اعداد سب کو جمع کر کے کُل اعداد کے مطابق مندرجہ ذیل آیت شروع ماہ میں تین روز تک پڑھے اور روغن چنبیلی پر دم کر کے اپنے سر میں ڈال کر مطلوب کے سامنے جاوے محبت سے پیش آئے گا۔

آیت یہ ہے:۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَفْعَلُوْنَ

برائے حب

صبح کے وقت گیارہ بجے دن تک مطلوب کے مکان کی طرف منہ کر کے تہتہر مرتبہ سورہ تبت یدا پڑھے اور مطلوب کا تصور کر کے اس کے سینہ پر دم کردیا کرے۔

اوّل وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنا ضروری ہے۔

محبوب کی صورت کو حاضر لانے کے لیے عمل

اول وآخر تین بار درود شریف ذیل پڑھے اور درمیان میں گیارہ مرتبہ سورہ اخلاص ایک سانس میں پڑھے پھر اس کی صفت دیکھے۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ

ذَرَّةٍ مَائَةَ اَلْفِ اَلْفِ

محبت کا عمل

جو عورت اپنے شوہر کی نظر میں ہر دلعزیز رہنا چاہے اُس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو زعفران وگلاب ومشک سے باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر لکھے اور خوشبو لگا کر موم جامہ کریں اور اپنے پاس رکھے اور ہر جمعے کے دن پہلی ساعت میں اس کو لکھ کر کسی بھی چیز میں ملا کر شوہر کو پلادیا کرے شوہر اس کا دیوانہ ہوجاہے، آزمالے جس کا جی چاہے۔

نقش یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

٦٠٠٩	٦٠١٣	٦٠١٦	٦٠٠٢
٦٠١٥	٦٠٠٣	٦٠٠٨	٦٠١٤
٦٠٠٤	٦٠١٨	٦٠١١	٦٠٠٧
٦٠١٢	٦٠٠٦	٦٠٠٥	٦٠١٧

عملیات برائے کُب

(1)

یہ عمل اسم باری تعالیٰ (اللہ تعالیٰ) کا تسخیر کے لیے مجرب ہے اگر خواہش ہو کہ کسی کو اپنی محبت میں بے قرار کریں یا کسی حاکم یا افسر سے نفع حاصل کرنا ہو تو چاہیئے کہ عروج ماہ میں جمعرات یا جمعہ کے روز اس عمل کو شروع کریں اس ترتیب سے کہ رات کے وقت دو زانو روبقبلہ ہو کر بیٹھیں اور اپنی آنکھیں بند کریں پہلے گیارہ مرتبہ آیت الکرسی اَلْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ تک پڑھیں بعدہ ایک ہزار دس مرتبہ اسم ذات مع عبارت کے پڑھیں اور اپنے مطلوب کو سامنے دست بستہ کھڑا تصور کریں جب اسم تمام ہوجائے اس کے سینہ پر دم کریں اور اپنے دل میں اشارہ کریں کہ میرا مطیع ہوجا اسی طرح پندرہ روز تک بدستور پڑھیں اگر ممکن ہو تو کسی چیز پر دم کر کے مطلوب کو کھلائیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مطیع اور فرمانبردار ہوجائے گا۔

اگر اس اسم مبارک کو بطور زکوٰۃ چالیس روز تک ہر روز ہزار، ہزار بار پڑھیں تو اس مبارک اسم کے عامل ہوجائیں پس جب وہ تسخیر میں (خواہ اپنے لئے ہو خواہ غیر کے لئے) عمل مذکور کام آتا ہے یعنی جس چیز پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں بڑا اثر پیدا ہو زکوٰۃ میں آیت الکرسی بدستور مذکور ہر روز پڑھنی چاہیئے اور جب چلہ تمام ہو تو شربت پر دم کر کے پیغمبر ﷺ کی

مبارک پر فاتحہ دیں اور تھوڑا تھوڑا وظیفہ جاری رکھیں تا کہ ہمیشہ عمل میں رہے اسم ذات کے ساتھ یہ عبادت پڑھنا ہوگی۔

یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ قَلِّبْ قَلْبَهٗ اِلَیَّ

اور اگر عورت ہو تو کہیں:۔

قَلْبَهَا اِلَیَّ

(2)

جو شخص اپنی حاجتیں اُمرا اور روساء سے پورا کرانا چاہے اور ان کو پوری طرح مسخر کرنا چاہے تو باوضو حالت میں سورہ یسین پینتیس مرتبہ پڑھ کر اُمرا کے پاس جائے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم وہ اس کی عزت کریں گے اور اس کی تمام حاجتیں بھی پوری کریں گے مجرب اور مفید ہے۔

(3)

تسخیر عالم کے لئے ذیل کا عمل بعد نماز فجر ایک سو گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنا بے حد مجرب ہے۔ اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ بھی بے حد ضروری ہے۔

عمل:۔

اَللّٰهُمَّ سَخِّرْلِیْ هٰذَا الْبَلَدَ وَالرِّجَالَ

(4)

بادشاہ، حکام اور روساء و امرا کے تابع کرنے کے لئے:۔

یَارَحْمٰنُ کُلِّ شَیْءٍ

تین دن تک برابر ہر روز پانچ سو بار پڑھے اور چوتھے دن غسل کر کے ایک ہزار مرتبہ پڑھے اور اپنی ہتھیلی پر لکھے اور امیر کے پاس جا کر اس کے سامنے پندرہ بار پڑھے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم محبت سے پیش آئے گا۔

(5)

جس شخص سے اس کا حاکم یا افسرِ بالا خفا ہوگیا ہو یا زوجین میں ناچاقی ہوگئی ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہیں۔

اس مقصد کے لئے اُسے چاہیئے کہ آپس میں ملاقات کے وقت پوشیدہ طور پر ان آیات مبارکہ کا ورد رکھے۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم جلد کامیاب ہوگا۔

آیات مبارکہ:۔

وَلَمَّا سَكَتَ عَنْ مُّوْسَى الْغَضَبُ اَخَذَ الْاَلْوَاحَ وَفِىْ نُسْخَتِهَا هُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلَّذِيْنَ هُمْ لِرَبِّهِمْ يَرْهَبُوْنَ

پھر یہ پڑھے:۔

اَطْفَأْتُ غَضَبَ كَذَا وَكَذَا بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاسْتَجْلَبْتُ مَوَدَّتَهٗ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

(6)

ذیل کی آیت مبارکہ کو چھ سو اٹھتر مرتبہ پڑھ کر چنبیلی کے تیل پر دم کر کے جسے وہ تیل سگھائے گا وہ مسخر ہوجائے گا۔

آیت مبارکہ:۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

(7)

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو تو ہر روز ہزار مرتبہ اس آیت مبارکہ اور اسمائے کو پڑھ کر شیرینی یا پھولوں پر دم کریں اور محبوب کو کھلائیں یا سنگھائیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم مطیع و فرمانبردار ہوجائے گا مجرب و آزمودہ ہے۔

آیت اور اسماء یہ ہیں:۔

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَاتَصِفُوْنَ يَارَفِيْقُ يَاشَفِيْقُ نَجِّنِىْ مِنْ كُلِّ ضِيْقٍ

(8)

اگر کسی کو مسخر کرنا ہو اور اپنی کوئی حاجت اس سے پوری کرنی ہو تو اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھیں اور اس کے بعد تسبیح و تہلیل اور درود شریف پڑھ کر اپنی ضرورت کے لئے دُعا مانگیں اور پھر ان آیات مبارکہ کو بلاتعداد پڑھتے ہوا اس کے پاس جائیں اور وہاں جانے کے بعد بھی بیٹھے

بیٹھے بھی پڑھتے رہیں جب وہ ہم کلام ہو تو اس وقت پڑھنا چھوڑ دے اور بیچ میں وقفہ ملتا رہے لہٰذا اس اثناء میں ان آیات کو پڑھیں انشاء اللہ العزیز الحکیم مسخر ہوگا اور آپ کا کام پورا کرے گا نہایت مجرب اور مفید ہے۔

آیات مبارکہ یہ ہیں:۔

وَلَمَّا دَخَلُوْا مِنْ حَيْثُ اَمَرَهُمْ اَبُوْهُمْ مَاكَانَ يُغْنِىْ عَنْهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ شَىْءٍ اِلَّا حَاجَةً فِىْ نَفْسِ يَعْقُوْبَ قُضٰهَا ط اِذَا جَآءَكَ الْمُنَافِقُوْنَ قَالُوْا نَشْهَدُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّكَ لَرَسُوْلُهٗ ط وَاللّٰهُ يَشْهَدُ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ لَكٰذِبُوْنَ

(9)

یہ نقش مبارک تسخیر خلائق کے لئے اکسیر ہے باوضو لکھ کر اور عطر لگا کر سیدھے بازو پر باندھے۔

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۱۸۹	۲۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۲۰۱
۱۹۴	۱۹۷	۲۰۴	۱۹۱
۲۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

(10)

بعد از نماز عشاء تین مرتبہ تسبیح:۔

يَاوَدُوْدُ يَارَؤُفُ يَارَحِيْمُ

اول و آخر تین، تین مرتبہ درود شریف باوضو حالت میں پڑھ کر اپنے مقصد کے لئے دُعا مانگیں۔

انشاء اللہ العزیز الحکیم کامیابی ہو گی مجرب اور مفید ہے یہ عمل گیارہ یوم آتا ہوگا نوچندی جمعرات کو شروع کریں۔

(11)

جو شخص لوگوں کے دلوں میں اپنی محبت، عظمت و ہیبت ڈالنا چاہے تو اس دُعا کو پڑھے یہ دُعا حضرت سیدنا ابوالحسن شاذلی قدس سرہ رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ سے منقول ہے۔

دُعا:۔

ایک ہزار مرتبہ اور عبارت جو نقش کے نیچے لکھی ہوئی ہے ایک سو ایک مرتبہ مع اول وآخر درود شریف تسخیر ذیل اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے پاس رکھے۔

تو جملہ حکام تسخیر ہوں اور ان سے جو بھی مقصد رکھتا ہوگا بفضلہٖ پورا ہوگا۔

درود شریف:۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَتَوَجَّهُ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیْکَ وَاَسْئَلُکَ بِالصَّلٰوةِ عَلَی النَّبِیِّ الْاُمِّی مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالسَّخَاوَةَ وَمَعْدِنِ الْاَخْلَاقِ وَالْمُرَوَّةِ وَمَعْدِنِ الْاَلْطَافِ وَالْمُوَدَّةِ وَمَعْدَنِ التَّسْخِیْرِ وَالْمُحَبَّتِ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَعَلٰی جَمِیْعِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمَحْبُوْبِیْنِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی اَجْمَعِیْنَ

نقش:۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ



بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یا رحمٰن یا رحیم
دل ما را کن مستقیم بحق ایاک نعبد و ایاک
نستعین یا حی یا قیوم لا الہ الا انت سبحٰنک انی
کنت من الظلمین برحمتک استغیث یا
ارحم الراحمین یا لطیف یا رؤف یا عطوف
ذا القوۃ المتین اعطف علی قلوب العلمین
بجاہ حبیبک سیدنا محمد طہٰ و یٰسین
وصلی اللہ تعالیٰ علیہ و الہ وصحبہ
اجمعین و بارک وسلم

برائے حب

کسی دوسرے کو محبت میں فریفتہ کرنا ہو تو ذیل کی عبارت تحریر کر کے ایک کوزے میں ڈال دیں اور اوپر کسی قدر شکر ڈال کر کوزہ آگ میں دفن کر دیں کہ آگ کی گرمی کوزہ کو پہنچتی رہے۔

۱ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز محبوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

عبارت:۔

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حسبنا اللہ ونعم الوکیل

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین

یاد رہے کہ محبت یا دشمنی پیدا کرنے کے تمام عمل صرف جائز اور حلال کیلئے ہوتے ہیں ناجائز اور حرام کاموں پر کرنے سے الٹا نقصان اور گناہ بھی ہوگا۔

واسطے حاضر کرنے مطلوب کے

اوّل سورہ شریف کی کسی طریقہ سے زکوٰۃ ادا کرے بعدہ، ضرورت کے وقت ایک ایسی جگہ کا انتظام کر کے کہ جہاں بروقت تلاوت کرنیکی آواز نہ آئے تین پتلی لکڑیاں لائے جس میں ایک لکڑی انجیر کی ہو دوسری انار شیریں کی تیسری شہتوت شیریں کی ان تینوں لکڑیوں کو باہم باندھ کر ایک تپائی بنائے اب اک کورا چراغ مٹی کا لا کر اس تپائی پر رکھے اور سرسوں کا تیل اس میں

ڈال کر مطلوب کے پہنے ہوئے کپڑے کی بتی بنا کر اس میں ڈال کر روشن کرے اور چراغ کا منہ مطلوب کے گھر کی طرف کر کے آپ ایک سوزن آہنی اور اکتالیس کالی مرچیں لے کر چراغ کے روبرو بیٹھ جائے اور ایک مرچ سوئی سے چھید کر باتصور مطلوب ایک بار سورہ مزمل شریف پڑھ کر اس مرچ پر دم کر کے سب مرچوں کو جلائے۔

یہی عمل تین روز تک برابر کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم پہلے دن انتہاء تیسرے دن تک مطلوب ضرور حاصل ہوجائے گا۔

محبت الٰہی کے لئے

جو کوء اس امر کا خواہش مند ہو کہ اس کے دل میں اللہ تعالیٰ کی محبت ہر وقت موجود رہے تو اس کے لیے لازم ہے کہ وہ ہر روز بعداز نماز فجر سینتالیس مرتبہ سورہ مزمل شریف اور اول وآخر درود شریف کشف ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھے۔

آخر میں نہایت صمیم قلب سے بارگاہ الٰہی میں دُعا مانگے۔

بفضل باری تعالیٰ اس کے اندر محبت الٰہی موجزن ہوجائے گی۔

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ مَّعْدِنِ الْاَنْوَارِ وَالْاَسْرَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْتَارِ وَکَاشِفِ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَانُوْرُ الْاَنْوَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَامَعْدِنَ الْاَسْرَارِ الصَّلٰوۃُ

وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْتَارِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاکَاشِفَ الْاَسْرَارِ اِکْشِفْ عَیْنِیْ اِکْشِفْ قَلْبِیْ اِکْشِفْ صَدْرِیْ یَاکَاشِفَ الْاَسْرَارِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ خُذْبِیَدِیْ اَعِیْنُوْنِیْ اَغِیْثُوْنِیْ یَاصَادِقُ صِدْقَ قَوْلَکَ مِنْ عُسْرَتُ عَلَیْہِ حَاجَۃ" فَلْیُکَثِّرْ بِالصَّلٰوۃِ عَلَیَّ فَاِنَّھَا تَکْشِفُ الْھُوْمَ وَالْغُمُوْمَ وَالْکُرُبَ وَتُکَثِّرُ الْاَرْزَاقَ وَتَقْضِیَ الْحَوَائِجَ یَاقَاضِیَ الْحَاجَاتِ وَصَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْکَ وَعَلَیْھِمْ اَجْمَعِیْنَ

محبت بڑھانے کا عمل

اگر دو افراد یا زن وشوہر کے درمیان نفرت کی دیواریں کھڑی ہو چکی ہو اور آپس میں سابقہ الفت ومحبت کے امکانات معدوم نظر آتے ہوں تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے مٹی کے برتن میں کوئلے سلگا کر اپنے سامنے رکھیں اور ایک سو ایک عدد کالی سیاہ مرچ بھی اپنے پاس رکھیں۔

باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر ذیل کا عمل الحمد شریف کریں اور ہر مرتبہ پڑھ کر ایک عدد کالی مرچ پر دم کریں اور اسے آگ میں پھینک دیں۔

دوران عمل مطلوب کا تصور اپنے سامنے رکھیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ o اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ o مَالِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ o

اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنَ o اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرَ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ o اٰمِیْنَ بستم بستم سرتاپا ھر عضو فلاں بن فلاں (مطلوب اور اس کی ماں کا نام) تامن نکشایم کس نکشاید بحق یاقریب یاقریب یا قریب العجل العجل العجل الوحا الوحا الوحا الساعة الساعة الساعة

نوٹ:۔

بسم اللہ کی میم کو الحمد کے لام کے ساتھ وصل کر کے پڑھنا ہے۔

حُب رسول اللہ ﷺ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کے دل میں حُب رسول اللہ ﷺ پیدا ہو جائے تو اس کے لیے ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے بعد از نماز فجر اور نماز مغرب ذیل کا ورد پڑھنے کا اپنا معمول بنالے اس کی بدولت چند یوم کے اندر اندر حب رسول اللہ ﷺ پیدا ہو جائے گی اور دن بدن بڑھتی ہی جائے گی اور ایک وقت ایسا آئے گا کہ ہر وقت حب رسول اللہ ﷺ کا مستغرق رہے گا۔

ورد:۔

☆ اول و آخر درود شریف ذیل (سات سات مرتبہ)
☆ سورہ والضحیٰ (سات مرتبہ)
☆ سورہ الکوثر (سات مرتبہ)

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ" اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ" مَّجِیْدٌ"

تسخیر خلائق

جو کوئی لوگوں اور عزیز و اقارب میں عزت و آبرو اور محبت کا خواہاں ہو اور ان کی نفرتوں کو محبتوں میں بدلوانا چاہتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کی آیات مبارکہ ایک سو ایک مرتبہ اور اول و آخر درود پاک ذیل گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اور ذیل کی دُعا مبارکہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ کے حضور نہایت خشوع و خضوع سے دُعا مانگے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکیس یوم کے اندر اندر بفضلہٖ لوگوں کے دلوں سے نفرت دور ہو کر عزت پائے گا اور ان میں مقبول ہو جائے گا۔

درود پاک:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْحَبِیْبِ الْعَالِی الْقَدْرِ الْعَظِیْمِ الْجَاہِ بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِکَ

آیت مبارکہ:۔

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ○

دُعا:۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِي نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ

تسخیر خلائق کا مجرب نسخہ

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کی عزت واحترام وہیبت لوگوں کے قلوب میں پیدا ہوجائے اور لوگ اس کے تابع ہوجائیں اور اس کی بات توجہ سے سنیں تو ایسے فرد کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے سب سے پہلے وہ اپنے گناہوں سے تائب ہو اور بصمیم قلب اللہ تعالیٰ کے حضور استغفار پیش کرے اکل حلال اختیار کرے۔ نماز پنجگانہ کی پابندی کریں اور امور شرعیہ پر عمل پیرا ہو اب ماہ قمری کے عروج میں موافق نظر سعد اور قمر کی نحوست سے پاک ساعت کا انتخاب کرے اب قبلہ رخ باوضو بیٹھ کر ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے بنائے اور اس نقش کو اپنے سامنے رکھ کر ذیل کی آیت مبارکہ اکیس سو مرتبہ اور اول وآخر درود پاک گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگے اکتالیس یوم تک بلا کسی ناغہ کے مسلسل اس عمل کو جاری رکھے اکتالیس یوم کے خاتمے پر ان تمام نقوش کو دریا میں ڈال دے۔

اس سے وہ اس آیت کا عامل بن جائے گا اور اس عمل کے خاتمے پر انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مخلوق خدا میں بے پناہ قبولیت پاجائے گا اور ہر شخص اس کا احترام کرے گا اور اس کی باتوں پر توجہ دے گا۔

اب اس عمل سے مسلسل فائدہ اٹھانے کے لئے روزانہ آیت مبارکہ کو ایک سو ایک مرتبہ اور اول وآخر درود پاک بھی گیارہ گیارہ مرتبہ دھرائے۔

نوٹ:۔

عمل کے لئے جگہ اور وقت کا تعین سارے عرصہ میں یکساں ہو: چاہیئے۔

درود پاک:۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الْحَبِيْبِ الْعَالِي الْقَدْرِ الْعَظِيْمِ الْجَاهِ بِقَدْرِ عَظْمَةِ ذَاتِكَ

آیت مبارکہ:۔

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

نقش:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝

۲۲۱	۲۲۴	۲۲۷	۲۱۳
۲۲۶	۲۱۴	۲۲۰	۲۲۵
۲۱۵	۲۲۹	۲۲۲	۲۱۹
۲۲۳	۲۱۸	۲۱۶	۲۲۸

حب کے لئے سریع التاثیر عمل

یہ عمل اس صورت میں سو فیصدی کامیاب ہوگا جس کا محبوب اس سے ناراض رہتا ہے اور ان کی محبت آپس میں جائز تعلقات کی حیثیت رکھتی ہے اور اگر تعلقات بھی ناجائز ہوئے اور ان کا محبوب صرف ان کے تصور میں بسا ہوا ہے اور حقیقت میں ان کی اس سے کسی قسم کی کوئی گفتگو نہ ہوئی تو یہ عمل ہرگز ان کو فائدہ نہیں دے گا اور نہ ہی ایسا کرنا جائز ہوگا اس لئے اچھی طرح دیکھنے کے بعد اس عمل کو جو افراد بھی کریں گے وہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے صحیح اور درست پائیں گے اس کے علاوہ اس عمل کو وہ میاں بیوی بھی کر سکتے ہیں جن کا آپس میں سلوک اور صحیح اتفاق نہیں ہے اگر بیوی صحیح سلوک نہ کرتی ہو اور گھر کا ماحول خراب رہتا ہو تو اس کا شوہر بازار سے ایسی مٹھائی لائے جس کو اس کی بیوی شوق سے کھاتی ہو اور پھر اس مٹھائی پر سات ۷ چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر اس کو اپنے سرہانے رکھ کر سو جائے اور صبح اٹھتے ہی صرف کلی کر کے اس پر پھر بسم اللہ شریف کو سات ۷ چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اپنی بیوی کو کھلا دیں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کا آپس میں اچھا سلوک اور برتاؤ ہوگا اسی طرح اگر شوہر صحیح سلوک نہ کرتا ہو تو بیوی اس عمل کو اس طرح کرے اور اگر کسی کا محبوب اس سے التفات نہ کرتا ہو تو وہ بھی اوپر مذکورہ طریقے کے مطابق اس عمل کو کرے اس عمل کی بدولت جائز صورت میں ہو کرنی اس مقصد کی خاطر ضرور کامیاب ہوگا۔

دشمن دوست بنے

جو کوئی اس بات کا خواہاں ہو کہ اس کا دشمن دشمنی چھوڑ کر اس کے

ساتھ دوستی کرنے پر آمادہ ہو جائے او اس کو کسی بھی قسم کا نقصان یا ضعف نہ پہنچا سکے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد مفید اور نافع ہے۔

اس مقصد کے لئے شرف منسوبی میں ذیل کے دو نقوش الگ الگ زعفران و گلاب سے کسی سفید کاغذ پر باوضو حالت میں قبلہ رخ بیٹھ کر بنائیں اور ان میں نقش اول کو اپنے گھر کی چوکھٹ کے اوپر والے حصے پر محفوظ جگہ پر موم جامہ کر کے رکھ دیں۔

نقش دوم کو دشمن کے گھر کی چوکھٹ کے اوپر والے حصے میں موم جامہ کر کے رکھ دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دشمن کی دشمنی کافور ہو جائے گی اور وہ دوستی پر آمادہ ہو جائے گا آئندہ کے لئے بفضلہٖ دشمنی سے تائب ہو جائے گا۔

نقش اوّل:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

۴۷۱۹۹	۴۷۲۱۳	۴۷۲۱۰	۴۷۲۰۶
۴۷۲۱۱	۴۷۲۰۵	۴۷۲۰۰	۴۷۲۱۲
۴۷۴۰۲	۴۷۲۰۸	۴۷۲۱۵	۴۷۲۰۱
۴۷۲۱۴	۴۷۴۰۲	۴۷۴۰۳	۴۷۲۰۹

یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ یَافَتَّاحُ

نقش دوم:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ



تسخیر الخلائق کا مجرب عمل

کوئی مرد یا خاتون کسی کو تسخیر کرنے کی نیت رکھتے ہوں اور ان کی یہ نیت جائز ہو مثلاً کسی سے کوئی ایسا کام ہو جو جوان کے لئے فائدہ مند اور کام کو کرنے والا ان کی بات نہ سنے اور نہ ہی ان کے کام کو کرنے کا ارادہ رکھتا ہو اگر یہ اس عمل کو چلے کی شکل میں کریں گے تو ان کا کام سو فیصدی نتائج کے ساتھ برآمد ہوگا اور اگر اس کو ویسے ہی پڑھیں گے تو کام نہ ہونے کا اندیشہ رہے گا اس لئے پرہیز جلالی و جمالی کرتے ہوئے، یعنی گھی، انڈے، دودھ اور ہر اس خوراک کو مت کھائیں جس سے جسم میں غنودگی پیدا ہوتی ہے اور معدہ گندہ ہوتا ہے۔ چائے کی جگہ قہوہ استعمال کریں۔ گندم کی جگہ جو کا آٹا استعمال کریں اور سالن کی جگہ ابلے ہوئے کدو استعمال کریں اس پرہیز کے

ساتھ اس عمل کو کریں اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کا کام ضرور ہوگا اور اس شخص کی تسخیر ضرور ہو گی جو ان کے کام کو کرنے کی قوت رکھتا ہے اب اس فرد کا مکمل تصور باندھ کر روزانہ گیارہ دنوں تک اپنے لباس اور جگہ کو معطر کر کے بعداز نماز عشاء بسم اللہ شریف کو سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھیں اور صبح فجر سے پہلے اٹھ کر غسل کریں اور پھر بعدنماز فجر اس فرد کا مکمل تصور باندھ کر بسم اللہ شریف سات سو چھیاسی (۷۸۶) کی تعداد میں پڑھیں اس عمل کی بدولت اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ شخص خود چل کر آئے گا اور ان کا کام کریے گا اور آئندہ کے لئے بھی ان سے خوش اخلاقی سے پیش آئے گا ہر عمل میں اس بات کو ضرور دھیان رکھیں کہ اس کو مکمل اور اس میں طاقت پیدا کرنے کے لئے اپنے ہر مقصد کا جتنا کامل تصور رکھیں گے آپ کا کام اتنا ہی جلدی ہوگا اور تصور جتنا ناقص ہوگا کام نہیں ہوگا۔

دو خاندانوں میں صلح کروانے کے لئے

اگر دو خاندانوں میں مسلسل لڑائی جھگڑا ہوتا ہو ان کو روکنا اور ان کی اصلاح کرنا بہت ضروری ہو تو اس مقصد کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اُس شخص کو چاہیئے کہ وہ کچھ مقدار قبرستان کی مٹی، کچھ چوراہے سے تھوڑی سی مٹی، ان دونوں کو آپس میں ملا کر اس پر سات سو چھیاسی مرتبہ (۷۸۶) مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھ کر دم کریں اور دونوں گھروں میں کالے یا سفید کپڑے میں اس مٹی کو رکھ کر گانٹھ باندھ کر ایسی جگہ رکھیں جہاں جھاڑو نہ دیا جاتا ہو اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے یہ دونوں خاندان آپس میں لڑائی جھگڑے سے پرہیز کریں گے یا اس نوبت تک پہنچ جائیں گے کہ ان کا لڑائی جھگڑے پر ذہن نہیں جائے گا اور اگر ہو سکے تو اس نقش کو بھی زعفران وگلاب

سے لکھ کر اس کو دونوں خاندانوں میں تمام افراد کو کسی بھی کھانے پلانے والی شے میں میں کھلا پلا دیں۔

یہ نقش ان کو آپس میں محبت اور اتفاق سے رہنے میں مدد دے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

نقش یہ ہے:۔



گھر میں سلوک اور اتفاق کے لئے

اگر کسی کے گھر میں ماں باپ اور بہن بھائی آپس میں لڑتے اور جھگڑتے ہوں تو بسم اللہ شریف کو چینی پر سات سو چھیاسی (۷۸۶) مرتبہ پڑھ کر گھر کے تمام افراد اس چینی کو کھائیں۔

اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان کے گھر میں ایسا سکون پیدا ہوگا کہ دیکھنے والا رشک کرے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

طلسم محبت

اس سے عاشق و معشوق کے درمیان ایسی محبت پیدا ہو کر خود ہی چاہیں تو علیحدگی ہو ورنہ ہر گز جدائی نہ ہو بشرطیکہ وہ ایک دوسرے کو جانتے پہچانتے ہوں اس طلسم کے تیار کرنے کو ایک چھوٹی سی کوٹھڑی تنہائی کی سب چیزوں سے خالی کوئی سامان اس میں نہ ہو کوڑا بھی صاف کر دیا جائے پھر اس کو خوشبو سے بسائیں پس ہر مہینہ چاند کی چودھویں تاریخ کو استقبال چاند اور سورج کا ہوتا ہے دن دیکھے کہ کونسا ہے پس اس دن کی ساعت اور گھڑی نقشہ نے دیکھے اس وقت موم سفید لے کر اس کے دو پتلے انسانی شکل کے بناوے ان دونوں شخصوں کی شکل وصورت کے موافق جس میں کہ محبت پیدا کرنی ہے ایک پتلے کو کوٹھڑی کے ایک کونہ میں اور دوسرے پتلے کو دوسرے کونے میں آمنے سامنے یعنی ایک دوسرے کے مقابل میں رکھیں اور لوبان سلگا دیں پس ہر روز جس قدر چاند سورج سے نزدک ہوتا جائے اسی قدر حساب سے ان دونوں تصویروں کو سرکا کر رکھتا جائے یہاں تک کہ اسی حساب سے ہر روز چاند نزدیک ہوتے ہوئے آفتاب سے مل جائے اسی قدر ہر روز دونوں تصویریں ہوتے ہوئے ایک جگہ میں آجائیں سورج اور چاند ہر مہینے کی اٹھائیسویں تاریخ کو ملتے ہیں جب اس وقت میں چاند اور سورج ایک درجہ یعنی ایک دقیقہ پر آجاویں اسی تاریخ خاص میں ان دونوں تصویروں کو بھی سینہ بسینہ ملا کر کھڑی رکھیں جہاں کہ وہ دونوں تصویریں آکر ملی ہوں اس میں ذرا فرق نہ رہے پھر ان دونوں تصویریں ملی ہوئی کو ایسی جگہ چھپا کر رکھیں کہ کوئی نہ دیکھ سکے تاثیر اس کی یہ ہے کہ چودھویں تاریخ سے اٹھائیسویں تک جس قدر کہ یہ تصویریں قریب تر ہوتی جائیں گی وہ دونوں شخص بھی آپس میں نزدیک تر

ہوتے جائیں گے اور جب تک کہ دونوں تصویریں آپس میں ملی رہیں گی یہ دونوں شخص بھی آپس میں مل جل کر رہیں گے اور کسی حال میں ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں گے بڑا آزمایا ہوا اور مجرب طلسم ہے۔

زیادتی محبت کے لئے

محبت والفت میں زیادتی کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے اُس شخص کو چاہیئے کہ ذیل میں دیا ہوا تعویز باوضو حالت میں لکھ کر پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم طرفین میں پیار ومحبت پیدا ہوگا اور محبت میں زیادتی ہوگی جائز مقصد کے لیے انتہائی تیر بہدف تعویز ہے خاص طور پر میاں بیوی میں محبت بڑھانے کے لیے انتہائی پُر اثر ہے۔

تعویز:۔



سلامتی دولہا اور دلہن

دولہا اور دلہن کی سلامتی کے لئے ذیل کا عمل بے حد مفید اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے نوشہ نکاح کر کے دولہن کو اپنے گھر لانے کے بعد اس کے ذیل کی دُعا اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر دم کرے مدت تک صحیح سلامت رہے اور اولاد بھی زیادہ ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم

دُعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِيْ نَاحِيَه وَبَارِكْ لِيْ فِيْ نَاصِيَةِ

ذیل کی یہ دُعا عورت سے ملاقات کرتے وقت پڑھ کر دم کرنا۔

دُعا:۔

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا النِّكَاحَ جَوَازًا مِّنْ سِفَاحٍ بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنِيْ مِنْ جُنُبٍ حَلَالٍ

کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے کے لئے

اگر کوئی کسی سے بے حد محبت کرتا ہو اور ان کا مقصد صرف شادی کرنے کا ہو اور کسی وجہ سے ان کی شادی میں رکاوٹ پیدا ہوتی ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور نفع بخش ہے۔ اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو زعفران وگلاب ومشک سے لکھیں اور اس کی تیاری سے پہلے کسی میٹھی چیز کا ختم ضرور دلوائیں اور اسے اپنے گلے یا بازو پر باندھیں۔

اللہ تعالیٰ کے حکم سے ان کی جائز محبت کامیاب ہوگی اور ان کی شادی ضرور ہوگی اور ان کے راستے میں تمام مشکلات کا خاتمہ ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم۔

نقش یہ ہے:۔



مطلوب کے مطیع ہونے کے لئے

محبوب کے مطیع ہونے کے لئے ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔

اس مقصد کے لئے زعفران وگلاب ومشک سے ذیل کا نقش لکھے۔

وقت نکلنے آفتاب کے ہاتھ پر اپنے لکھ کر اس کو سلام کرے ضرور اس پر مائل ہوگا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم

نقش یہ ہے:۔

ا ا ا ا ۵ ا ا ا ا ۲۱ ۸۸۱ ا الح ا ا ا و ک ادص



و ۱ ۵ ۱ ۸ ۸ ۱ ۱ / ۵

فلاں بن فلاں الساعة الساعة الساعة الساعة الساعة

بے پناہ فوائد کے لیے

یہ نقش لفظی وعددی بے پناہ فوائد کا حامل ہے صوفیائے کرام کی بیاضوں میں لکھا ہے کہ جس کسی کے پاس یہ نقش پاک ہوگا اس کے پاس چھ سو چھبیس ملائکہ رہیں گے اس پر روزی کے دروزے کھل جائیں گے، ایمان کامل رہے گا شیطان سے محفوظ رہے گا اگر بیماری ہوگا تو بفضلِ باری تعالیٰ شفائے کاملہ نصیب ہوگی اگرم یدان جنت میں ہوگا تو جان کی حفاظت میں رہے گی اور دشمن پر فتح پائے گا اگر ناحق قید میں ہوگا تو قید سے جلد رہائی ہوگی اس کے علاوہ پیار ومحبت کے حصول کے لیے یہ نقش انتہائی کارگر ہے جو کوئی اس نقش کو ہر روز چالیس دن چالیس نقش باوضو حالت میں لکھ کر آٹے اور شکر میں اس کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے گا۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کو خواب میں حضور نبی کریم ﷺ کی زیارت نصیب ہوگی۔

یہ نقش سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے لکھے اللہ تعالیٰ عزوجل کے فضل وکرم سے اسی دن اس نقش پاک کا عامل ہوگا۔

پھر جب اور جس مقصد کے لیے یہ نقش چالیس مرتبہ لکھ کر شکر اورآٹے میں گولیاں بنا کرصرف ایک دن دریا میں ڈالے گا بفضلِ باری تعالیٰ وہ مقصد پورا ہوگا۔

اگر کوئی شخص اس کا دشمن ہوگیا ہوتو تین عدد نقش لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں، انشاء اللہ تعالیٰ العزیزالحکیم وہ مطیع وفرمانبردار ہوجائے گا۔

اگر میاں بیوی کے مابین محبت نہ ہوتو ہر وقت آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے ہوں کسی وقت بھی سلوک اتفاق نہ ہوتا ہوتو اس مقصد کے لئے دو نقش لکھے ایک نقش عورت اپنے گلے میں ڈال لے جبکہ دوسرا نقش پانی یا شربت میں گھول کر اپنے خاوند کو پلائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیزالحکیم دونوں کے مابین اختلاف ختم ہوجائے گا اور پیار ومحبت کی فضا پیدا ہوجائے گی۔

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کے لیے اگر نقش زعفران وگلاب سے لکھیں تو میاں اور بیوی کے والدہ کے ناموں کو بھی تعویز کی پشت پر ضرور تحریر کریں۔

آپس میں محبت پیدا ہوگی، خاوند چھوٹی چھوٹی بات پر ہرگز جھگڑا نہ کرے گا اس کے علاوہ اس نقش پاک کو جس مقصد کے لیے استعمال کیا جائے گا وہ مقصد انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم جلد پورا ہوگا۔

ذیل میں دو نقش لکھے جاتے ہیں ایک عددی اور دوسرا لفظی ان میں سے کوئی ایک استعمال کیا جائے فوائد یکساں طور پر ہیں بے شمار مرتبہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

نقوش:۔

نقش ۱:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

۱۵۴	۱۵۷	۱۶۱	۱۴۷
۱۶۰	۱۴۸	۱۵۳	۱۵۵
۱۴۹	۱۶۲	۱۵۰	۱۵۲
۱۵۶	۱۵۱	۱۵۰	۱۶۲

نقش ۲:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللّٰہُ	اِلَّا	اِلٰہَ	لَآ
مُحَمَّدٌ	اللّٰہُ	اِلَّا	اِلٰہَ
رَسُوۡلُ	مُحَمَّدٌ	اللّٰہُ	اِلَّا
اللّٰہِ	رَسُوۡلُ	مُحَمَّدٌ	اللّٰہُ

گنڈہ برائے الفت وتسخیر

یہ عمل میاں، بیوی، دوست، احباب، والدین اور اولاد کے درمیان محبت اور الفت کے ساتھ ساتھ ایسا اتفاق اور اتحاد پیدا کردیتا ہے کہ جو دیکھتا

ہے رشک کرتا ہے۔

جن دو افراد میں محبت والفت کا رشتہ قائم کرنا ہو ان کے پہنے ہوئے کپڑے کی تقریباً دو بالشت لمبی اور ایک انچ چوڑی پٹی پھاڑ لیں اور دونوں کو ملا کر مثل ڈوری تیار کر لیں اور یہ دُعا اکیس مرتبہ پڑھیں۔

دُعا یہ ہے:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

واعتصمو بحبل اللّٰہ جمعیا ولا تفرقوا اذکرو النعمة اللّٰہ علیکم اذ کنتم اعداء فاتف بین قلوبکم فاصحبتم بنعمته اخوانا یا ایھا الناس انا خلقنکم من ذکرو انثی و جعلنکم شعر باو قبائل لتعارفو ان اکرمکم عنداللّٰہ التقکم ان اللّٰہ علیم خبیر اللھم فلاں بن فلاں بنت فلاں بن فلاں و مثل کلمه کشجرة طبیه اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء توتی اکلھا کل حین باذن بھا ویضرب اللّٰہ الامثال للناس لعلھم یتذکرونo

یہ دُعا تین بار پڑھ کر ایک گرہ لگائیں اور یہ تصور رکھیں کہ طالب اور مطلوب کو آپس میں ایک جان کر رہے ہیں اس طرح سات گرہیں لگائیں۔

نوٹ:۔

فلاں بن فلاں کی جگہ طالب اور مطلوب کا نام معہ مادر پڑھیں۔

بعدہ عمل کے یہ گنڈہ طالب کے گلے میں ڈال دیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم دونوں کے درمیان ایسی محبت پیدا ہوگی کہ دیکھنے والے رشک کریں گے۔

تسخیر محبوب

شوہر کی ناراضگی اور غصہ ختم کرنے کے لئے بدمزاج بیوی کو مطیع کرنے کے لئے وضو کر کے رات کو سونے سے پہلے سو مرتبہ:۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَلْوَاسِعُ جَلَّ جَلَالُہٗ

پڑھ کر مقصود علیہ کا تصور کر کے پھونک مار دیں اور دُعا کر کے سو جائیں۔

نوٹ:۔

عمل کی مدت چالیس روز اور زیادہ سے زیادہ نوے دن ہے۔

خواتین ناغہ کے دن شمار کر کے بعد میں پورے کر لیں۔

مابین محبت کے لئے عورت و مرد کے

اگر عورت مرد میں عداوت ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد فائدہ مند اور مفید ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے تعویز کو پنجشنبہ کے روز لکھ کر مرد اپنے پاس رکھے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم آپس میں محبت عظیم پیدا ہووے۔

تعویز یہ ہے:۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

لاحول	ولاقوۃ	الا باللّٰہ	العلے
العظیم	بتحفہ	ابعب	سر
ھیا	وجو	ھم	ع
س	ق	۱۰	۱۰

حُب کی الائچیاں

سترہ الائچیوں پر اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرو اور مطلوب کو کھلاؤ اور قدرت کا تماشا دیکھو:۔

بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم نستعین اللھم اجعل محبوب فی قلبی یا بدوح یا بدوح

عمل حب میں طلسم کشش

بدھ کے دن ثابت کے مہینے میں بساعت اول ذیل کا نقش مشک وزعفران و گلاب سے دہنی ہتھیلی پر یہ عمل لکھ لے لوبان کی دھونی دے کر مٹھی میں بند کر لے اور محبوب کے سامنے کھول کر اسے دکھا کر پھر مٹھی بند کر کے چلا آئے پیچھے مڑ کر نہ دیکھے اور کرشمہ دیکھے۔

نقش مبارک:۔



حب سہ روزہ

نوچندی جمعرات سے عصر کے وقت چودہ سو مرتبہ آنکھیں بند کر کے یا ودود پڑھو تین دن تک شربت پر دم کر کے خود پی لیں۔

تصور محبوب سے شرط لازمی ہے بعد تین دن کے زردہ پر فاتحہ حضرت خواجہ اجمیری رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ دلا کر خود ہی کھالیں۔

حب کی بتی

ذیل کا نقش چراغ کے رخ سوئے خانہ مطلوب رہے جب تک یاودود کا ورد طالب کرے چراغ میں تیل خوشبو دار ہو۔

نوٹ:۔

نیاز حضرت گنج بخش رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی ضرور دلادے۔

نقش مبارک یہ ہے:۔

سلم	ہو	سلم	بجد
او	سلم	ملاء	سلع
طلعہ	ملح	سلم	اسلم
۱۹۱	۶	۱۵	۷۹

ط ۹ ۱ ۵ ۹ ۷ د ۴ ۲ ۱۹ ۸ ۱ ۹

ط ا ل ع ۱ ۱ ۹ ۷ ۵ ×

ثمر حب

ذیل کا نقش بروز یک شنبہ چڑے یا بکرے کے خون سے لکھ کر ریشم سے کسی درخت میں لٹکائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم فائدہ ہوگا۔

نوٹ:۔

نیاز حضرت غوث پاک رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی عمدہ بریانی پکوا کر دلائے۔

نقش مبارک یہ ہے:۔



موئے محبت

مطلوب کے سر کے بالوں پر تین مرتبہ قلیا پڑھ کر سرہانے رکھ کر سو جائے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم مطلوب بے قرار ہوکر آئے گا۔

حب فلفلی

گیارہ سیاہ مرچ پر تین مرتبہ:۔

دانه لحب الخير الشديد

پڑھتے جاؤ اور مرچ آگ میں جو سامنے روشن ہے ڈالتے جاؤ تصور مطلوب لازمی ہے یہ عمل تین روز تک پڑھو مطلوب کے دل میں ایسی مرچیں لگیں گی کہ اسے بغیر تمہارے پاس آئے سکون حاصل نہیں ہوگا۔

فلیتہ محبت

پاز چہ کہنہ مطلوب کا فلیتہ بناؤ طلوع کے وقت اور اس میں یہ لکھ دو:۔

١١١٥١١١ء٨١٥ باسم نام مطلوب معه مادر

١١٢١١١١ف ١١ عازم ح ٨ ص

یہ فلیتہ جلاؤ منہ بتی کا سوئے خانہ مطلوبء منہ رکھو اور قدرت کی تجلیات دیکھو کہ کتنی جلد قسمت جگمگاتی ہے کامیابی پہ نیاز حضرت خواجہ نظام الدین اولیا ؒ کی دلا کر مٹھائی بانٹو۔

نقش حُب یقینی

پہلے ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سوا لاکھ مرتبہ لکھا جاتا ہے اور دریا میں ڈالا جاتا ہے پھر لکھا جاتا ہے مطلوب بے چین و بے قرار ہوجاتا ہے لیکن دوران نقش نویسی میں مطلوب کو ہرگز نہ دیکھے۔

نقش یہ ہے:۔

حسم	ق	س	ع ق ک
ع	حم	ق	حم
س	ع	حم	حم
٢٦٠	٩٢	٧٠٧	ھھھ

فلاں ابن فلاں در حب فلاں بیقرار شود

حب کی تکسیری

نام طالب ومطلوب کے درمیان محبت لکھ کر زمام نکالو اور سیسے پر لکھ کر کسی درخت کے نیچے گیلی جگہ دفن کر دو یا روز پانی ڈالتے رہو۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

حب کا عمل سفلی

اس کا تجربہ خود نہیں کیا البتہ ذریعہ یافت جو ہے وہ مستند ہے ہر دوار کے ایک بزرگ کے ذریعہ سے (جو خود اس کے عامل تھے) ملا ہے جو لوگ اس قسم کے عملوں کے شائق ہیں وہ تجربہ کریں اور مجھے بھی اطلاع دیں کہ تجربہ پر یہ عمل ٹھیک اترا یا نہیں تاکہ آئندہ اشاعت میں ان کا تجربہ درج کیا جائے۔

ایک ڈبہ میں بارش کے پانی میں گندھی ہوئی راکھ بھر کر نصف ڈبہ زمین میں گاڑ دو پھر مرغی کے انڈے پر ایک طرف بنام طالب لکھو اور بالعصاص عصعاص لکھو دوسری طرف نام مطلوب اور سبب سباب لکھو اور اس طرح دو کاغذ کے پرزوں پر لکھو جنگلی خشک اپلوں کی آگ جلاؤ اور ڈبہ کے سامنے بیٹھ کر پڑھو:۔

ترياق قسمت عليک بش شا ان ياشنشارن قسمت عليک بالعصاص عنصعاص قسمت عليک بسبب سباب احضر فی الخطوٗر الكلوس المريد يا خطاب لم حل بصر العجل اخطف (یہاں نام مطلوب معہ والدہ کے لیے) احبت اليک الخايته ان تكون ظهيرا اذهب الى (یہاں مطلوب کا نام معہ والدہ کے لے) ويفعل مضطرباً ومسحوراً فی محبتی

(انڈے پر دم کرو) اور ڈبے پر انڈہ رکھ دو پھر دوسرا پرزہ لے کر

رکھو وہاں سے ہٹ جاؤ غسل کرو اور سو مرتبہ الگ بیٹھ کر آیت مبارکہ:۔

لقد جاء كُم رسول من انفسكم عزيز عليه ماعنتم حريص" عليكم بالمومنين رؤف الرحيم ط

ایک سو مرتبہ پڑھو اور ہر دفعہ ڈبہ کی طرف اشارہ کرتے جاؤ بعد ختم دیکھو اگر انڈے کی زردی غائب ہے تو عمل کامیاب ہوا اور جلد سے جلد تمہارا مطلوب بے قرار ہو کر تمہارے پاس آجائے گا ورنہ سمجھ لو کہ مقدر میں تمہارے مطلوب کا حاصل ہونا ہی نہیں ہے۔

حب جفری

طالب و مطلوب کے ناموں کے اعداد میں تین سو تیرہ جمع کرو اور تین مثلث لکھو ایک خود باندھو، ایک جلا کر راکھ مطلوب پر یا اس کے راستے میں ڈال دو یا اس پر چھڑک دو ایک اندھیرے میں دفن کر دو یہ نقش بارہا کا آزمود ہے کبھی خطا نہیں کرتا مگر سوا روپے کی نیاز حضرت خواجہ جنید بغدادی رحمتہ اللہ تعالیٰ علیہ کی ضرور دلائی جاتی ہے۔

انوار حب

طالب و مطلوب کے نام کے حروف اور تمام ہم حرف خدا کے ناموں کی بتیاں بنا کر مثلاً کسی کا نام احمد ہے اور مطلوب کا بیگم ہے تو بتیاں اس ترکیب سے بنیں گی:۔

اے باری بدوح بیگم کے بدن کو احمد کی محبت میں غرق کر دے بحق یا جبرائیل۔

اے یزدان بیگم کو یاد احمد میں غرق کر بحق یا جبرائیل۔

اے کریم بیگم کی گل کو احمد کی محبت میں سرشار کر بحق یا جرائیل۔
اے مالک اے محی معین، مصور، ملک بیگم کے من کو احمد کی محبت دے بحق یا جرائیل۔

گویا نام کے حرفوں کے موافق جتنے خدا کے نام ہوں سب لکھے اور اسی حرف سے شروع ہونے والے اعضا کا نام لکھے پھر علیحدہ علیحدہ ہر حروف کی بتیاں بنائے اور خوشبو دار تیل میں روز ایک بتی جلائے اور سامنے بیٹھ کر تصور مطلوب کے ساتھ درود شریف پڑھتا رہے بتیاں جلنی ختم نہیں ہوں کہ مقصد دلی حاصل ہوگا مطلوب بے قرار ہو کر دوڑا آئے گا۔

محبت کی روٹی

لاء بدولاء حمر حاهمه

اتوار کے دن گھی چپڑی روٹی کے ٹکڑے پر یہ طلسم لکھو گھی سے اگر مطلوب مرد ہو تو بیل کو رونہ گائے کو کھلادو یہ ایک ایسا چٹکلہ ہے کہ تعریف نہیں ہوسکتی جب آپ تجربہ کریں گے تو خود مداح ہو جائیں گے۔

محبت کے پھول

یہ عمل نہایت زود اثر اور کارگر ہے اکثر تجربہ میں صادق اترا ہے آپ بھی فائدہ اٹھائیں ستر خوشبو دار پھولوں پر سات سات مرتبہ:۔

یاعزمت علیکم یا جبرئیل بحق اذازلزلة قلب (یہاں نام مطلوب معہ والدہ کے لے) بحق یاودود یا عین یا عین یا عین

پھر سورہ مبارک ختم کرے اسی طرح تین دن تک متواتر کرے اور

ڈبہ کو بند کر دے یہ کہہ کر کہ جب تک تم میری محبت میں سرشار ہو کر مجھ تک نہ آجاؤ گے اسی طرح ڈبے میں بند رہو گے اور پھر ڈبہ نہ کھولے دیکھئے پھر کتنی جلدی تقدیر کھلتی ہے کہ حیرت ہوگی۔

دنیا کہتی ہے کہ عملیات میں اثر نہیں رہا ہم کہتے ہیں کہ اکل حلال ہی نہیں رہی کرنے والے ہی نہیں رہے، مذہب کا احترام ہی نہیں رہا حرام و حلال کی تمیز ہی نہیں رہی۔ زبانوں میں اثر آئے کیوں۔

نقش دوسرے کو اپنی محبت میں مبتلا کرنے کا

اگر کسی کو جائز امور کے لیے مسخر کرنا مثلاً اپنے خاندان میں کوئی لڑکی ہے جس سے زید شادی کرنا چاہتا ہے اور وہ لڑکی یا لڑکی کے ورثا راضی نہیں ہوتے تو چاہیئے کہ اس لڑکی اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکالے اور اس آیت کریمہ کے اعداد مع بسم اللہ شریف ۱۹۹۶:۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ" مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ" عَلَيْهِ مَاعَنِتُّمْ حَرِيْصٌ" عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَؤُفٌ" الرَّحِيْمٌ"

کے اعداد میں جمع کر کے اعداد اس آیت کریمہ کے ۱۹۹۶ ہیں اور اس لڑکی اور لڑکی کی ماں کے نام کے اعداد اس میں شامل کر کے نقش مربع ایسے وقت میں مرتب کریں کہ قمر برج ثور یا برج سرطان میں ہو اور زہرہ یا مشتری پانچویں یا نویں نظر سے قمر کو دیکھتا ہو اور موم جامہ کر کے پھر شب یکشنبہ میں آدھی رات گزر جانے کے بعد وضو کر کے دو رکعت نماز نفل پڑھے اور سورہ فاتحہ کے بعد دونوں رکعتوں میں بیس بیس مرتبہ:۔

لَقَدْ جَآءَ كُمْ رَسُوْلٌ" مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ" عَلَيْهِ

مَاعَنِتُّمْ حَرِیْص" عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُف"
الرَّحِیْم"o فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ
عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِo

تک پڑھے بعداز سلام سو مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے سر کو سجدہ میں رکھے اور بیس مرتبہ ذیل کے طریقہ کے مطابق دُعا مانگے:۔

دُعا:۔

یارحیم فلاں رابر من مهرباں گرداں بعد فراغت

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کا دل مہربان ہو اس عمل کی تعریف تحریر میں نہیں آسکتی۔ مجرب، مجرب، مجرب۔

تسخیر کا بے نظیر مجرب نقش

یہ نقش سات عدد زیقعدہ کے مہینے کے شروع چاند میں پہلے یکشنبہ یعنی اتوار کے روز صبح بعد طلوع آفتاب لکھے جائیں اور ہر روز ایک نقش روئی میں لپیٹ کر بتی بنا کر مٹی کے چراغ میں تل کا تیل اور قدرے چمبیلی کا تیل ڈال کر روشن کریں اور بتی کا رخ محبوب کے گھر کی طرف رکھیں ہر روز نیا نقش بتی بنا کر روشن کرتے رہیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم المولیٰ الکریم سات روز نہ گزرنے پائیں گے کہ مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

نوٹ:۔

فلاں بن فلاں کی جگہ محبوب کا نام معہ نام والدہ لکھا جائے۔

نقش:۔



محبت کی تسبیح

یہ آیت کریمہ ایک کاغذ پر لکھے:۔

الحب فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بنت فلاں

لَقَدْ جَآءَ کُمْ رَسُوْل" مِّنْ اَنْفُسِکُمْ عَزِیْز" عَلَیْہِ
مَاعَنِتُّمْ حَرِیْص" عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَؤُف"
الرَّحِیْم"o فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ

عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ○

اتنا موم لیں کہ سو دانے بن سکیں موم کو قدرے گرم کریں اور اس میں ذرا سی شکر ڈالیں جب دونوں ایک ہوجائیں تو وہ کاغذ جس پر آیت لکھی ہے اور موم ملا کر کوٹ لیں تاکہ سب ایک ہوجائے اور اس کے سو دانے بنالیں پھر ہر دانے میں سوراخ کر کے تسبیح بنالیں اور اس تسبیح پر سو بار یہی آیت کریمہ پڑھیں اگر طالب خود پڑھے تو صرف آیت کریمہ پڑھے اور کوئی دوسرا شخص پڑھے تو جس کے لیے پڑھے پہلے الحب فلاں بن فلاں کی جگہ طالب اور اس کی ماں کا نام لے اور علیٰ قلب فلاں بنت فلاں کی جگہ مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اگر طالب ومطلوب دونوں مرد ہوں تو علیٰ قلب فلاں بن فلاں کہیں پڑھنے کے بعد کسی طشت یا پلیٹ میں ڈورا توڑ کر بکھیر دیں پھر مطلوب کا جائزہ لیں کہ کیا حال ہے اگر مطلوب بے قرار ہے تو انتظار کرے ورنہ دوسرے دن اسی وقت پر کہ پہلے دن جس وقت پڑھا تھا پھر دانوں کو پرو کر سو بار پڑھے پھر تیسرے دن اس کے بعد اپنے گھر کے کونے میں دفن کر دیں یا کسی قبر میں ڈال دے اگر کوئی شہر سے دور ہو تو تین دن پڑھے۔

یہ عمل خاص رشتہ داروں یعنی زن وشوہر کی کشیدگی کے لیے یا نافرمان بیٹوں کے لیے کریں غرض جائز امور میں کریں ناجائز کاموں یا جس سے معصیت میں مبتلا ہونے کا امکان ہو ہرگز نہ کریں۔

مواصلت محبوب کے لئے

جو کوئی سچی محبت اور باوفا مواصلت محبوب کا خواہاں ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل بے حد کارگر ہے باور رہے ناجائز کرنے کی صورت میں بجائے فائدہ کے الٹا نقصان حاصل ہوگا اس لئے نیک نیتی اور سچی محبت کے لئے اس

عمل کو کیا جائے۔

روزانہ نصف رات کو اٹھ کر تازہ غسل اور وضو کے ساتھ کامل یقین کے ساتھ دو رکعت نماز حاجت بہ نیت حصول سچی محبت اس طریق سے ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورہ اخلاص سترہ مرتبہ پڑھے پھر سلام پھیرنے کے بعد سجدہ میں جا کر:۔

اَطُبُّ یَاوَدُوْدُ یَا صَادِقُ

ایک سو ایک مرتبہ پڑھے پھر سجدے سے سر اٹھا کر درود شریف تاج ذیل اکتالیس مرتبہ صدق دل سے پڑھ کر پھر سجدہ میں جا کر ایک سو ایک مرتبہ کلمات بالا پڑھے اور بعدازاں دُعا اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور خشوع وخضوع سے کرے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم گیارہ سے اکیس روز کے عمل مسلسل سے مقصود بفضلہٖ باری تعالیٰ حاصل ہوجائے گا بعداز حصول مقصود حسب توفیق شیرینی منگوا کر ان پر نیاز برائے ایصال سرکار خواجہ معین الہند دے کر بچوں میں تقسیم کردیں۔

درود شریف تاج:۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ○ دَافِعِ الْبَلَاءِ وَالْوَبَاءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمْ ○ اِسْمُہٗ مَکْتُوْب" مَّرْفُوْع" مَّشْفُوْع" مَّنْقُوْش" فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ○ سَیِّدِ الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ○ جِسْمُہٗ مُقَدَّس" مُّعَطَّر" مُّطَھَّر"

مُنَوَّر" فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ○ شَمْسِ الضُّحٰی
بَدْرِ الدُّجٰی صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی کَهْفِ
الْوَرٰی مِصْبَاحِ الظُّلَمِ ○ جَمِیْلِ الشِّیَمِ ○ شَفِیْعِ
الْاُمَمِ ○ صَاحِبِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ ○ وَاللّٰهُ
عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ مَرْکَبُهٗ
وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ وَقَابَ
قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ
وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ ○ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ
النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةٍ
لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ
شَمْسِ الْعَارِفِیْنَ سِرَاجِ السَّالِکِیْنَ مِصْبَاحِ
الْمُقَرَّبِیْنَ مُحِبِّ الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ
وَالْمَسَاکِیْنَ ○ سَیِّدِ الثَّقَلَیْنِ نَبِیِّ الْحَرَمَیْنِ اِمَامِ
الْقِبْلَتَیْنِ وَسِیْلَتِنَا فِی الدَّارَیْنِ صَاحِبِ قَابَ
قَوْسَیْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبِّ
الْمَغْرِبَیْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَیْنِ مَوْلَانَا
وَمَوْلَی الثَّقَلَیْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ
اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ اللّٰهِ ○ یٰٓاَیُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ

جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْ
تَسْلِیْمًا کَثِیْرًا کَثِیْرًا ○ ط

دائمی محبت کے لئے

زوجین کے درمیان دائمی محبت کے لئے ذیل کا عمل بے حد اکسیر، مجرب اور فائدہ مند ہے۔

اس مقصد کے لئے روزانہ بعداز نماز فجر اسم الٰہی:۔

یَارَحْمٰنُ

ایک سو پانچ مرتبہ اور آیت مبارکہ:۔

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَیَجْعَلُ لَهُمُ
الرَّحْمٰنُ وُدًّا

ایک سو اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کریں بعدازاں اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا بھی مانگیں یہ پانی دونوں میاں بیوی صبح کو نہار منہ پی لیا کریں۔

رات کو بعداز نماز عشاء اسی طرح اسم الٰہی:۔

یَارَحْمٰنُ

ایک سو ایک مرتبہ اور اسی آیت بالا کو ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے رات کو سونے سے قبل پی لیا کریں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اکتالیس یوم کے اندر اندر دائمی محبت، پیار و اتفاق ہو جائے گا اور کبھی بھی آپس میں نااتفاقی اور جھگڑا نہ ہوگا۔

حُب کا ایک پراسرار عمل

یہ عمل بہت ہی برکت والا ہے اور عجیب تاثیر رکھتا ہے بالخصوص ان لوگوں کے لئے جو تفریق کے بعد باہمی ملاپ چاہیں اور دائمی محبت و رفاقت چاہتے ہوں ان کے لئے یہ ایک لطیف بھید ہے۔

اس مقصد کے لئے باوضو حالت میں ذیل کی آیت کا ورد شروع کر دیں۔

اَللّٰھُمَّ یَاجَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّارَیْبَ فِیْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَایُخْلِفُ الْمِیْعَادَ اِجْمَعْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ کَذَا (یہاں مطلوب کا تصور رکھیے)

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس کو محبوب سے ملا دے گا۔

سچی محبت کے لئے

سچی اور باوفا محبت کے لئے ذیل کے نقش کو زعفران وگلاب سے باوضو حالت میں ساعت زہرہ میں سفید کاغذ پر بنائیں اس پر اسی کے اندر تحریر کردہ آیات وکلمات کا گیارہ سو گیارہ مرتبہ ورد کر کے اسے دم کریں اور اپنے پاس حفاظت سے رکھیں۔

روزانہ اس نقش کی عبادت کو اکتالیس مرتبہ بعداز نماز عصر پڑھیں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں اکتالیسویں دن اس نقش کو سبز رنگ کے کپڑے میں بند کر کے کسی درخت کی اونچی شاخ سے اس طرح لٹکائیں کہ یہ نقش ہوا سے ہلتا رہے۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت سچی اور باوفا محبت میں

دم بدم اضافہ ہوتا چلا جائے گا اور انجام کار اللہ تعالیٰ عزوجل کی جانب سے ہمیشہ کے لئے ملاپ ہوجائے گا۔

نقش:۔



پاکیزہ محبت کے لئے

اگر کسی کو کسی سے سچا عشق ہوجائے اور وہ چاہتا ہو کہ معشوق سے اس کا سچا ملاپ ہوجائے تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد نافع اور کارگر ہے۔

اس مقصد کے لئے ذیل کے نقش کو زعفران وگلاب سے سعد ساعت زہرہ میں سفید کاغذ پر بنا کر اس نقش میں دی گئی آیات وکلمات کا تین سو تیرہ مرتبہ ورد کر کے اس پر دم کر کے اپنے پاس رکھیں۔

روزانہ بعداز نماز فجر اور نماز عشاء اس نقش کی عبارت گیارہ گیارہ

مرتبہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

ساتویں روز کے بعد اس نقش کو پانی میں باہمی مشروب میں حل کر کے پانی یا مشروب مطلوب کو پلادیں اگر ایسا ممکن نہ ہو تو پھر کسی میٹھی شے کو اس کے پانی میں پکا کر مطلوب کو کھلادیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت مطلوب بے قرار ہوجائے گا اور بفضلہٖ باری تعالیٰ مقصود حقیقی حاصل ہوجائے گا۔

نقش:۔



نقشِ محبت

یہ نقشِ محبت جس میں پہلا نقش اسم اللہ اور اسم محمد ﷺ کی تکسیر

کے طریقے پر بنایا گیا ہے اور دوسرا نقش ایک دُعا کا ہے جو ہر خانہ میں چار عدد بڑھا کر پُر کیا جاتا ہے اور تیرھویں خانہ میں کسر ہے جس میں ایک اور بڑھا کر پُر کیا جائے گا گویا صرف تیرھویں خانہ میں پانچ عدد بڑھائے جائیں گے ان دونوں نقوش کو بھی اس طرح کام میں لائے کہ پہلا نقش لکھ کر داہنے بازو پر باندھے اور دوسرا نقش لکھ کر بائیں بازو پر باندھے شام کو پہلے داہنے بازو کا نقش کھول کر بائیں پر ہاتھ سے باندھ لے پھر بائیں کا کھول کر داہنے بازو پر باندھے اسی طرح صبح وشام ادل بدل کرتا رہے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہو۔

اس کی دوسری ترکیب یہ ہے کہ پہلے کو مٹی کے چراغ میں رکھے اور دوسرے کا فیتہ بنا کر جلالے مگر جب فلیتہ لکھنا ہو تو بسم اللہ شریف نہ لکھے بلکہ ہر چاروں خانوں کے اوپر ۷۸۶ لکھے اگر مطلوب کا پہنا ہوا کپڑا مل جائے تو اس پر فلیتہ لکھے اور اسی کو جلائے ورنہ کاغذ پر لکھے اور پاک روئی لپیٹ کر یہ بنالے۔

جب چراغ روشن کرے تو یہ عزیمت اتنی بار پڑھے جتنے حروف مطلوب اور اس کی ماں کے نام کے ہوں اور اتنی ہی سیاہ مرچوں پر دم کر کے آگ میں جلائے۔

عزیمت یہ ہے:۔

وَعَزَّمْتُ عَلَيْكُمْ اَقْسَمْتُ عَلَيْكُمْ يَااِسْرَافِيْلُ يَاطَاطَائِيْلُ يَادُوْرِيَائِيْلُ يَارُوْيَائِيْلُ يَاتَنْكَفِيْلُ الْاُلْفَةِ فُلاں بن فُلاں عَلٰی فُلاں بن فُلاں بِحَقِّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ

اور اگر مطلوب خود پڑھے تو یا تنکفیل کے بعد یوں پڑھے:۔

اُلْغَتِیُ عَلٰی قلب فلاں بن فلاں

یعنی اُلفَتِیُ کے بعد مطلوب اور اس کی ماں کا نام لے اور کالی مرچ پر دم کر کے آگ میں جلائے۔

نقش اوّل:۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

ا	ل	ل	ہ	م	ح	م	د
د	ا	م	ل	ح	ل	م	ح
ہ	د	م	ا	ل	م	خ	ل
ل	ہ	ح	د	م	م	ل	ا
ا	ل	ل	ہ	م	ح	م	د

عزمت علیکم و اقسمت علیکم یا اسرافیل یا طاطائیل یادوریائیل یا رویائیل یاتنه کفیل الفة فلاں بن فلاں علیٰ قلب فلاں بن فلان بحق ایں نقش معظم مکرم

نقش دوم:۔

بِسْمِ اللہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

۶۹۳	۷۴۶	۷۳۳	۷۲۱
۷۳۷	۷۱۷	۶۹۷	۷۴۲
۳۱۷	۷۲۵	۷۰۷	۷۰۱
۷۵۰	۷۰۵	۷۰۹	۷۲۹

الحب فلاں ۲۸۹۳ بن فلاں ۲۸۹۳ علی قلب فلاں

۲۸۹۳ بن فلاں ۲۸۹۳

باہمی نفرت کو محبت میں بدلنا

اگر میاں بیوی کے درمیان ہر وقت کل کل رہتی ہو اور وہ ایک دوسرے کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتے ہوں آپس میں صلح وصفائی اور پیار ومحبت کسی بھی صورت نہ پیدا ہوتا ہو تو ایسے میں ذیل کا عمل بے حد آزمودہ اور مجرب ہے۔

اس مقصد کے لئے بروز جمعہ ساعت زہرہ میں ذیل کا نقش زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر بنائیں اور اس پر ایک سو ایک مرتبہ انہی آیات مبارکہ اور درود پاک اول و آخر اکتالیس اکتالیس مرتبہ ورد کر کے دم کریں اور قرآن پاک کے اندر رکھ دیں۔

روزانہ قرآن پاک کو کھولیں اور سورہ یوسف ایک مرتبہ پڑھیں

بعدازاں انہی آیات مبارکہ کا ورد اکتیس مرتبہ کر کے اس نقش پر دم کریں اور اللہ تعالیٰ عزوجل کے حضور دُعا مانگیں۔

اکتالیس یوم تک اس عمل کو جاری رکھیں اور بعدازاں اس نقش کو کسی مشروب میں حل کر کے ان کو تین یوم تک یہ مشروب پلائیں۔

انشاء اللہ تعالیٰ العزیز الحکیم اس عمل کی بدولت ان کے درمیان نفرت دائمی محبت میں بدل جائے گی اور وہ پھر سے اتفاق وسلوک کے ساتھ رہنے لگیں گے بے حد اکسیر اور مجرب ہے۔

نقش:۔


وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ وَلِتُصْنَعَ عَلٰى عَيْنِيْ اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ
يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
يَا وَدُوْدُ
اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ فِي السَّرَّآءِ وَ الضَّرَّآءِ وَالْكَاظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ

المحب فلان ابن فلان محبتہ ما بین فلاں بنت فلاں

عظیم اینڈ سنز کی روحانی کتابیں







AZEEM & SONS PUBLISHERS
Al-Meraj Center 22-Urdu Bazar Lahore. Tel: 042-7231806